Astronomical „ — فلکی - هیئتی

or True „ — حقیقی

or Apparent „ — مرئی - ظاهری

Zero Points (of a Meridian Circle) نقاط صفر (دائرہ نصف النہار) —

Zodiac منطقة البروج - نطاق البروج - منطقة حرکت ثانیہ - ع - راس منڈل - راس چکر - ہ — (آسمان میں)

Signs of Zodiac برج - ج - بروج - ع - راس - ہ - وہ مقام جس سے ہر مہینے آفتاب کا مقابلہ ہوتا ہے —

Spring Signs	Aries (Ram)	حمل - کبش - برہ - میکھہ	بروج ربیعیہ (ربیعی)
	Taurus (Bull)	ثور - گاو - برکھہ	
	Gemini (Twins)	جوزا - توامین - دوپیکر - متھن	
Summer Signs	Cancer (Crab)	سرطان - خرچنگ - کرک	بروج صیفیہ صیفی
	Leo (Lion)	اسد - لیث - شیر - سنگھہ	
	Virgo (Virgin)	سنبلہ - عذرا - خوشہ - کنیاں	
Autumn Signs	Libra (Scales)	میزان - ترازو - تلا	بروج خریفیہ خریفی
	Scorpio (Scorpion)	عقرب (بچھو) کژدم برچھک —	
	Sagitharins (Archer)	رامی - قوس - کمان دھن —	
Winter Signs	Capricornus (Goat)	جدی - تیس - بزغالہ - مکر	بروج شتویہ شتوی
	Aquarins (Water pot)	دلو - آبی - کنبھہ	
	Pisces (Fishes)	حوت - حوتین - سمکہ - ماهی مین —	

Zodiacal منطقة البروج کے متعلق - برجی - بروجی —

Zodiacal light (Zo-di-akal) نور برجی - ضوء منطقة البروج ضوء برجی - ضوء منطقی —

Zone منطقہ - ج - مناطق - منطقات - ع - کمربند - ف - پٹکا - گھیرا - ہ —

North Frigid Zone منطقہ باردہ شمالی - منطقہ مبردہ شمالی - منطقہ منجمدہ شمالی —

(10) Synodic — سال قمری - سنه قمریه —
(11) Tropical (same as No. 14) سال ارضی قرانی - سال شمسی تقویمی - سال اعتدالی —
(12) Light-year — سال نور - سنة النور - روشنی کا برس —
(13) Eclipse year — سال کسوفی —
(14) Equinoctial (see 11) سال اعتدالی - سال ارضی قرانی - سال شمسی تقویمی —
(15) Astral (see Sedereal No. 7) سال نجمی - سنه نجمیه - سال ثوابت - سال اعظم —
(16) Legal year — سال قانونی —
(17) Astronomical — سال فلکی - هیئتی —
(18) Common — سال معمولی - اعتیادی —
(19) Gregorian — سال گرگری (یا گری گروی) —
(20) Julian — سال قیصری - رومی یا جولیوسی —
(21) Lunar — سال قمری —
(a) Lunar Astronomical — سال فلکی قمری —
(b) Common Lunar — سال قمری معمولی —
(22) Natural — سال طبیعی —
(23) Platonic — سال افلاطونی —
Perfect or great — سال تمام یا اعظم —
(24) Planetary — سال سیاری —
(25) Mahammadan — سال هجری —

———:o:———

Z.

Zaurac or Eridani — زورق - نهر الزورق - صورت نهر کا ایک ستارہ
Zavijava or Virginis — زاویة العوا کا مغرب - صورت عذرا کا دوسرا روشن ستارہ —
Zenith — سمت الراس - السمت - آسمان میں وہ نقطه جو ٹهیک همارے سرپر هو مقابل نظیر السمت - سمت القدم —
Zenith Distance — بعد سمتی —
Zenith Sector — قطاع سمتی - ستاروں کا بعد سمتی دریافت

Weather — موسم ـ ج ـ مواسم —
Wedge Photometer — فانہ دار مقیاس النور —
Wednesday — یوم الاربعہ ـ ع ـ چہار شنبہ ـ ف ـ بدھ —
Wezen or Canis Majoris — وزن کا مضرب ـ صورت کلب اکبر کا چوتھا ستارہ —
Willow Leaves, Rice Grains or Granules — برگ ہائے بید ـ دانہ ہائے برنج ـ حبہ ـ حبوب —
Winter — شتا ـ ع ـ زمستان ـ سرما ـ ف ـ قشلاق ـ ت ـ جاڑا ـ ہ ـ
  Solstice — انقلاب شتوی ـ منقلب شتوی ـ عدول شتوی —

X.

Xiphias (Dorado) — سمکۃ سیافہ ـ سمکہ ذات السیف ـ حوت ذات السیف ـ زیفیاس ـ کوسج ایک جدید جنوبی صورت جو تلوار لئے ہوئے مچھلی سے مشابہ ہے —

———:o:———

Y.

Year — سنہ ـ ج ـ سنین ـ ع ـ سال ـ ف ـ برس ـ ہ —
(1) Anomalistic — سال شمسی اوجی —
(2) Bissestile — سال کبیسہ ـ عبور —
(3) Civil — سال مدنی ـ فلکی —
(4) Leap (see 2) — سال کبیسہ ـ عبور —
(5) Lunar (see 10) — سال قمری —
(6) Fictition — سال جعلی ـ وضعی ـ مصنوعی —
(7) Sidereal — سال نجمی ـ سنہ نجمیہ ـ سال ثوابت ـ سال اعظم —
(8) Simple — سال بسیط یا سادہ —
(9) Solar or Astronomical — سال شمسی یا فلکی —

که انہوں نے سیارۂ مذکورہ کو آفتاب پر سے (عبور کرتے) گزرتے ہوئے ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۵۹ ع کر دیکھا۔اِس کا مدار عطارد کے مدار کے اندر بیان کیا جاتا ھے لیکن اِس کا وجود پایۂ یقین کو نہیں پہنچا۔کیوں کہ یہ سیارہ سنہ ۱۸۵۹ ع سے پھر کبھی نہیں دکھائی دیا —

Vulpecular (Fox) ثعلب-ع-روباہ-ف-لومڑی-ہ-ایک شمالی صورت جس کو ھیولیس فلکی نے کہکشاں میں صورت دجاجہ کے جنوب میں بنایا —

Vulpecula et Anser ثعلب و وزہ یا ثعلب و بط شمالی- ایک شمالی جدید صورت —

Vultures, the two نسرین یعنی نسر طائر و نسر واقع —

———:o(O)o:———

W.

Wagon (see Ursa Major) دب اکبر بنات النعش کبریٰ (لغوی عرابہ-عربانہ-عرادہ-چھکڑا) —

Wagoner (see Ursa Major) دب اکبر-بنات النعش کبریٰ (لغوی عرابہ چی-عرادہ چی رتھہ بان) —

Wain, the (see Ursa Major) دب اکبر-بنات النعش کبریٰ (لغوی عرابہ-عرادہ-چھکڑا) —

Wandering star کوکب یا نجم سیارہ-سیارہ-ج-سیارات-ع- سیارہ ستارہ-ج-سیار ستارے —

Waning Moon قمر متناقص النور —

The Wane of the Moon محاق قمر —

Wasat or Geminorum وسط کا مغرب صورت توامین کا چوتھا ستارہ —

Wave موج-ج-امواج-موجہ-ج-موجات-ع-لہر-ہ —

,, of Light موج نور-نور یا روشنی کی لہر —

Wave-Motion حرکت متموجہ-ع-لہر چال-ہ —

Wave theory (of the Tides) نظریہ یا رائے تموج مدوجزر —

Waxing Moon قمر متزائد النور —

کے نصف النہار کو زوایائے قائمہ کے ساتھہ تقاطع کرتا ھے —

Vertical Angle — زاویۂ سمتیہ —

Vesta — وستا—ایک جدید سیارچہ جس کو البرز نے ۲۹ مارچ سنہ ۱۸۰۷ ع کو دریافت کیا —

Via Lactea or Milky Way — مجرہ—دائرہ لبنیہ—ع—کہکشاں—ف—

Vindemiatrix or Virginis (Vin-de-mi-a-triks) — مقدم القطاف—صورت عذرا کا پانچواں روشن ترین ستارہ —

Virgin (see Virgo) — عذرا—سنبلہ—ع—دوشیزہ—ف—کنیا—س

Virginis or Spica Aximech, Spica — سماک أعزل—الف عذرا —

,, or Zavijava — زاویۃ العوا یا (ب) عذرا —

,, or Porrima — مؤخر القطاف—پوری ما —

,, or Vindemiatrix — مقدم القطاف —

Virgo (the Virgin) — عذرا—سنبلہ—ع—دوشیزہ—ف—کنیا—س

(۱) چھٹے برج کا نام (۲) صور البروج میں سے ایک صورت کا نام جو کنواری لڑکی سے مشابہ ھے اِس لئے عربی میں عذرا اور سنسکرت میں کنیا نام ھوا-اِس لڑکی کا دامن نیچے کو لٹکا ھوا سر شمال و مغرب کی طرف اور پاؤں جنوب و مشرق کی جانب ھیں—بایاں ھاتھہ کولے کی طرف جھکا ھوا—سیدھا ھاتھہ کندھے کی جانب أٹھا ھوا ھے چوں کہ اِس کے ھاتھہ میں گیہوں کی بال ھے اِس لئے سنبلہ بھی کہتے ھیں—اِس صورت کا روشن ترین ستارہ سماک أعزل ھے —

Vis Inertiae — تعرض مادہ—(جو کسی متحرک شے کے سکون پر اور ساکن کے حرکت کرنے پر ھوتا ھے —

Vision Arc — قوس نظری —

Volans (the Flying Fish) — سمکۂ طائرہ—سمکہ ذات الجناحین سمکۂ مجنحہ—حوت ذات الجناح—ع—ماھی پراں—ف—أڑنے والی مچھلی—أردو ایک جدید جنوبی صورت جس کو بیئر نے سنہ ۱۶۰۳ ع میں صورت نہر کے جنوب میں بنایا —

Volume — حجم—جسامت—ضخامت —

Vulcan — ولکن—ایک سیارہ جس کو لیورری ار نے سنہ ۱۸۵۹ ع میں مشاھدہ کیا اور ڈاکٹر لس کاربالت نے تصدیق کی

کے خوشے - گچھے - جھمکے —

Variation (the Lunar) — اِختلاف [(حرکت) قمری] —

Variation, Annual — اِختلاف سالانہ —

Variation of the Compass (اِبرہ - بوصلہ) اِنحراف قطب نما
قطب نما کا اِنحراف - فرق —

,, East — اِنحراف شرقی —

,, West — اِنحراف غربی —

Vega or a Lyrae (The falling or alighting vulture) نسر واقع کا معرب [(عوام) دیکھا یہ] صورت شلیاق کا روشن ترین (الف) ستارہ جو قدر اول کا ہے اِس ستارہ کا نام نسر واقع (کرگس بال فراہم کردہ) اِس لئے ہوا کہ اِس کی صورت دو اور ستاروں کے مل جانے سے جو اس کے دونوں جانب ہیں - ایسی معلوم ہوتی ہے گویا گدھ کندھے جوڑے ہوئے اوپر سے نیچے آرہا ہے - روشنی کے لحاظ تمام کرۂ فلک میں اِس ستارے کا نمبر ساتواں ہے —

Vela — ویلا - صورت نہر کے ایک حصے کا نام —

Velocity — رفتار - ف - سرعت - ع —

Venus — زہرہ - ع - ناہید - ف - شکر - ہ - نظام شمسی کا دوسرا سیارہ —

Vernal Equinox — اِعتدال ربیعی —

Vernal signs — بروج ربیعیہ یا ربیعی یا ربیع —

Vernier — خرد پیما - ایک پیمانۂ خرد - جس کو پیر وزیر نے بہت ہی چھوٹی چھوٹی کسرات کے دریافت کرنے کے لئے بنایا اس کی دو اقسام ہیں مستقیم اور غیر مستقیم یا معوج —

(1) Direct — مستقیم

(2) Retrograde — معوج یا غیر مستقیم

Vertex — راس (رؤس - جمع) —

Vertical — قائم - عمودی —

Circles or Azimuth Circles } دوائر متسامتہ - دوائر اِرتفاع - دوائر سمتیہ - وہ دوائر عظیمہ ہیں جو اُفق پر عموداً واقع ہیں اور سمت الراس اور سمت القدم پر متقاطع ہوتے ہیں —

Prime, Vertical — دائرہ اولِ السموت — دائرہ مشرق و مغرب - متسامۃ اولیٰ — وہ دائرہ عظیمہ ہے جو نقاط مشرق و مغرب اور سمت الراس اور سمت القدم پر سے گزرتا ہے اور بلد مفروض

Ursae Majoris or Mizar — مئزر الدب—

,, or Alkaid, Benetnasch — قائد (ألقائد) طرف الذنب یا بنات النعش—

,, or Talitha — ثالثه یا فقرۂ ثالثه—

,, or Megrez — مغرز الدب—

,, — فقرۂ أولی—

Ursa Minor (the Little Lesser Bear) — دب أصغر۔
بنات النعش صغری قدیم نام ھے-ع-خرسک-ف-ایک قدیم شمالی صورت-اِس کا روشن ترین ستارہ نجم القطب-قطب تارہ (فقہا کے نزدیک جدی) کہلاتا ھے اِس صورت کے سات تاروں کو بنات النعش صغری-چار کو نعش-تین کو بنات اور دو کو فرقدین کہتے ھیں-فرقدین میں سے زیادہ روشن تارے کو آنور الفرقدین یا نیر الفرقدین اور کم روشن کو أخفی الفرقدین کہتے ھیں—

Ursae Minoris Polaris — قطب تارہ-نجم القطب-یا الف دب أصغر—

,, or Kochab — نیر الفرقدین الصغری یا ب دب أصغر یا کوکب—

,, or Pherkad — فرقد یا غامہ دب أصغر—

,, or the Guards — فرقدین (فرقدان) تثنیه فرقد (گوساله-بچھڑا) دب أصغر کا دوسرا اور تیسرا روشن ستارہ—

V.

Vacu-um — خلا—

Absolute— — خلائے مطلق—

Vapour — بخار-ج-بخارات-آ بخرہ-ع-آبخرے-أردو—

Vanishing Point — نقطۂ متلاشی—

Variable Nebulae — سدیم متغیر یا سحابیہ متغیرہ—

Variable stars — نجوم متغیرہ-متغیر ستارے—

Variable star Clusters — عناقید نجوم متغیرہ-متغیر ستاروں

Ultrazodiacal خارج المنطقہ۔متجاوز المنطقۃ البروج —

" Planets سیارات خارج المنطقۃ البروج—سیارچوں (سیارات حرد) سے مراد ہے جو منطقۃ البروج کی حد کے پرے واقع ہیں—

Umbra (a shadow) ظل-ع-سایہ-ف—

Umbriel امبریئل-یورانس کا دوسرا قمر—

Unformed stars کواکب (ستارگان) خارج الشکل—

Unit of Stellar Distances ابعاد نجمی کا پیمانۂ واحد (اکائی) —

Universal instruments آلات عمومی—

Universe عالم-عالم کلی-جہان-گیتی—

Urania رب النجوم—

Uranic (uran'ik) Celestial, Astronomical فلکی-آسمانی-

Unukalhay or a Serpentis علق الحیہ (گرن مار) کا مغرب صورت حیہ کا روشن ترین ستارہ —

Uranography تخطیط السما—رسم السما-وصف السما—علم ہیئت کی وہ شاخ جس میں ستاروں کے نقشوں سے بحث کی جاتی ہے—

Uranolith حجرسماوی-سنگ سماوی یا آسمانی-حجرساقط ج-حجارہ ساقطہ-سنگ شہابی—

Uranometria قائمہ-ج-قوائم-خریطہ-ج-خرائط-اطلس-ستاروں کی فہرست—

Uranus یورانس-ہرشل-نظام شمسی کے سیارات علویہ میں سے ایک سیارہ جس کو سر ڈبلیو ہرشل نے ۱۳ مارچ سنہ ۱۷۸۱ء کو دریافت کیا—

Ursa دب-دبہ-خرس مادہ—

Ursa Major (the Great Bear) or Plough دب اکبر-بنات النعش کبریٰ قدیم نام ہے ہندوستان میں اُزن کھٹولا کہتے ہیں—ایک مشہور شمالی قدیم صورت کا نام—

Ursae Majoris or Dubhe ظہرالدب یا الف دب اکبر—

" or Merak مراق الدب-یا-ب-دب اکبر—

" or Pheeda فخذ الدب-یا—ج—دب اکبر—

" or Alioth —جون یا اول (اُولیٰ) بنات کبریٰ

Triple stars — نجوم ثلاثی - ثلاثی ستارے —

Tropics (Circles) — مدارات - ج - مدارین - تثنیہ - مدار - واحد - دائرہ - ج - دوائر - خط - ج - خطوط —

,, of Cancer — مدار السرطان - دائرہ راس السرطان - خط سرطان —

,, of Capricorn — مدار الجدی - دائرہ راس الجدی - خط جدی —

Tabus Herschelli Major (Herschel's Great Telescope) — دوربین عظیم هرشل - هرشل کی بڑی دوربین - ایک جدید شمالی صورت کا نام —

Tropical year — سال اعتدالی - سال ارضی قرانی - سال شمسی تقویمی —

Tubus Herschelii Minor (Herschel's Less Telescope) — دوربین صغیر هرشل - هرشل کی چھوٹی دوربین - ایک جدید جنوبی صورت —

True — حقیقی - حقیقیہ - اصلی —

,, Horizon — افق حقیقی —

,, Sun — شمس حقیقیہ - اصلی آفتاب —

,, Motion — حرکت حقیقیہ - ذاتی حرکت —

,, Time — حقیقی - اصلی وقت —

Twins — توامین (توامان) جوزا —

Second Twin — توام تالی —

Twilight (Evening) — شفق —

Twilight (Morning) or Dawn — فلق - صبح کاذب - سفیدۂ صبح —

Twinkling or Scintillation — اضاءت - انارت - ع - نور افشانی - درخشانی - فسرۂ ستارگان یا اختران - ف - جگمگاهٹ - چمک دمک - ہ —

U.

Ultimo — ماہ گزشتہ - شہر ماضی —

ملکۂ پریاں (لفظی معنی ھیں)—

Total Eclipse (کسوف۔ خسوف۔ اِنکساف ۔ اِنخساف) کامل۔کلی—

Toucan (American Goose) تاز امریکانی (طوقن) ایک جنوبی صورت جس کو جان بیئر نے سنہ ۱۶۰۳ ع میں صورت کلنگ اور صورت ققنس کے مابین بنایا—

Trade Winds تجارتی ھوائیں۔ریاح تجاریہ—

Transit (a passing across) عبور۔مرور۔ع۔(صاحب حدائق النجوم نے ممر لکھا ھے) گزر۔ف۔کسی رصدگاہ کے نصف النہار پر سے کسی جرم فلکی کا گزر—

,, Circle or Meridian Circle دائرۂ عبور۔دائرہ نصف النہار

,, Instrument نظارۂ عبور۔آلۂ عبور۔وہ آلہ جس سے اجرام فلکی کا نصف النہار پر سے گزرنا رصد کرتے ھیں—

Transit of a Satellite عبور تابع یا قمر۔چاند کا گزر۔کسی سیارے کے قرص پر سے کسی قمر کا گزرنا—

,, of a shadow عبور ظل۔گزر سایہ۔کسی قمر کے سایہ کا قرص سیارہ پر سے گزرنا—

,, of Mercury عبور عطارد۔مرور عطارد (احتراق عطارد) صاحب حدائق النجوم نے ممر لکھا ھے—

Transit of Venus عبور زھرہ۔مرور زھرہ (اِحتراق زھرہ)—

Lower— تحتانی۔اَسفل—

Upper— فوقانی۔اعلی—

Trans-Neptunian Planet سیارۂ خارج مدار نپٹون—

Transparency of Space فضا کی شفافی—

Triangula مثلثیں—

Triangulam Astralis (The Southern Triangle) مثلث جنوبی۔ایک جدید جنوبی صورت جس کو جان بیئر نے سنہ ۱۶۰۳ ع میں صورت سبع ذنب کے جنوب مشرق میں بنایا—

Triangulam Borealis مثلث شمالی۔ایک شمالی صورت جو فرساوس اور مراۃ المسلسلہ کے مابین واقع ھے—

Triangulum Minus مثلث اَصغر۔ایک صورت جو مشہور نہیں ھوئی—

Trine تثلیث—

Theory رائے - ج - آراء - رائے نظری - ج - آرائے نظریہ - نظریہ قیاس یا حکیمانہ توجیہ کو کہتے ہیں —

Thursday یوم الخمیس - ع - پنجشنبہ - ف - برہسپت بار - ہ —

Tidal Evolution ارتقائے مدی —

,, Friction مزاحمت (مقاومت - مصاومت) مدی —

Tides مد و جزر - ع - جوار بھاٹا - ارتفاع و انخفاض - ع —

- **Flood—** مد - ع - جوار - ہ —
- **Ebb—** جزر - ع - بھاٹا - ہ —
- **Spring—** مد ربیع — مد اعظم — مد و جزر اعظم —
- **Neap—** مد اصغر — ضعیف — مد و جزر اصغر —
- **Equinoctial spring tides** مد ربیع اعتدالی —

Tide-Raising Force قوت مد آفراز —

Tidal Day یوم مدی روز مدی —

Tidal Evolution, The Theory of رائے یا نظریہ ارتقائے مدی —

- **Lunar Tides** مد قمری —
- **Solar ,,** مد شمسی —

The ebb & flow of tides جزر و مد - جوار بھاٹا —

- **Priming of tides** اسراع مد - سرعت مد —
- **Lagging ,, ,,** ابطاء مد - بطوء مد —

Time وقت - ج - اوقات — زمانہ زمن - ج - ازمان —

- **Apparent—** — ظاہر — ظاہری
- **Mean or Mean Solar—** — اوسط — اوسط شمسی
- **Sidereal—** — نجمی — کوکبی
- **Local Time—** — محلی — مقامی
- **Standard—** — مستقیم — معین
- **True—** — حقیقی

Titan ٹائی ٹان — زحل کا سب سے بڑا قمر (تابع) جس کو ہیوجنس نے ۲۵ مارچ سنہ ۱۶۵۵ ع کو دریافت کیا — لفظی معنی آفتاب — علم الاصاطیر میں بارہ دیوں میں سے ایک دیو جو عظیم الجسامت اور غیر معمولی طاقت کے لئے مشہور ہیں —

Titania ٹائی ٹے نیا - سیارۂ یورانس کا تیسرا قمر (تابع) جس کو سر ولیم ہرشل نے ۱۱ جنوری سنہ ۱۷۸۷ ع کو دریافت کیا —

8. Herchelian ــــ هرشيلى - وه دوربين جو هرشل نے بنائى تهى ــــ

Telescopic or Telescopical • ملظارى - دوربينى - دوربين يا ملظار كے متعلق مثلاً ــــ

,, Objects ــــ اجرام ملظارى يا دوربينى ــــ

,, Stars ــــ كواكب ملظارى يا دوربينى ــــ

Telescopium (the Telescope) مرقب - ع - دوربين - ايك جديد جنوبى صورت جس كو لكيلى نے سنه ١٧٥٢ ع ميں قوس اور مذبح كے مابين بنايا ــــ

Temporary stars or Novae كواكب - نجوم موقتة يا جديده موسمى - هنگامى يا نئے ستارے ــــ

Terminator دائرة (حد يا خط) نور و ظلمت - وه خط جو چاند كے منور حصے كو تاريك حصے سے جدا كرتا هے ــــ

Terrestrial ارضى ضد سماوى يا فلكى - كرهٔ ارض سے متعلق ارضيه (مونث) ــــ

,, Equator ــــ خط استوا

,, Latitude ــــ عرض بلد - عرض

,, Circle ــــ دائره (ج - دائر ارضى)

,, Globe ــــ كرة (ارضيه)

,, Meridian ــــ نصف النهار

,, Poles ــــ قطبين

,, Longitude ــــ طول - طول بلد

Tethys تى تهس - سياره زحل كا تيسرا قمر (طابع) جس كو كاسينى نے مارچ سنه ١٦٨٤ ع ميں دريافت كيا ــــ

Thuban or a Draconis (tho-ban) ثعبان - صورت تنين كا روشن ترين ستاره جو آج كل چوتهى قدر كا هے ليكن تين صدى كے پهلے يه ستاره دوسرى قدر كا تها اور سنه ٢٧٥٠ ق - م - ميں تو يهى ستاره قطب تاره تها اور كسى زمانے ميں تقريباً قطب پر واقع تها ــــ

Theodolite ايك آله جس سے عمودى اور افقى زاويوں كى پيمائش بڑى صحت كے ساتهه هوتى هے ــــ

Thali'a تهلئى آ - ايك سيارچه جس كو هانڈ صاحب نے ١٥ ڈسمبر سنه ١٨٥٢ ع كو دريافت كيا ــــ

واقع برج ثور کی جانب سے بلدھتی نظر آتی ھے —

Tauri or Aldebaran الدبران (دبران - ال تعریفی ھے) یا عین الثور یا الف ثور —

,, or Nath ناطح - قرن الثور الشمالی یا ب ثور —

,, or Alcyone (Pleiad) وسط الثریا - (وسط الثریا) (القیونی معرب) —

,, or Taygeta تایجیتا یا ۱۹ ثور —

Taurus (the Bull) ثور - ع - نرگاو - ف - برکھہ - ۃ - (انتباۃ - لفظ Taurus عربی ثور کا مضرب ھے) (۱) دوسرا برج (۲) ایک صورت بروجی کا نام - اس صورت کا روشن ترین اور خوش نما ستارہ الدبران ھے جو عین الثور - تالی النجم - حادی النجم اور الفنیق بھی کہلاتا ھے اس کے حوالی میں ایک اور ستارہ ھے جو القلاص کہلاتا ھے - خوشۂ ثریا اور خوشۂ فردود بھی اسی میں ھے —

Taurus Poniatowski (Bull of Poniatowski) ثور اصغر - ثور پونیا طوسقی - بقرہ - گاو مادہ ایک شمالی جدید صورت کا نام جو مشہور و مقبول نہیں ھوئی —

Taygeta or 19 Tawri تایجیتا - خوشہ پروین (ثریا) کا انیسواں ستارہ جو پانچویں قدر کا ھے —

Tegmine or Caneri — زبتا سرطان - صورت سرطان کا چھٹا ستارہ —

Tegat Post or Geminorum تحایی یا تحائی کا مضرب صورت توامین کا ایک ستارہ تحائی جمع ھے تحیاۃ کی - صورت توامین میں دو ستارے ھیں جو تحائی کہلاتے ھیں اِن میں سے ایک (T. prior) تحیاۃ مقدم اور دوسرا (T. propas) تحیاۃ موخر کہلاتا ھے —

Telescope — نظارہ - منظار - مرقب - ع - دوربین - ستارۂ بین - ف —

1. Reflecting — — معکس - انعکاسی —
2. Refracting — — اِنعرافی - انعطافی —
3. Achromatic — — مکسر - عدیم اللون —
4. Astronomical — — فلکی - نجومی
5. Equatorial — — اِستوائی
6. Terrestrial — — ارضی
7. Newtonian — — نیوتنی - وہ اِنعکاسی دوربین جو سرآئسحق نیوٹن نے بنائی تھی —

Sadira (sad'e ra) or o Sagittari نعائم صادرہ (کا مختصر) صورت قوس (رامی) کا پندرھواں ستارہ جو دوسری قدر کا ھے - یہ ستارہ اُس زمانے سے بہت ھی روشن ھے جب کہ جان بیئر نے اِس کے لئے یونانی حروف مقرر کئے تھے —

T.

Table لوح - ج - الواح - جدول - ج - جداول —
Tail or Train (of comet)—دنبالہ - دنبال (ذوات الاذناب)—
The Dragon's tail ذنب تنین —
Talita | or Ursae Majoris ثالثہ (مخفف ھے الفقرة الثالثہ کا
Talitha | جس کے معنی ھیں تیسری کڑیا) صورت دب اکبر کا (اِی) نواں ستارہ جو قدر سوم کا ھے اور ریچھہ (دب) کے دائیں پنجے میں واقع ھے —
Tangent مماس —
Tangent screw. پیچ مماس —
Tangential Force قوت مماسہ یا مماسیہ —
,, screw پیچ مماس —
Tarazed or Aquilae شاھین ترازو کا معرب و مخفف ھے اھل یورپ کے نزدیک صورت عقاب کا تیسرا روشن ستارہ جو قدر سوم کا ھے - فائدہ - صور آسمانی میں سے ایک صورت عقاب کی ھے کہ مشرق کو منہ کئے ھوئے بلند پرواز ھے اُس کے دونوں مونڈھوں کے بیچوں بیچ ایک روشن ستارہ ھے جس کے دائیں بائیں اور دو تاریک ستارے خط مستقیم میں واقع ھیں عوام اھل ایران اِن کو شاھین ترازو کہتے ھیں کیوں کہ اِن تینوں ستاروں کی شکل بہ ھیئت مجموعی ترازو کی رسی اور دو پلڑوں کی سی ھے لیکن فلکیین عرب اِس روشن ستارے کو نسر طائر کہتے ھیں اس لئے کہ اِن دو ستاروں سے ملکر کرگس بال کشادہ کے مشابہ ھے - انگریزی لفظ فارسی سے بگڑ کر بنا ھے —
Taurids تور یہ - شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ھر سال (ا) یکم (۸) ھشتم (۲۰) بستم و (۲۷) بست و ھفتم - نومبر کو ایک نقطہ

روشن ترین ستارہ۔مسترو ب کا بیان ہے کہ یہ لفظ (Nicolavs) کا مقلوب ہے —

Swarm (meteoric) حلقہ نیزکیہ۔شہاب ثاقب کا جھنڈ —

Sweeps ملاحظات۔مشاہدات۔(رصدات۔رصود) إرصادات (واحد ملاحظہ۔مشاہدہ۔رصد۔إرصاد)—

Synodic month or Lunation شہر یا ماہ قمری۔جس کی مدت ۲۹۔دن۔۱۲۔گھنٹے۔۴۴۔منٹ۔اور ۲۶۷ سکنڈ ہے —

,, rotation of the sun ظاہرہ دوران محوری شمس۔ ظاہرہ حرکت وضعیہ (دولابی۔دورانی) شمس آفتاب کی گردش محوری کی ظاہرہ مدت جو ۲۷ روز ۹ گھنٹے اور ۴۰ منٹ ہے اور آفتاب کی اصلی حرکت محوری سے دو روز زائد ہے —

,, year سال قمری۔سنہ قمریہ —

System نظام۔ج۔نظامات۔أنظمہ۔أجرام فلکی کی ترتیب۔ إن کا باہمی تعلق اور میل مرکزی کے باعث إن کی حرکات (قدیم) دو یا زیادہ أجرام فلکی کا قوانین جاذبیت عامہ کے بموجب حرکت کرنا (جدید) مثلاً نظام شمسی نظام زحل —

Syzygy إجتماع یا إستقبال۔چاند کا سورج کے ساتھ ایک ہی برج میں ہونا یا اس سے چھہ برجوں یعنی ۱۸۰ درجوں کے بعد پر ہونا —

Line of the syzygies, The خط ماربہ۔نقاط إجتماع و إستقبال —

ADDENDA:

Ascending signs بروج عالیہ —

Autumnal ,, بروج خریفی۔خریفیہ۔بروج فصل خریف —

Descending ,, بروج منخفضہ —

Northern ,, بروج شمالیہ یا شمالی —

Spring ,, بروج ربیع۔ربیعیہ یا ربیعی —

Southern ,, بروج جنوبی یا جنوبیہ —

Summer ,, بروج صیفی یا صیفیہ یا صیف —

Winter ,, بروج شتوی شتویہ یا شتا —

Sub-solar point — وتدالارض (وتد رابع) نقطه تحت الشمس—
Sulaphat or Lyrae سلحفات۔صورت شلیاق میں تیسرا روشن ستارہ—
Summer صیف-ع-تابستان-ف- گرمیاں-گرما ۲۲ جون کو جب تحویل آفتاب سرطان میں ہوتی ہے تو اس فصل کا آغاز ہوتا ہے۔کل مدت ۹۳ روز ۱/۳ ۱۴ ساعات—
Summer Solstice انقلاب صیفی-منقلب صیفی (عدول کلی صیفی-مجوزہ نواب عمادالملک بہادر)—
Sun — شمس-ج- شموس-ع- آفتاب-خورشید-مہر-ف-سورج-ہ—
Sun-dial -ہ- ساعت شمسی- دائرہ هندیہ (هندی/-ع-دھوپگھڑی
Sun-bow قوس شمسی-قوس قزح-د ھنک—
Sun-dog کلب الشمس -سگ آفتاب-(ایک نورانی قطعہ جو آفتاب سے چند درجے پر دکھائی دیتا ہے)—
Sun-spots — آفتاب کے داغ-کلف (واحد کلفت) الشمس—
Sun's Entering, the تحویل آفتاب-شرف آفتاب—
Central — شمس مرکزی-نیر مرکزی—
Disc of the — قرص آفتاب—
Sunbeam or sundart شعاع (پرتو) شمس یا آفتاب-سورج کی کرن—
Sunrise or sunrising طلوع آفتاب یا شمس-سورج نکلے—
Sunset or sunsetting — غروب آفتاب یا شمس-سورج ڈوبے—
Sun-shine — نور شمس-روشنی آفتاب-ضوء الشمس-دھوپ—
Sunday یوم الاحد-ع-یکشنبہ-ف-اِتوار-ہ (یہ دن آفتاب سے منسوب ہے)—
Superior Conjunction مقارنہ فوقانی-اِقتران اعلیٰ—
,, planets سیارات (سیارہ) علوی یا علیا—
Surface سطح-ج-سطوح—
Curved—— —منحنی
Common—— —مشترک
Plain—— —مستوی
Swan طائر-دجاجہ-ایک صورت شمالی کا نام—
Svalocin or a Delphini ذنب الدلفین-اهل عرب اِس کو عمودالصلیب کہتے ہیں اور بعض عقود-صورت دلفین کا

Star-groups — مجامع (مجمع) نجوم۔ ستاروں کا جھرمٹ جھمکٹ

Star-motions — حرکات (حرکت) نجوم۔ کواکب۔ ستاروں کی حرکات —

Star-places — مواقع (موقع) نجوم کواکب۔ ستاروں کے مواقع اوضاع —

Stars — کواکب (کوکب واحد) نجوم (نجم واحد) ثوابت (واحد ثابتہ) ۔ع۔ ستارہ تارہ (مخفف ستارہ) اختر۔ روشنان۔ ف۔ پلدوز۔ ت۔ اُرگن۔ ہ —

Binary—see Binary stars — نجوم ثنائیہ۔ ثنائی ستارے

Double-see D. S. — مضاعف مضعف۔ مزدوج۔ ع۔ جفت

Errant-or Errants — متحیرہ

Fixed— نجوم۔ کواکب ثوابت۔ ثوابت (واحد نجم۔ کوکب ثابتہ۔ ثابتہ) —

Evening star — نجم الغروب۔ ستارۂ شام —

Morning star — نجم الصبح۔ کوکب الصبح۔ ستارۂ صبح۔ صبح کا ستارہ —

Multiple stars — نجوم متعددہ —

(1) Treble — مثلثہ۔ ثلاثی

(2) Quadruple — مربع۔ رباعی

(3) Quintuple — مخمسہ۔ خماسی

(4) Sextuple — مسدسہ۔ سداسی

Periodical stars — نجوم موقتہ۔ وقتیہ —

Variable stars — نجوم متغیرہ —

Wandering — نجوم یا کواکب سیارہ۔ سیارے۔ ج۔ سیارات —

Stationary point — اقامت۔ نقطۂ اقامت۔ ج۔ نقاط اقامت —

Stellar — نجمی۔ کوکبی (نجمیہ۔ کوکبیہ۔ مونث —

,, magnitude — قدر النجم۔ قدر نجمی —

Stones, Meteori see Meteoric — سنگ شہابی۔ شہاب ثاقب وغیرہ —

Style, old and new — قاعدہ (طرز) قدیم و جدید —

Sub-polo — تحت القطب —

Suha or Ursae Majoris or Alcor — سہا۔ صورت دب اکبر میں

Spectrum Analysis — انحلال النور —

Speculum — عکس انداز آئینہ۔معکس یا انعکاسی دوربین کے بڑے آئینے کو کہتے ہیں جو فلزات کو صیقل کرکے یا آئینہ پر چاندی چڑھا کے بنا تے ہیں —

Sphere — کرہ۔ج۔کرات اُکر جمع الجمع اُکرات —

Celestial — کرۂ سماوی۔کرۂ فلکی —

Oblique — کرۂ مائلہ۔کرۂ متوازیہ۔رؤیۃ (رویت) حمائیہ —

Right — کرہ قائمہ کرہ عمودیہ۔کرہ منتصبہ۔رویۃ (رویت) دولابیہ —

Parallel — کرۂ متوازیہ۔رویت رحویہ —

Spheroid — شبۂ کرہ۔شبیہ بالکرہ —

Oblate — (لفظی) شبۂ کرہ۔شبیہ بالکرہ۔مسطح (یعنی مسطح القطبین) (اصطلاحی) بیضی مستدیر۔متاخرین کے نزدیک۔متقدمین کے نزدیک۔شلجمی مجسم یا شلجمہ —

Prolate — (لفظی) شبۂ کرہ۔شبیہ بالکرہ۔ممتد (اصطلاحی) بیضی مجسم۔بیضہ —

Spherical — کروی۔کری۔ع۔کرہ آسا۔ف۔گول۔ہ —

Spica or a Virginis — سماک اعزل۔صورت عذرا (سنبلہ) کا روشن ترین ستارہ جو قدر اول کا ہے —

Spring — ربیع۔ع۔بہار۔ف۔بسنت ہ ۲۱ مارچ کو جب تحویل آفتاب حمل میں ہوتی ہے تو اس فصل کی ابتدا ہوتی ہے۔ کل مدت ۹۲ یوم ۲۰ ۳ ۴ ساعت —

Spring tides (see under tides) — مد اعظم۔مد ربیع —

Spider Lines — تار عنکبوت۔خطوط عنکبوت —

Spots — کلف۔داغ —

Square of Pegasus — مربع فرس اعظم —

Star atlas — اطلس نجوم۔ستاروں کا اطلس —

Star-catalogues — قوائم (قائمۃ۔واحد) نجوم۔ستاروں کی زیج۔ج۔زیجات۔ع۔زیج۔ج۔زیجیں۔ف —

Star-clusters — عناقید النجوم۔(واحد عنقود) خوشہ ہاے ستارگان۔تاروں کے گچھے یا جھمکا —

Star-gauges — مقیاسات (مقیاس) نجوم۔پیمانہ ستارگان مقیاس نجمی —

اور جنوباً بعید ترین نقاط اِنقلابین کہلاتے ھیں۔ نقطۂ شمالی کو اِنقلاب صیفی اور نقطۂ جنوبی کو اِنقلاب شتوی کہتے ھیں اولالذکر جوزا میں اور آخرالذکر قوس (رامی) میں واقع ھے (نواب عماد الملک بہادر نے فرمایا کہ سالسٹس کی جگہ عدول کلی کہنا چاھئیے ھم کو بھی یہی زیادہ مناسب معلوم ھوتا ھے۔ (۲) خط اِستوا کی اِنتہائی حدود خط راس السرطان (اُتراین سورج) اور خط راس الجدی (دکھناین سورج) —

Summer—— اِنقلاب صیفی - منقلب صیفی - عدول صیفی —

Winter—— اِنقلاب شتوی - منقلب شتوی - عدول شتوی —

Solstitial Points — نقاط اِنقلاب (اِنقلابین - عدولین - منقلبین)

Solitarius (Indian Bird) طائر ھندی - ایک جدید صورت کا نام —

South جنوب - ج - دکھن - ۃ —

South-east — جنوب مشرق - گوشۂ جنوب و مشرق - آگنی کون —

South-west — جنوب مغرب - گوشۂ جنوب و مغرب - نیرت کون —

Source of light منبع (ج - منابع) نور - مخزن روشنی —

Southern cross صلیب جنوبی - ایک جنوبی صورت یا کوکبہ جو کہکشاں کی راہ میں قطب جنوبی کے نزدیک واقع ھے —

" Fish — حوت جنوبی - سمکہ جنوبی - ایک جنوبی صورت —

" Zone منطقۂ جنوبی —

Southing میلان جنوبی - رفتار جنوبی —

South Polar Distance بعد قطب جنوبی —

Space فضا - فسحت - سطح —

Specific Gravity ثقل نوعی - وزن مخصوص —

Spectra طیف - ج - طیوف - شبیہ الوان مختلفہ - (ج - اَشباہ) سفید شعاع کو سات رنگوں (سرخ - نارنجی - زرد - سبز - آسمانی نیلا - بنفشی) میں بذریعہ منشور مثلثی (وغیرہ) متفرق و منتشر کرنا —

Spectroscope سپکٹروس کوپ - (آلہ) طیف آزما - ایک آلہ جس سے شعاعوں کی تفریق کے ذریعہ اجرام فلکی کے اجزائے ترکیبی دریافت کئے جاتے ھیں —

Spectroscopic observation آزمائش طیفی یا طیف آزما —

Sirius, Jemenicus شعرئ یمانی۔زمانہ جاهلیت میں اهل عرب اِس کی پرستش کرتے تھے—

Sirius and Procyon شعریان۔شعریین۔یعنی شعرئ یمنی اور شعرئ شامی۔عربی میں أختا سهیل (آخوات سهیل) اور فارسی میں دو خواهر کهتے هیں—

Sirrah a Andromedae سرة الفرس یا راس المسلسلہ۔صورت مراة المسلسلہ کا روشن ترین ستارہ—

Situation, Angle زاویة الوضع—

Six o'clock Hour Line خط شش ساعت—

Sky سماء۔ج۔سماوات۔ع۔آسمانی۔ف—

Skat or Aquarii ساعد (دلو) صورت دلو کا چوتها (ذلتا) روشن ستارہ—

Small circle دائرۂ صغیرہ—ج—دوائر صغار یا صغیرہ—وہ دائرہ جو کرے کے مرکز پر سے نہ گزرے اور اِس لئے اِس کو دو برابر حصوں میں تقسیم نہ کرے—

Solar شمسی—ع۔آفتابی—ف—شنکراتی۔سورج کا۔ہ—

,, Cycle دور شمسی۔دور نهریلی۔دور یولیوسی (یولیسی یونی وسی) اتھائیس سال قیصری کا زمانہ جس کے اِختتام پر هفتے کے روز سال بھر هر ماہ کے اُنهیں دنوں میں واقع هوتے هیں—

Solar Day —روز۔یوم۔دن—

,, Eclipse کسوف۔ع۔آفتاب گرفتگی۔ف—

,, Ecliptic Limit حد کسوفی—

,, Spectrum — طیف شمسی۔شبیہ آلوان مختلفہ شمسی—

,, System نظام شمسی۔ع۔سورج سلسلہ۔ہ—

,, Time وقت شمسی—

,, Year سال شمسی۔سنۂ شمسیہ۔سورج برس۔ہ—

,, Compass اِبرۂ شمسیہ—

,, Spots آفتاب کے داغ—

,, Month ماہ شمسی۔(سورج کا مہینا)—

,, Microscope خردبین شمسی۔شمسی خردبین—

Solstice (standing point of the sun) (۱) اِنقلاب (تثنیہ اِنقلابین) منقلب (تثنیہ منقلبین) خط اِعتدال سے شمالاً

حمل کے سر میں واقع ہے—

Shooting stars (see under Meteor) شہب ثاقبہ (واحد شہاب ثاقب) ٹوٹتے تارے—

Short period comets قلیل المدت ذوات الاذناب - چند روزہ دمدار ستارے—

Sidereal نجمی - نجومی - کوکبی - ستاروں سے متعلق - ستاروں کی ظاہری گردش کے متعلق—

,, day —یوم - روز - دن

,, month —شہر - ماہ - مہینہ

,, year (see year) —سنہ - سال - برس—

,, noon —ظہر - نیم روز - دوپہر - ٭ نصف النہار پر سے نقطۂ اول حمل کے عبور کا وقت—

,, period —مدت - زمان - گردش - دور - کسی سیارے کی آفتاب کے گردش کی مدت جو ستاروں کے لحاظ سے ہو—

,, time —وقت

Siderites حدید نیزکی - آہن شہابی - آہن سماوی - آسمانی حدید ساقطہ—

Siderolites حجر حدیدی - سنگ آہنیں—

Signs of the Zodiac (which see) بروج (واحد برج)—

Double-bodied signs (i. e. Gemini, Virago, Arcitenens Pices) بروج ذوات جسدین یعنی جوزا - سنبلہ (عذرا) قوس اور حوت سے مراد ہے—

Inclining signs (i. e. Aries, Cancer, Libra, Capricornus) بروج منقلبہ یعنی حمل - سرطان - میزان اور جدی سے مراد ہے—

Stable signs (i. e. Taurus, Leo, Scorpio, Amphora) بروج ثوابت یعنی ثور - اسد عقرب اور دلو سے مراد ہے—

Sirius or a Canis Majoris شعریٰ یمانیہ - شعریٰ یمانی - صورت کلب اکبر کا الف ستارہ جو تمام کرۂ فلک میں کل ستاروں سے زیادہ روشن ہے - اِس کو شعریٰ العبور (عبور) اور کلب الجبار Orion's Dog اور کلب اکبر (Dog star) بھی کہتے ہیں—

اِنتباہ - زمانۂ جاہلیت میں اہل عرب اُس کی پرستش کرتے تھے—

Semi-Major axis — نصف محور اطول—

Separating power of a telescope — قوت متفرقہ (دوربین کی)—

Serpens (the serpent) — شجاع-حیہ-حیۃ الحوا-ایک شمالی صورت جو صورت ھاے عقاب-میزان اور جاثی میں سے گھرتی ھے—

Serpentarius (serpent-bearer) — حوا-حامل الحیہ-ممسک الحیہ-ع مارگیر-ف-(ابیوخس)—

Serpentis or Unukalhai — علق الحیہ-صورت شجاع کا روشن ترین ستارہ—

Setting — غروب-ڈوبنا—

Sexagesimal — تقسیم ستینی-شصتم-جس کا نسب نما ساٹھہ یا ساٹھہ کی کوئی قوت ہو—

Sextans (the sextant) — سدس مجیب-سدس عملي-ایک جنوبی جدید صورت جو حیہ اور آسد کے مابین واقع ھے اِس کو ھیولیس نے بنایا—

Sextant — سدس-مزولہ-ع-اِک نکشتر-ہ-دو اجرام کا تباین (زاویہ حادثہ) معلوم کرنے کا آلہ—

Sextile — تسدیس-اگر دو سیاروں میں منطقۃ البروج کے دو برجوں یا ۶۰ درجوں کا بعد ھو تو تسدیس کہتے ھیں—

Shadow (shade) — ظل-ع-سایہ-ف-چھاؤں-ہ—

Shadow of the earth (in an eclipse of the moon) — ساھور-ظل آرض-سایۂ زمین—

Shadow in moonlight — سمر—

Shadow produced — ظل ممتد—

Shaulah or Scorpii (Sha'la) — شولہ (دم بر داشتہ) شولۃ العقرب کا مخفف-صورت عقرب کا ایک ستارہ جو قدر دوم کا ھے اور (بچھو عقرب) کی دم کی اِنتہا پر واقع ھے-(اِنتہاء-فلکیین عرب کے نزدیک قمر کی اُنیسویں منزل)—

Shelyak } (Shel'yak) Lyrae
Sheliak } — شلیاق کچھوا-صورت شلیاق کا دوسرا روشن ستارہ جو تیسری قدر کا ھے—

Sheratan or Arietis (sher a tan) — شرطین-شرطان-آشراط-نطح-صورت حمل کا دوسرا روشن ستارہ جو تیسری قدر کا

جان سوبیسکی کی ڈھال- ایک چھوٹی صورت جس کو ھیولیس
نے صورت عقاب کے جلوب میں بنایا—

Season — فصل - ج - فصول - موسم - ج- مواسم - رت- یورپ میں
چار فصلیں ہوتی ھیں —

The four seasons — فصول اربعہ یا چہار گانہ —

(1) Winter — شتا - زمستان - جاڑا —

(2) Autumn — خریف - خزاں - پت جھڑ —

(3) Spring — ربیع - بہار - بسنت —

(4) Summer — صیف - تابستان - گرمی —

Second (of time) — ثانیہ (ج- ثوانی) زمانیہ —

Second (of place) — ثانیہ (ج- ثوانی) مکانیہ —

Secondary circles — دائرہ ثانیہ - ج- دوائر ثانیہ - دائرۂ ثلا —

Secondary planets — سیارات ثانویہ (توابع- اقمار) واحد
سیارہ ثانویہ - سیاروں کے چاندوں کو کہتے ھیں —

Sections Conic see Conic Sections — قطعات مخروطی-
قطوع- قطع مخروطی —

Sector — قطاع دائرہ یا کرہ - قطعہ دائرہ —

Sector, Dip—see Dip Sector — قطاع منخفض —

Sector Zenith — قطاع سمتی - ایک آلہ جس سے ستاروں کے بعد
سمتی کی پیمائش کی جاتی ہے —

Secular (relating to the ges) — دوانی - صدم - زمانی —

Secular Acceleration of the Moon Motion — حرکت قمر کا
صد سالہ تسریع یا اِسراع —

Secular equation — تعدیل زمانی —

Secular Variations — تغیرات دوانی (زمانی) —

Secunda Giedi or a Capricorni — قرن الجدی السنا خر-
صورت جدی کا روشن ترین ستارہ —

Selenocentric — قمری المرکز- بہ نظر ساکن مرکز قمر —

Selenography (sel—e—nog—ra fe) — رسم القمر- تخطیط القمر-
چاند کا جغرافیہ —

Self-luminous — منیر بالذات —

Semi-diurnal motion — حرکت نیم روزی —

Semi-diameter (Radius) — نصف قطر —

سیارۂ زحل سنیچر سے منسوب ہے —

Saturn زحل - ع - کیواں - ف - سنیچر (صحیح شلیچر بہ شین معجمہ) مجازاً پاسبان طارم هفتم پاسبان فلک وغیرہ) نظام شمسی کا چھٹا سیارہ - قدما کے نزدیک ساتواں اور بعید ترین سیارہ —

Saturnian زحلی —

Scheat or Pegasi ساعد الفرس - منکب الفرس - صورت فرس اعظم کا دوسرا روشن ترین ستارہ جو قدر دوم کا ھے (she at) (انتباہ - یہ لفظ ساعد کا مغرب ھے) —

Saturnicentric زحلی المرکز - بہ نظر ساکن مرکز زحل - زحلی —

Saturnigraphy رسم الزحل - تخطیط الزحل - سطح زحل کا بیان - زحل کا جغرافیہ —

Schedir / Shedir or a Cassispei صدر الکرسی - صورت ذات الکرسی کا روشن ترین ستارہ (بعض وقت یہ ستارہ ذات الکرسی بھی کہلاتا ھے —

Scintillation (a twinkling) إنارت - ع - درخشانی - فارسی میں ضوۂ ستارگان یا اختراں کہتے ھیں . چکمکاھت - چمک دمک - ہ —

Scorpio (the Scorpion) عقرب - ع - کژدم - ف - برچھک - س - (۱) آتھواں برج جو بچھو سے مشابہ ھے (منجمین کے نزدیک یہ برج نحس ھے (۲) ایک برجی صورت کا نام - اِس میں ایک مشہور مثلث ھے جو تین ستاروں [(۱) سماک اعزل (۲) سماک رامح اور (۳) قلب العقرب] سے بنا ھے —

Scorpionis or Antares or Cor Scorpionis قلب العقرب - صورت عقرب کا روشن ترین اور نہایت سرخ ستارہ جو قدر اول کا ھے —

Scorpion's heart قلب العقرب - نہایت سرخ ستارہ جو قدر اول کا ھے —

Sculptor (the Sculptor's Workshop) / Sculptoris نقاش یا (محمل یا کارخانۂ نقاش) ایک جدید چھوٹی صورت جو قیطس اور ققنس کے مابین واقع ھے - اِس کو لکیلی نے سنہ ۱۷۵۲ ع میں بنایا —

Scutum Sobieski - ترس سوبیسکی - مجنۂ یا سپر شاہ سوبیسکی

Saduchbia or Aquarii (sad-ak-be ya) | سعد الاخبیه (کا مضرب) صورت دلو کا تیسرا روشن ستارہ جو چوتھی قدر کا ہے —

Sadalmelik or a Aquarii (sad al mel'ik) سعد الملک (کا مضرب) صورت دلو کا روشن ترین ستارہ جو تیسری قدر کا ہے —

Sadatoni (sadato'ni) or Auriga ذات العنان (کا مضرب) صورت ممسک العنان کا چھٹا ستارہ —

Sadalsund } or Aquarii (sadal so-od or sad al sod)
Sadal sund } سعد السعود کا مضرب - صورت دلو کا دوسرا روشن ستارہ جو تیسری قدر کا ہے - (فلکیین عرب کے نزدیک چاند کی چوبیسویں منزل —

Sagitta (the Arrow) سہم - ع - تیر - ف - ایک قدیم صورت جو صورت ثعلب اور صورت عقاب کے مابین واقع ہے —

Sagittarii قوس الرامی —

Sagittarii or Kaus Australis قوس جنوبی —

,, or Sadira نعائم صادرہ (کا مخفف) —

Sagittarii نعائم منازل قمر میں سے بیسویں منزل - اس میں نعائم واردہ و صادرہ دونوں شریک ہیں —

Sagittarius (the Archer) قوس (رامی) - ع - کمان - ف (۱) نواں برج (۲) صور البروج میں سے ایک صورت - (انتباہ - اس کا صحیح نام رامی (تیر انداز) ہونا چاہئے لیکن عام و خاص میں قوس مشہور ہے) —

Sadir (sader) or Sadr (sadr) صدر الدجاجہ کا مضرب - صورت دجاجہ کا تیسرا ستارہ جو دوسری قدر کا ہے —

Saros صاروس (دور کسوفات و خسوفات) کلدانی قوم چاند گہن اور سورج گہن کے دور سے بخوبی واقف تھی اور اس نے ۲۰۰۰ برس قبل صاروس رکھا تھا جس کے معنی تکرار - اعادہ یا دور ہیں ہم نے اس قاعدہ کو شرح و بسط کے ساتھ (Recurrence of eclipses) میں لکھا ہے —

Satellites توابع (واحد تابع) - اقمار واحد قمر - سیارات ثانویہ (سیارہ ثانویہ) —

,, of mercury اقمار مشتری —

Saturday یوم السبت - ع - شنبہ - ہفتہ - ف - سنیچر - ہ - یہ روز

Ring micrometer — حلقی ریزہ پیما —

Rings of Saturn — حلقات زحل۔زحل کے حلقے (واحد حلقہ)

Rising (of Celestial Objects.)—(اجرام فلکی کا) طلوع (ہونا) نکلنا —

Robur Caroli (Charles's Oak)—بلوط الملک۔ع۔شاہ بلوط۔ف۔ سیکنا سہاری۔ایک جدید صورت —

Rotanew or Dolphini ذنب الدلفین۔صورت ڈلفین کا دوسرا روشن ترین ستارہ جو ۴ قدر کا ہے۔انگریزی نام راصد اطالوی نکولا نے پالرمو زیچ میں لکھا ہے۔اس کا لاطینی نام (Nicolans Yenator) اور (Rolanew) اس کا قلب ہے۔مدت تک اس پہیلی کو کسی نے نہیں بوجھا۔آخرکار وب صاحب نے اس کو حل کردیا —

Rotation حرکت وضعیہ۔حرکت محوری۔حرکت دولابی (ضد حرکت دوریہ) گردش وضعیہ۔گردش محوری۔گردش دولابی

Recurrence of Eclipses دور (یا توالی) کسوفات و خسوفات وہ زمانہ جس کے بعد کسوفات و خسوفات معینہ تاریخ و وقت پر از سر نو شروع ہوا کرتے ہیں۔اس دور کی مدت ۱۸ برس ۱/۳ ۱۱ یوم ہے۔بہ شرطیکہ اس مدت میں صرف چار سال کبیسہ واقع ہوں۔اگر پانچ کبیسہ ہوں تو ایک روز کم کیا جائے یعنی ۱/۳ ۱۱ کی بجائے ۱/۳ ۱۰ یوم محسوب کئے جائیں۔مثلاً سنہ ۱۸۷۸ء میں چار کسوف و خسوف واقع ہوئے ۲ فیروری کو کسوف حلقی ۱۷ فیروری کو خسوف جزئی ۲۹ جولائی کو کسوف کلی اور ۱۲ اگست کو خسوف جزئی۔ اس کے اٹھارہ برس اور ۱/۳ ۱۱ دن کے بعد سنہ ۱۸۹۶ء میں پھر وہی کسوف و خسوف واقع ہوئے:— ۱۳ فیروری کو کسوف حلقی۔۲۸ فیروری کو خسوف جزئی۔ ۹ اگست کو کسوف کلی اور ۲۳ اگست کو خسوف جزئی —

———:o:———

S.

Sad or Pegasi سعد یا سعد مطر کا مضرب۔صورت فرس اعظم کا ساتواں ستارہ جو تیسری قدر کا ہے —

Reformation of calendar — تقویم کی اِصلاح یا درستی —
Refraction (a breaking) — اِنحراف۔ اِنکسار۔ اِنعطاف —
Astronomical—— —فلکی
Atmospheric —کروی۔ کری
Differential—— —متفاوت
Refracting Telescope مکسر یا اِنکساری دوربین۔ اِنحرافی یا اِنعطافی دوربین—
Regulus (Regius) or a Leonis قلب الاسد۔ (ألملکی) (reg'u-lus) صورت اسد کا روشن ترین ستارہ جو ۱۶۴ قدر کا ہے۔ یہ ستارہ نہایت براق اور صورت اسد کے دل پر واقع ہے۔ (کوپرنیکس فلکی نے قلب الاسد کا ترجمہ کیا ہے)—
Relative motion حرکت متناسبہ یا نسبیہ۔ حرکت مقدرہ۔ حرکت مصافہ۔ ضد حرکت مطلقہ—
Relative positions اوضاع متناسبہ —
Repetition تکرار—
Repulsive Force قوت دافعہ—
Resisting medium وسیط مقاومہ یا مزاحمہ۔ وسیط اثیری (یا ایثری)—
Retardation of Earth's Rotation— مزاحمت دوران ارضی
Reticulated Micrometer—مشبک ریزہ پیما۔ جال دار ریزہ پیما
Reticulum (the Net) شبکہ۔ ع۔ جال۔ ہ۔ ایک جدید جلوبی صورت جس کو لکیلی فلکی نے بنایا—
Retrograde (backward) motion–see under motion حرکت متقہقرہ—
Revolution حرکت دوریہ (ضد حرکت وضعیہ یا حرکت محوری)—دورہ سنویہ—گردش سالانہ—
Rhea ری آ—
Rigel or Orionis (re'jel or rigel) رجل الجوزا یا رجل الجوزا الیسریٰ کا مضرب و مخفف—صورت جبار کا براق اور دوسرا روشن ستارہ جو قدر اول کا ہے—
" or Centauri رجل القنطورس۔ صورت قنطورس کا دوسرا روشن ستارہ—
Right Ascension --صعود مستقیم۔ مطلع استوائی۔ مطالع الجز

R.

Radial Disturbing force — قوت مغیرہ قطر حامل—

Radian — ریدین - وہ زاویہ ہے جس کی اُس قوس سے پیمائش کی جاتی ہے جو طول نصف قطر کے مساوی ہو—

Radiant Point — نقطۂ نورانی - منور یا روشن - بقعۂ نور—

Radius — نصف قطر—

Radius Vector — قطر حامل—

Rainbow — قوس قزح - ع - رنگین کمان - ف - دھنک - ہ—

Radiation, solar — اِشعاع شمسی—

Ram (Aries) — حمل - ع - برہ - ف - میکھہ - ہ—

Rasalas or μ Leonis — راس الاسد کا مضرب - برج اسد کا ایک ستارہ جو تیسری قدر کا ہے - اِس کو اکثر الشمالی بھی (ras'a las) کہتے ہیں کیوں کہ شیر کے سر میں جو تاروں کا مجمع ہے ان میں یہ ستارہ اِنتہاے شمال کو واقع ہے—

Rasalgethi (Ras-al-geti) or α Herculis — راس الجاثی کا مضرب - ایک مغیر مزدوج اور تیسری قدر والا ستارہ—

Ras Alhague or Ophiuchi — راس الحوا کا مضرب - صورت حوا کا روشن ترین ستارہ جو دوسری قدر کا ہے اور صورت مذکور کے سر میں واقع ہے—

(ras-al-haqu) — سپیرے کا سر—

Rate of clock — رفتار ساعت - گھڑی کی چال - اگر رفتار سست ہو تو موجبہ یا مثبت (Positive) اور اگر تیز ہو تو سالبہ یا منفی (Negative) کہتے ہیں—

Reading Microscope — خردبین خواندگی—

Real Ellipse — بیضی حقیقی—

Red flames — زبانہ ہائے (شعلہ ہائے) سرخ - لال لپٹیں—

Red stars — سرخ یا لال ستارے—

Red spot (of Jupiter) — سرخ داغ (مشتری کا)—

Reflecting Telescope — منعکس دوربین - اِنعکاسی دوربین—

Reflecting circle — دائرۂ منعکسہ یا عکس انداز - ایک رصدی آلہ جو سنہ ۱۷۷۰ ع میں اِیجاد کیا گیا—

Reflection — اِنعکاس - عکس—

Prolate spheroid	بیضی مجسم - بیضه - شبه کرۂ مستد —
Proper motion — see under Motions	حرکات خاصه —
Provindemiator	المتقدم القطاف —
Proximo	ماه آئنده کا —
Psalterium Georgianum (The Georgian Psaltery)	چلک گرجی - ایک جلوبی جدید صورت —
Ptolemaic system (tol i maik)	نظام بطلیموسی یا بطلمیوسی
Pythagorean System	نظام فیثا غوری —
Problem of three bodies	مسئلۂ سه اجرام - تین جرموں کا مسئله —

———:o:———

Q.

Quadrant	ربع دائره - ربع مقسم - بسیطه (چوتهائی چکر) —
Quadrant of Altitude	ربع اِرتفاع —
Quadrantids	اِکلیلیه - شهاب ثاقب کی وه جهری جو هر سال ۲ جلوری کو اُس نقطے سے شروع هوتی هوئی معلوم هوتی هے جوصورت اِکلیل شمالی فکه - قصعة المساکین - کاسه درویشاں کے شمال میں واقع هے - اِن شهب کی رفتار تیز اور راه لمبی هے —
Quadrature	تربیع - (قمر تربیع میں ربع اول اور ربع آخر کے وقت هوتا هے —
Quadra Euclidis	مربع اُقلیدس - ایک جدید نئی صورت —
Quarter, First and Last	ربع اول و آخر —
Quadruple stars	نجوم مربعه - چوگنے تارے —
Quartile	تربیع - جب دو جرموں میں نوے درجے کا بعد هو - تو تربیع کهتے هیں —
Quintile	تخمیس - جب دو اجرام فلکی میں (منطقة البروج پر) بهتر درجوں کا فاصله هو - تو تخمیس کهتے هیں —
Quiescent	ساکن —
Quintuple stars	نجوم مخمسه - پانچ گنے تارے —

مہال یا جھمکا-صورت سرطان میں چھوٹے ستاروں کا خوشہ—

Praxiteles (see Sculptoris) قلم نقاش-آلۂ کندہ کار-ایک جنوبی جدید صورت —

Precession of the Equinoxes إستقبال إعتدال-إستقبال معدلین-مبادرۃ الاعتدالین حرکت خاصہ اعتدالین-حرکت وسطیہ اعتدالین-حرکت زجعیہ إعتدالین-حرکت تقویمیہ إعتدالین—

Press of Guttenbergh مطبع گوتن برگ-ایک جنوبی جدید صورت—

Primary Planets (see under Planets) سیارات اولیہ-أولی

Primitive tide-waves مد أصلی—

Prime Verticle دائرۂ أول السوت-مسامتہ أولی-دائرۂ مشرق و مغرب—

„ Meridian نصف النہار أول-ھاجرہ أولی-

Primum mobile فلک الافلاک-فلک اعظم-فلک أطلس- قدیم ھیئت میں نواں آسمان جو سب آسمانوں سے أوپر اور سب کو محیط ھے اور جس کی گردش سے دوسرے سب آسمان بھی گردش کرتے ھیں—

Prism منشور-ج-مناشیر-منشور مثلثی-سہ پہلو بلور—

Prismatic colours ألوان منشوری—

Procyon (Greek the advanced dog) (۱) شعری شامی- (pro'si an) شعرائے شامیہ-اِس کو شعری غمیصا یا غموص اور صرف غمیصا بھی کہتے ھیں-صورت کلب أصغر کا روشن ترین ستارہ جو قدر أول کا ھے اور نور کے لحاظ سے کل کرہ آسمان میں آٹھواں ھے چوں کہ اِس کا مغیب عرب میں بہ جانب شام ھے اِس لئے شامی کہلاتا ھے (پروسی اون) یونانی میں کلب مقدم (یعنی وہ کتا جو ستارہ شعری یمانی سے پہلے ھے) کو کہتے ھیں (۲) کلب أصغر—

Projectile Force قوت مرمیہ-قوت پیش اندازی—

Projection of the sphere تسطیح کرہ—

Astrolabic— تسطیح أصطرلابی

Cylindrical or Orthographic— تسطیح أسطوانی—

Points of compass—نقاط قطب نما - جہات یا اسمات قطب نما —
Polar قطبی - قطب کا —
Polar axis محور قطبی —
,, Circle دائرۂ قطبی —
,, Distance بعد قطبی —
,, Compression تسطیح قطبی —
Polar star or Polaris – see Pole star نجم القطب - قطب تارہ
قطبی تارہ —
Pole قطب تثنیہ قطبین - ج - اقطاب —
the Antarctic — قطب جنوبی —
the Arctic — قطب شمالی —
Elevated — قطب مرتفع —
Depressed— قطب منخفض —
The elevation of the — ارتفاع قطب —
Celestial Poles—قطبین سماوی - اقطاب آسمانی فلکی سماوی
Terrestrial Poles قطبین ارضی - اقطاب ارضی —
The Pole of the Ecliptic قطبین طریق الشمس -
دائرۃ البروج —
,, C. Equator—قطبین خط استوائے سماوی
Pole–star \| or نجم القطب - قطب تارہ - ستارۂ قطب -
Polaris \| جدی عند العرب الفرقد - جدی عند الفقہا تصغیر
جدی - دھروا - ہ —
Pollux or Geminorum راس التوام المؤخر - صورت توائن کا
دوسرا روشن ترین ستارہ —
Pores of sun's surface سطح آفتاب کے مسامات —
Porrima or Virginis مؤخر القطاف - صورت عذرا (سنبلہ) کا
تیسرا روشن ترین ستارہ جو قدر سوم کا ہے -
(por–i–ma) (پوریما اہل روم کی ایک دیوی کا نام ہے)
Position Angle زاویۃ الوضع -
Position of a heavenly body وضع (ج - اوضاع) جرم فلکی
موقع —
Positive eye–pieces لطماتِ عینیہ موجبہ یا مثبتہ -
Praesepe (the Bee–hive) شان (عسل) شہد کی مکھیوں کا

Interior or Inner — سیارہ داخلی - اندرونی —
Inferior — سفلیہ - سفلی
Minor Planets or Astoroids | Planetoids — سیارات خرد سیارات صغیرہ یا نجیمات (واحد نجیمہ) سیارچے (سیارچہ واحد) —
Primary Planets — اولیہ اولی —
Secondary — سیارات ثانویہ - توابع واحد تابع - اقمار واحد قمر —
Terrestrial — ارضی - ارضیہ (عطارد - زہرہ - ارض اور مریخ کو کہتے ہیں —
Superior Planets — علوی - علویہ - علیا —
Intra-Mercurial Planet — سیارہ داخل مدار عطارد —
Trans Neptunian Planet — سیارہ خارج مدار نپچون —
Planetary Motion — حرکت سیاری یا سیاریہ —
Platonic period — دور افلاطونی - گردش اعتدالین کی مدت یعنی (۲۵۶۹۵) برس —
Planetary Nebulae see under Nebulae — سحابیہ یا سدیم سیاری یا سیاریہ —
Planetory Data — موضوعات یا مقدمات سیاری —
,, system — نظام سیاری —
Planisphere — کرہ مسطحہ - کرہ فلکی کا نقشہ —
Pleiades, the — ثریا (النجم) - ع - پروین - ف - جھمکا (اردو) سپتہ رسی - سنسکرتی - ۷ - چھہ یا سات چھوٹے چھوٹے ستاروں کا گچھا جسے عربی میں عنقود ثریا - فارسی میں خوشہ پروین اور ہندوستان کی عورتیں سات سہیلیوں کا جھمکا کہتی ہیں اہل روم ورجیلیا اور عوام اہل یورپ الزنقا (الثریا) اور الصبصال کہتے ہیں -
Plough the (see Ursa Major) — صورت دب اکبر یا بنات نعش کبریٰ کو کہتے ہیں —
Plumb-line — خط شاقول - رشتہ شاقولی - ریسمان کار —
P. M. — بعد نصف روز —
Pointers — دلیلین - دب اکبر کے دو روشن ترین ستارے جو خط مستقیم میں قطب ستارے کو ظاہر کرتے ہیں - اس لئے انہیں دلیلین (تثنیہ دلیل) کہتے ہیں —

میں منکشف ہوا—

Photography stellar — نجمی فوٹوگرافی - نجمی تصویر نور—

Photometer (light measurer) — مقیاس النور—

Photometric scale — پیمانۂ اقدار - پیمانۂ تنویر—

Photometry of stars — ستاروں کا درجۃ النور—

Photosphere — کرۂ نیرہ - نورانی کرہ - روشن طبق - آفتاب کی سفید انگار - روشن سطح—

Phurud or Canis Majoris (furood) — فرد (الفرد کا مخرب) کلب اکبر کا ایک ستارہ جو تیسری قدر کا اور جانور مذکور کے بائیں پنجے میں واقع ہے—

Pictor (the Painter's Easel) — اثافی المصورین - ایک جنوبی جدید صورت جو حمامۃ النوح کے جنوب میں واقع ہے - اِس صورت کو لکیلی صاحب نے سنہ ۱۷۵۲ ع میں بنایا - اُس میں ایک ۸،۵ قدر کا ستارہ ہے جس کی حرکت خاصہ کرۂ فلکی کے اور کل ستاروں سے زیادہ ہے یعنی ۸۷۰ ثوانی فی صدی—

Pisces (the Fishes) — حوت - حوتین - سمکتین (۱) بارھویں برج کا نام (۲) ایک برجی صورت کا نام—

Piscis Australis (the Southern Fish) — حوت جنوبی - ایک جنوبی صورت کا نام جو دلو کے جنوب میں واقع ہے - اِس کا روشن ترین ستارہ فم الحوت کہلاتا ہے—

Piscis Volans (the flying fish) — سمکۂ طائرہ - ماهي پران - اُڑتی ہوئی مچھلی—

(a Piscis Aust or Fomalhaut — الف حوت جنوبی یا فم الحوت—

Pixis Nautica (the Mariner's compass) — قطب نما - اِبرۃ الملاحین - حقۃ السفائن—

Place, Geocentric — موقع - مقام ارضی المرکز - آسمان پر کسی جرم فلکی کا وہ مقام جو زمین کے مرکز سے دکھائی دے—

Place, Heliocentric — موقع - مقام - شمسي المرکز - آسمان پر کسی جرم فلکی کا وہ مقام جو آفتاب کے مرکز سے دکھائی دے—

Plane of Ecliptic — سطح طریق الشمس—

Even —— — بسیط مستوی - ج - بسائط مستویہ—

Planet (Pl. Planets) — سیارہ - ج - سیارات—

Exterior or Outer — خارجی - بیرونی—

Perpetual Day — نہار دائم۔روز جاوداں
Perpetual Night — لیل دائم۔شب جاوداں
Persei or Mirfak — مرفق یا الف فرساؤس
,, or Algol — راس الغول یا ب فرساؤس
Perseids فرساوسیہ۔شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ہر سال ۹–۱۰ اور ۱۱ اگست کو صورت فرساوسؔ کی جانب سے آغاز ہوتی نظر آتی ہے۔اِس جھڑی کے شہاب بہت ہی سریع الحرکت ہوتے ہیں اور اُن کے بعد خطوط روش باقی رہتے ہیں —
Perseus (Caput Medusa) فرساوس۔حامل راس الغول۔ ممسک راس الغول (برشاوش یا برساوس جہلا کہتے ہیں) ایک قدیم شمالی صورت جو ثور اور ذات الکرسی کے مابین واقع ہے —
Personal equation — تعدیل شخصی
Perturbating Force — قوت معرجہ۔قوت مشوشہ
Perturbations اِضطراب۔ج۔اِضطرابات۔تعرجات اِضطرابیہ واحد تعرج اِضطرابی —
Phact or a Columbae نہرالحمامہ (یہ لفظ عربی فاختہ کا مضرب ہے) حمامة النوح کا روشن ترین ستارہ —
Phase — تشکل۔ج۔تشکلات۔مسازجہ۔ج۔مسازجات۔ع۔رخ
Perkad (ferk d) فرقد بمعنی گوسالہ (بچھڑا) کا مضرب۔ دب اصغر کا تیسرا روشن ستارہ جو تیسری قدر کا ہے —
Phoeda } or Ursae Majoris فخذالدب کا مضرب۔(فخذ۔ران)
Phaed } (fed or Fekda) صورت دب اکبر کا تیسرا روشن ستارہ جو دوسری قدر کا ہے —
Phenamina مظاہر (واحد مظہر) عالم میں وہ موجودات خارجیہ جن کو آدمی جان سکتا ہے —
Phobas.(fo'bas) فوبوس۔مریخ کا اندرونی قمر (تابع)
Phoenix or } (fe-) ققنس۔موسیقار۔آتش زن۔ایک جدید
Phenix } جنوبی صورت کا نام جو جان بیر نے اپنے قائمۂ سنہ ۱۶۰۳ ع میں لکھی ہے۔یہ صورت نہر اور کرکی یعنی کلنگ کے مابین واقع ہے —
Photography, Celestial فلکی فوٹوگرافی۔فلکی تصویر شمسی
Phoeaca (fo se a) فوسی آ۔ایک سیارچہ جو سنہ ۱۸۵۳ ع

Pegasi or Algenib — جناح الفرس

„ or Enif (or Enib) — انف الفرس

„ or Homam هاموم کا معرب جس کو فارسی میں کوهان کہتے هیں۔صورت فرس اعظم کا ایک ستارہ—

Pegasi and a Andromedae — فرغ ثانی الفرغ الثاني

Pegasus (the Winged Horse or the Flying Horse) فرس اول۔فرس (الفرس) فرس مجنح۔فرس ذوالجناح۔فرس ذوجناحین فرس اعظم فرس اکبر۔ایک قدیم شمالی صورت—

Pencil of Rays — قلم اشعہ۔تحریر اشعہ

Pendulum — رقاص۔رقاصہ۔ع۔لنگر۔ف۔لٹکن۔ہ—

Penumbra—A partial shadowing شعشعہ۔ظل راجع۔ظل منقلب۔ظل خفیف۔سایۂ خفیف۔هلکا سایہ جو خسوف یا کسوف کے گہرے سایہ کے باهر دکھائی دیتا هے—

Contact of - — تماس شعشعہ

Pori (near) — اقرب۔نقطۃ الراس

Periastron نقطۂ اقرب مدار ثوابت ثنائی۔نقطۂ راس ثوابت ثنائی—

Perigee (Perigeum) حضیض قمر۔زمین سے چاند کی قریب ترین مسافت یعنی ۲۲۱۶۰۰ میل—

Perihelion — حضیض۔بعداقرب۔نقطۃ الراس

Peri Saturnium — حضیض۔زحل۔نقطہ یا بعداقرب زحل

Period دور۔ج۔ادوار۔دورہ۔ج۔دورات۔دوران۔ج۔زمانہ گردش جگ—

Periodic Time مدت دوران۔زمانہ گردش۔وہ وقت جو کسی جرم کے حرکت دوریہ (اپنے مدار پر) گردش کرنے میں منقضی هوتی هے—

Sidereal — دور یا مدت نجمی۔دوران نجمی

Synodic— — دور (دوران یا مدت) قمری

Periodic Comets ذوات الاذناب یا دمدار ستارکان موقتہ یا وقتیہ—

Periodical or Periodic stars نجوم (کواکب یا ستارکان) موقتہ یا وقتیہ—

Periodicity — دورانیت

Paracentric motion — حرکت متجاوز المرکز —

Parallactic Angle — زاویہ اختلاف منظر —

Parallactic Equation — تعدیل اختلاف منظر —

Parallax — اختلاف منظر —

Annual — سنویہ - سالانہ

Diurnal — یومیہ - روزانہ

Geocentric — ارضی - ارضی المرکز

Heliocentric — شمسی - شمسی المرکز

Horizontal — أفقی

Optical — بصری

Solar — شمسی

Stellar — نجمی - کوکبی

—— of the fixed stars — ثوابت

Parallel — خط یا مدار متوازي - ج - خطوط یا مدارات متوازیہ —

Parallel sphere — کرہ متوازیہ - کرہ رحویہ —

Parallels(of Declination)- مدارات میول - دوائر متوازیہ میل

Parallel Wire Micrometer — ریزہ پیمائے تار متوازي - متوازی السلک مقیاس الجزئیات —

Parallelogram of Forces — قوی متوازی الاضلاع —

Parameter (Latus Rectum) — مقیاس الفروج —

Partial (Eclipse)— کسوف یا خسوف جزئی - ناقص - ادھورا گہن

Path — طریق - مسیر - ع - راہ - ف —

,, of shadow — طریق ظل —

The moon's path — مسیر قمر —

The sun's path — طریق الشمس —

Pavo (the Peacock) — طاؤس - ع - مور - ہ - ایک جنوبی جدید صورت جس کو بیر نے سنہ ۱۶۰۳ء میں تالیف کیا - اس میں ۳۴ ستارے ہیں - یہ صورت دوربین اور ثمن مجیب کے مابین اور قوس کے جنوب میں واقع ہے —

a Pavo — نیر الطاؤس - صورت طاؤس کا روشن ترین ستارہ —

Pegasi or Markal - متن الفرس - منکب الفرس - الف فرس اعظم -

,, or Scheat— ساعد الفرس - اس کو منکب الفرس کہتے ہیں

واقع ہیں اور منطقۃ الجوزا۔ نطاق الجوزا۔ نظام (یا نظم)
اور عوام میں عصائے یعقوب اور بی بی کی چھڑی کہلاتے ہیں
اور چار ستارے شکل ذوآربعۃ الاضلاع بناتے ہیں —

Orionids — جباریہ۔ شہاب ثاقب کی وہ چھڑی جو ہر سال
۱۸ و ۲۰ اکتوبر کو صورت جبار کی جانب سے بندھتی ہوئی
نظر آتی ہے۔ یہ شہاب تیز اور لہر دار ہوتے ہیں —

Orionis or Belelgeux — اِبط الجوزا۔ یدالجوزا الیسریٰ۔
الف جبار —

Orionis or Rigel — رجل الجوزا۔ رجل الجوزا الیسریٰ۔
ب جبار —

Orionis or Bellatrix — منکب الجوزا۔ ج جبار —

Orionis or Mintaka — منطقۃ الجوزا۔ نطاق الجوزا۔ د جبار —

Orionis or Alnilam — نظام یا نظم الجوزا۔ أ جبار —

,, — راس الجوزا —

Orionis Dog or Canis Major (which see) — کلب الجبار
(کلب آکبر) —

Orrery (or'er i) Aplanet-arium — آراری — حرکت نما —
ایک آلہ جس سے آفتاب کے گرد سیارات کی حرکت — مقادیر
ابعاد وغیرہ معلوم ہوتے ہیں اِس آلہ کو رولی نے سنہ ۱۷۱۵ع میں
بنایا اور ارل آف آراری کے نام سے مشہور کیا —

Orthogonal Disturbing Force — قوت مغیرۂ قائم الزاویہ —
قائم الزاویہ کی قوت مغیرہ —

Oscillation — اِهتزاز۔ اِرتجاج۔ ع۔ جھلاؤ۔ ہ —

P.

Pallas — پالس۔ ایک سیارچے کا نام جس کو آلبرز نے ۲۸ مارچ
سنہ ۱۸۰۲ع میں دریافت کیا —

Parabola — مکافی — ج — مکافیات — قطع مکافی — بیضی مستطیل
شلجمی —

Parabolic Comets — ذوات الاذناب مکافی۔ مکافی دمدار ستارے

Offing — أفق بحری — ث

Okda or a Pisciup — عقدۃ السمکتین کا مخفف و مغرب (دو دھاگوں کی گانٹھہ - فم الحوت - صورت حوت جنوبی کا روشن ترین ستارہ جو ساڑھے چار قدروالا اور ڈور کی اس گرہ پر واقع ہے جس سے دونوں مچھلیاں بندھی ہوئی ہیں —

Opacity — کثافت - تاریکی - غیر شفافی —

Opaque — مظلم - مظلمہ - ظلمانی - غیر شفاف - کثیف - تاریک دھندلا —

Opera Glass ' — آئینۂ تماشائی —

Ophiuchus (the serpent Bearer) — حوا - حامل الحیہ - ممسک الحیہ - ع - مارگیر - ف - ایک قدیم شمالی صورت جو صورت جاثی سے شروع ہوکر صورت عقرب تک خط معدل النہار کے پرے واقع ہے —

Ophiuchis or Res Alhague — راس الحوا —

,, or Cebalrai — کلب الراعی —

Opposition — (۱) استقبال (۲) مقابلہ - ضد مقارنہ - قران —

Orb — (۱) کرہ - ج - کرات - أکر - ع - گولا (۲) جرم - ج - اجرام فلکی —

The Celes Orb — کرۂ فلکی - کرۂ سماوی - کرۃ السماء - ع - گنبد فلک —

The Sun's Orb — جرم شمس - ع - چلکال —

The Moon's Orb — جرم قمر - ع - چلکال —

Orbed, Orbicular — مستدیر - مدور —

Orbit — مدار (جائے گردش) - ج - مدارات - مسیر - فلک - ج - افلاک —

The Orbit of the Earth — مدار ارضی - زمین کا مدار —

Orientation — تشریق - شرقیت —

Orion (the Hunter or the Giant Hunter) — جبار عرب جوزا اور عجم ترازو کہتے ہیں ایک نہایت خوش نما قدیم صورت جنوبی کا نام - چوں کہ معدل النہار اِس صورت کے مرکز میں سے گزرتا ہے اِس لئے یہ صورت روئے زمین کے ہر حصے سے دکھائی دیتی ہے - اِس کے ستارے نہایت روشن اور براق ہیں - یہ صورت ایک قوی ہیکل مرد کی مانند ہے جس کے پہلو میں تلوار لٹکی ہوئی ہے اِس میں سات ستارے ہیں جو خالی آنکھہ سے جگ مگ جگ مگ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں - منجملہ سات ستاروں کے (۳) صورت مذکور کے بیچ میں علی الاستقامت

Oblateness or Ellepticity of a Spheroid — تسطیح —

Oblique — مائل - متوارب (متواربہ - مونث) غیر قائم —

Sphere — کرۂ مائلہ یا متواربہ - رؤیت حمالیہ —

Ascension — صعود یا مطلع مائل یا متوارب —

Descension — تغرب یا مطلع مائل یا متوارب —

Obliquity (ob lik'witi) اِعوجاج ج میل - اِنحراف - ع - کجی - ف - ترچھا پن - ہ —

Obliquity of the Ecliptic — اِعوجاج منطقۃ البروج - میل منطقۃ البروج —

Observation — رصد - ج - اَرصاد - اِرصاد - ج - اِرصادات - مشاہدۂ فلکی - ملاحظہ —

Observater. — راصد - ج - راصدین - رصاد —

(1) Astronomical — فلکی - آسمانی —

(2) Magnetic — مقناطیسی - مغناطیسی —

(3) Meteorological — جوی - ہوائی —

(4) Seismic — زلزالی - ع - بھونچالی - ہ —

(5) Volcanic — برکانی - آتش فشانی —

Observatory — رصد - مرصد - ع - رصدخانہ - رصدگاہ - ف - جلتر ملتر آکاس لوچن - ہ - وہ بلند گنبد نما عمارت جس میں دوربین اور دوسرے آلات بصریہ و ریاضیہ اِس لئے نصب کئے جاتے ھیں کہ اجرام فلکی کی حرکات - عبور - طلوع - غروب - کسوف - خسوف مقام تناسب کے اِرصاد کئے جائیں - سب سے پہلی رصدگاہ متوں کی ھے جو سنہ ۴۳۰ ق - م قائم کی گئی - اِس کی خاص اِقسام ۵ ھیں —

Observer of the stars — راصد نجوم - ناظر نجوم - ستارہ بین —

Occultation (ok kultation) احتجاب - ج - احتجابات - کسی ستارے کا چاند کے پیچھے چھپ جانا کسی جرم فلکی کا دوسرے جرم فلکی کے پیچھے چھپ جانا —

Occulted — محتجب - ع - پوشیدہ - ف —

Octans (the Octant) — ثمن مجیب - ثمن مجیب عملی - ایک چھوٹی نئی صورت جو قطب جنوبی کے نزدیک صورت طاؤس اور طاہر فردوس کے اوپر لکیلی نے سنہ ۱۷۵۲ع میں تالیف کی —

Old style — قاعدہ قدیم - طرز قدیم —

North-West — شمال مغرب۔گوشۂ شمال و مغرب۔ف۔بائب
North-East — شمال مشرق۔گوشۂ شمال و مشرق۔ف۔ایسان
North Polar Distance — شمالی بعد قطبی
North Pole — قطب شمالی
Northing — شمول۔میلان شمالی۔رفتار شمالی
Nucleus (pl. Nuclei) نواۃ۔لب۔(مغز) دمدار ستارے کا
وہ نورانی سفید نقطہ جو اُس کا مرکزی حصہ ہوتا ہے
Nova pl. Novae or New stars نجوم یا کواکب جدیدہ۔
مولدۃ۔نئے ستارے (ھنگامی ستارے)
Mubecula Major — سحابیہ کبریٰ یا عظمیٰ۔بڑا سحابیہ
Mubecula Minor — سحابیہ صغریٰ۔چھوٹا سحابیہ
Number Golden (see Golden Number) عدد ذھبی۔ج۔اعداد
ذھبیہ۔طلائی عدد
Number of Eclipses — تعداد کسوفات یا خسوفات
Number of fixed stars — ثوابت کی تعداد یا شمار
Nutation — اِھتزاز۔ع۔جنبش۔ف
Lunar — قمری یا اِھتزاز قمری قطبین
Solar — شمسی یا اِھتزاز شمسی قطبین
Monthly — ماھانہ یا اِھتزاز ماھانہ قطبین
Nutation of the Earth's Axis اِھتزاز محور ارضی۔ع۔
بھوم دھروا جھماؤ

O.

Oberon (اساطیر میں پریوں کا بادشاہ۔راجہ اِندر) اوبی ران۔
سیارۂ یورانس کا بعید ترین قمر (تابع)
Object Glass — مرآۃ المبصرات
Objects, Test — اجرام اِمتحانی۔آزمائشی
Oblate — مسطح القطبین
Oblate Spheroid شبہ کرہ۔شبیہ بالکرہ۔بیضی مستدیر
(متاخرین کے نزدیک) شلجمی مجسم۔شلجمہ

Negative eye-piece — قطعۂ عینیہ منفی-منفی مرأۃالعین—

Nekkar or Bootis — نقار کا محبوب-صورت عوا کا دوسرا روشن ستارہ—

Neptune — نپتون-نظام شمسی کا نہایت بیرونی سیارہ-جس کا اِکتشاف گال فلکی نے بمقام برلن ۲۳ سپتمبر سنہ ۱۸۴۶ ع کو کیا—

New year — رأس السنہ-سال نو—

New year's day — نوروز-ف-بیساکھی—

Neptunic Centre — نپتونی مرکز—

New Moon — ہلال-ج-ہلالات و أہلہ-ع-ماہ نو-ف-نیا چاند—

Newtonian Telescope (see under Telescope) — دوربین نیوتن-معکس دوربین کی ایک قسم—

New Style — طرز جدید-قاعدۂ جدید-نو طرز—

Nihal or Al-nihal (Leporis) — نیہال-ب آرنب-صورت آرنب کا دوسرا روشن ستارہ—

Nocturnal Arc (see under Arc) — قوس اللیل—

Node (pl: Nodes) — عقدہ-تثلیہ عقد تین-ج-عقد-وہ دو نقطے جہاں مسیر قمر اور دائرۃ البروج میں تقاطع ہوتا ہے عقد تین کہلاتے ہیں-نقاط راس و ذنب-ع-راہو کیت-ہ—

- Two Nodes of a Planet — راس و ذنب—
- AscendingNode — عقدۂ صاعدہ—
- Descending node — عقدۂ نازلہ—
- Line of Nodes — خط عقدتین-خط مارہ بہ عقدتین—

Noon — ظہر-نیم روز-دو پہر—

- Apparent — ظاہری
- Mean — اوسط-معدل
- True — حقیقی

Norma (the Rule) or Euclid's Square (Norma et Regular) — قاعدہ یا مربع أقلیدس ایک جدید جلوبی صورت جس کو لاکیلی نے سنہ ۱۷۵۲ ع میں قائم کیا-اِس میں آٹھہ ستارے ہیں جو ۴.۶ قدر سے لے کر ۵.۵ قدر کے ہیں—

North — شمال-ع-أتر-ہ—

Convex — محدب

N.

Nadir — نظیر السمت - سمت القدم - النظیر —
Naked Eye — عین مجرد - چشم عریاں - چشم غیر مسلح - خالی آنکھ —
Nath or Touri — ناطح یا نطح - صورت ثور کا دوسرا روشن ستارہ جو جانور مذکور کے شمالی قرن (سینگھہ) پر واقع ہے —
Nativity — زائچہ - ف - جنم پترا —
Nautical Almanac — تقویم بحری - ملہا ج سلوی —
Neap Tide — جزر - ع - بھاٹا - ہ —
Nebula (pl: Nebulae) — سحابیہ - سحابی - ج - سحابیات - لطخۂ سحابیہ - ج - لطخات سحابیہ - سدیم - ج - سدام - (جدید عربی) سحابیۃ المضیۂ (جدید فارسی) سحاب نجمی (اہل ہند) —

(1) Annular — حلقیہ
(2) Elliptic — بیضیہ - ہلیلجیہ
(3) Planetary — سیاریہ
(4) Spiral — حلزونیہ
(5) Irregular — غیر منتظمہ
(6) Variable — متغیرہ
(7) Nebulous Stars — نجوم مسدمہ یا سدیمیہ - سحابی ستارے
(8) Whirlpool Nebula — گردابی

Nebular Hypothesis } — نظریہ سحابیہ - ج - نظریات - آراء سدیمیہ —
„ Theories }

Nebulocity — سحابیت - وہ کہر جیسی روشنی جو دوربین کے ذریعہ دکھائی دیتی ہے مگر اس کی تحلیل ستاروں میں نہیں ہوتی —

Nebulous Stars (see under nebula) — نجوم مسدمہ یا سدیمیہ - سحابی ستارے —

(5) Apparent — حرکت ظاهره - حرکت مرئیه —
(6) Real — حرکت حقیقیه یا ذاتیه - حقیقی یا ذاتی حرکت —
(7) Direct — حرکت مستقیمه —
(8) Retrograde — حرکت متقهقره - حرکت متراجعه رجعت —
(9) Proper motion — حرکت خاصه —
(10) Relative — حرکت متناسبه - حرکت مقدره - حرکت مضافه - حرکت نسبیه —
(11) Curlivilinear — حرکت منحنیه —
(12) Diurnal — حرکت یومیه - دوران یومی - حرکت وضعیه روزانه حرکت —
(13) Compound — حرکت مرکبه - ضد حرکت مفرده —
(14) Rotatory — حرکت دورانی —
Perpetual motion — حرکت دائمه یا دوامی —

Morning star, The — کوکب الصبح - ستارۂ صبح - ستارۂ سحر - نجم الصبح - صبح کا ستاره (ستاره زهره سے مراد هے) —

Mountains, Lunar. — جبال قمری - ع - کوه هاے (قمری) ماه - ف - چاند کے پهاڑ —

Movements, Apparent — حرکات ظاهره ظاهریه —
" Real — حرکات حقیقیه —

Mukdim or Wirgius — مقدم القطاف - صورت عذرا کا ایک ستاره —

Multiple Stars — (کواکب) نجوم متعدده —

Mural Circle — حجره - ع - حلقۂ دیوار —

Muphrid or Bootis (Mufrid) — مفرد الرامح - قدر سوم کا ایک ستاره جو عوا کے دائیں پیر پر واقع هے —

Musca the Fly (or the Bee) — ذباب - ع - مگس - ف - مکهی - جس کو نحله بهی کهتے هیں ایک جدید جنوبی صورت جو صلیب جنوبی کے جنوب اور بوقلموں کے مشرق میں واقع هے یه نام پهلے اس صورت کا رکها گیا تها جو صورت حمل کے شمال میں واقع هے —

Musca Australis vel Apis (The Southern fly) — ذباب جنوبی مگس جنوبی - ف —

Mirror — مرآت - ع - مرایا - ع - آئینه - ف - درپن —
Concave — مقعر —

۲۷ - یوم - ۵ - ساعت - ۵ - دقائق - ۳۵٬۸۱ ثوانی (یا ۲۷٬۲۱۲۲۲۲ - دن) —

Sidereal شہر نجمی - ماہ نجمی - وہ مدت جو چاند کو زمین کے گرد گردش کرنے میں کسی ستارے کے لحاظ سے منقضی ہوتی ہے یعنی ۲۷ یوم ۷ ساعات ۴۳ دقائق ۱۱٬۵۴۵ ثوانی یا ۲۷٬۳۲۱۶۶۱۴ یوم —

Sinodical or Synodic or Common ماہ قمری - شہر قمری ماہ عام یا متعارف | چاند - وہ مدت جو ایک ہلال سے دوسرے ہلال تک یا ایک بدر سے دوسرے بدر تک گزرتی ہے یعنی ۲۹ یوم - ۱۲ - ساعات - ۴۴ دقائق ۲٬۸۶۴ ثوانی —

Calendar ماہ یا شہر تقویمی - وہ مہینا جو تقویم میں درج ہوتا ہے اس کی مدت مختلف ہوتی ہے —

Lunar—or Synodic Month or Lunation ماہ یا شہر قمری (چندرماس - ہ) —

Solar ماہ یا شہر شمسی —

Tropical Month ماہ یا شہر اعتدالی یا ارضی قرانی وہ مدت جو چاند کے ایک قران سے دوسرے قران تک گردش کرنے میں گزرتی ہے —

Moon قمر - ع - ماہ - ف - چاند - ہ —

Moon—culminating stars نجوم کواکب مسیر قمر - چاند کے واسطے کے تارے - ستارے —

Morning صبح - فجر - فلق - غبا شہر - سحر - ع - ترکا جھٹ پٹا - ہ —

The——star کوکب الصبح - صبح کا تارہ - (زہرہ) —

Mothallah or Rasal Moth.llah or a Trianguli مثلث یا راس المثلث (کا مضروب) صورت مثلث کا روشن ترین ستارہ —

Motion حرکت - ج - حرکات - ع - رفتار - ف - چال - ہ —

Absolute حرکت مطلقہ —

(1) Acclerated حرکت سریعہ - ع - تیز رفتار —

(2) Uniformly accelerated حرکت سریعہ متشابۃ السرعت - حرکت سریعہ منتظمہ حرکت متسارع بالانتظام —

(3) Retarded حرکت بطیئہ - سست رفتار دھیمی چال —

(4) Uniformly Retarded حرکت بطیئہ متشابۃ البطوء - حرکت متباطئی بالانتظام حرکت بطیئہ منتظمہ —

Mira or Mera عجیب۔أعجوبہ (میرا یا مائی را نئی لاطینی میں عجیب کو کہتے ہیں) مشہور متغیر ستارہ قیطوس کا لقب۔
Mirach or Andromedae or Bootis مراق الدب (دیکھو)
Mirage سراب—
Mirfak or a Persei مرفق (کہنی) عربی سے لیا ہے۔کوکبہ فرساوس کا دوسری قدر کا روشن ترین ستارہ جو عموماً (Alchemb) اور (Algenib) کہلاتا ہے۔اِنتباہ۔فلکیین یورپ کی یہ بہت بڑی غلطی ہے کیوں کہ مرفق الکم تو کہلاتا ہے لیکن (Algenib) جناح الفرس کو کہتے ہیں۔ہم نے اِس کی توضیح الجنب میں کی ہے—
Mirzum or Canis Majoris مرزم یمانی۔صورت کلب آکبر کا دوسرا روشن ترین ستارہ جو تیسری قدر کا ہے۔(Merzam)
Missing Stars کواکب یا نجوم مفقودہ۔گم شدہ یا مفقود ستارے
Mizar (Mizar or Mezar) مئزر (شلوار، مئزرالدب کا معرب) صورت دب اکبر کا مشہور مزدوج ستارہ جو قدر دوم کا ہے—
Monday یوم الاثنین۔ع۔دوشنبہ۔ف۔پیر۔ہ —
Mohammadan Calendar تقویم اسلامی—
Montgolfier's Balloon مرکبۂ مانت گولفیر۔مانت گولفیر کا غبارا۔ایک جنوبی جدید صورت—
Mons Maenalus جبل الشیطان۔جبل الغول۔کوہ منیلاوس۔ ایک شمالی جدید صورت—
Monoceros (the unicorn) کرگدن۔ایک جدید صورت جو جبار کے مشرق اور جوزاء کے جنوب میں واقع ہے اور خط استوا اِس میں سے گزرتا ہے۔ہیئت عربی وحید القرن —
Month شہر۔ج۔شہور۔ع۔ماہ۔ف۔مہینا۔ا۔وہ مدت جو ایک ہلال سے دوسرے ہلال تک گزرتی ہے۔اس کا اوسط طول ۲۹٫۵۳۰۵۸۸۷ دن ہے—
Anomalistic ماہ شمسی اوجی۔چاند کی وہ مدت جو حضیض سے پھر حضیض تک گردش کرنے میں درکار ہوتی ہے یعنی ۲۷۔دن۔۵۔ساعت۔۵۔دقائق۔۳۵٫۸۱ ثوانی—
Nodical or Draconitic } ماہ یا شہر عقدتی یا عقدی۔چاند کی وہ مدت جو کسی عقدے سے پھر اُسی عقدے تک گزرنے میں لگتی ہے یعنی

Meteorological Observations — إرصادات جویہ—
Meteorology — علم هواهر جویہ-حوادث الجویہ-علم موسم کائنات جویہ—
Meteorologist — عالم—
Meteoritic Constitution — ترکیب شہابی —
Method of Least Squares see Least Squares — طریقۂ اقل مربعات —
Metonic Cycle — دور میٹون (دور قمری) یہ دور تقریباً ۱۹ برس یا ۲۳۵ شہور قمری یا (۶۹۳۹٫۶۹) دن کا هوتا هے جس کے إختتام پر هلال اور بدر سال کے أنہیں دنوں میں واقع هوتے هیں—
Micrometer (small measurer) — ریزہ پیما-مکرامیٹر-ایک آلہ هے جو مسافت هاے قریبہ اور چھوٹے چھوٹے زاویوں کی پیمائش کے لئے إستعمال کیا جاتا هے یہ کئی قسم کا هوتا هے—
Parallel wire Micrometer, The — ریزہ پیمائے تار متوازی—
Microscope — مجهر (جدید عربی) خردبین-ف—
Microscopium (the Microscope) — خردبین-ایک جدید جنوبی صورت جس کو لکیلی نے سنہ ۱۷۵۲ع میں قائم کیا-یہ کرکی (کلنگ) اور هندی کے اوپر اور قوس اور جدی کے إتصال پر واقع هے—
Middle star in the tail of the Great Bear — عناق-دب اکبر کی دم میں بیچوان ستارہ—
Midnight — نصف الیل-نیم شب—
Milky Way or Galaxy (see) — مجرہ-ع-کہکشاں-کاہ کشاں دائرۂ لبنیہ—
Mimas — میماس-معرب-مائی ماس-سیارہ زحل کا اندرونی قمر—
Minor Axis of Orbit — مدار کا قطر أقصر (یا أصغر)—
Minor planets or Asteroids — سیارچکاں (سیارچہ) نجیمات (نجیمہ) سیارات خرد—
Mintaka or Orionis — منطقۃ الجوزا-نطاق الجوزا-صورت جبار کا چوتھا روشن ستارہ جو قدر سوم کا هے اور جبار کی پیٹی کی إنتہاے مغرب میں واقع هے—

ج۔ هواجر۔ دائرہ سویعیہ۔ خط زوال۔ ج۔ خطوط زوال خط جنوب و شمال۔

—Altitude ارتفاع—

—Brazen نحاسی۔ برنجی—

—Celestial سماوی—

—Prime or First نصف النہار اول۔ هاجرہ اولی—

—Terrestrial ارضی—

Meridian Circle دائرہ نصف النہار—

Meridian Photometer مقیاس النور—

Merope مراوپی۔ عنقود ثریا میں کا ایک ستارہ جو ساڑھے چار قدر کا ھے

Mesartim or Arictis شرطان کا مغرب شرطین۔ آشراط یا نطح۔ ع۔ آسلی۔ ہ۔ صورت حمل کا ساڑھے چار قدر والا ستارہ—

Meteor شہاب ثاقب۔ ج۔ شہب ثاقبہ۔ نیزک۔ ج۔ نیازک۔ کرۂ ملتصبہ۔ حجر علوی۔ هوائی یا جوی۔ ج۔ حجارۂ آثار علوی رجم۔ ج۔ رجم۔ سنگ آسمانی۔ سنگ شہابی۔ شہابہ۔ آسمانی تھر وغیرہ جن کی اقسام حسب ذیل ھیں—

(1) Aerolites حجارۂ جویہ۔ حجارۂ هوائیہ واحد حجر جوی یا هوائی۔ سنگ ھاے شہابی—

(2) Falling stars نجوم ساقطہ۔ کواکب متنازلہ—

(3) Fire-balls کرات ناریہ یا نار۔ واحد کرۂ نار۔ گولے آتش۔ آکاس اگن گولے—

(4) Shooting stars نیازک واحد نیزک۔ توٹنے والے تارے۔

Detonating Meteors شہب متفرقعہ۔ نیازک متفرقعہ۔ واحد نیزک و شہاب متفرقع—

Meteoric Stones حجارۂ شہابی واحد حجر شہابی۔ سنگ ھاے شہابی—

(1) Siderites حدید نیزکی۔ آھن شہابی۔ سماوی یا آسمانی حدید ساقطہ—

(2) Siderolites آھن آمیز سنگ آسمانی۔ سنگ آھنیں—

Meteoric Showers جلقات نیزکیہ۔ شہاب ثاقب کی جھڑیاں—

„ Swarms شہاب ثاقب کے جھلڑ—

„ Hypothesis آرائے شہب ثاقبہ۔ راہ شہاب ثاقب۔ نظریہ شہاب ثاقب—

قراني- سال شمسی تقویمی) —

Mebsuta or Geminoram الذراع المبسوطه (پهيلا هوا هاتهه) صورت جوزا (دوپیکر) کا ایک تیسری قدر والا (ذراع مبسوطه) ستاره-بعض کرۂ فلکی پر (M boul) لکھا ہوا ہے (Me -so')

Medium, Resisting وسیط مزاحمه یا مقاومه- وسیط اثیری- اثیر العالمی- اثیر المنیر—

Megrez or Ursae Majoris مغرز الدب-صورت دب اکبر کے سات ستاروں میں سے ضعیف النور ستاره جو جانور مذکور (ریچهه) کی بن دم میں واقع ہے - یه قدر سوم کا ہے—

Mekbuda or Geminorum الذراع المقبوضه ذراع مقبوضه ذراع مسبوطه کی ضد-صورت جوزا میں ایک ستاره —

Menkal or (a) Ceti منکب القیطس کا مخفف-جس کو عموماً فم القیطس کہتے ہیں-صورت قیطس کا روشن ستاره—

Menkil or (b) Pegasi منکب الفرس کا مضرب-جو فرس اعظم کا دوسرا روشن قدر دوم کا ستاره ہے—

Menkalinan or Aurigae منکب ذی العنان یا کعب ذی العنان صورت ممسک العنان کا دوسرا روشن ستاره جو قدر دوم کا ہے (انتباه- منکب ذی العنان کا مضرب ہے)—

Menkar or a Ceti منقار القیطس-صورت قیطس کا روشن ترین ستاره جو اڑھائی قدر کا ہے اور قیطس کی ناک یا جبڑے پر واقع ہے بعض اس کو (Menkab) لکھتے ہیں (انگریزی لفظ منقار) (چونچ) کا مضرب ہے—

Menstrual Equation تعدیل ماهانه—

Merak or Ursae Majoris مراق الدب کا مضرب و مخفف- صورت دب اکبر کا دوسرا روشن ستاره جو دوسری قدر کا ہے اور دلبلین میں سے جلوبی ہے—

Mercury عطارد-ع-تیر-ف-(تیر گردوں-تیر چرخ-دبیر فلک دبیر چرخ-مجازاً) بده-ه- نظام شمسی میں آفتاب سے قریب ترین سیاره جو آفتاب کے گرد تین کرور سات لاکهه میل کے اوسط فاصلے پر ۸۸ روز میں اپنے مدار پر گردش کرتا ہے-قطر ۳۰۰۰ میل ہے—

Meridian (خط) نصف النهار-ج (خطوط) نصف النهار- هاجره

Markal or a Pegasi منکب الفرس (یہ لفظ عربی مرکب بمعنی سواری یا زین سے ماخوذ ہے) صورت فرس اعظم کا روشن ترین ستارہ جو قدر دوم کا ہے اور صورت مذکور کی پیٹھہ پر واقع ہے —

Mariner's Compass إبرة الملاحین- قطب نما—

Mars مریخ—ع—بہرام—ف—منگل—س—مجازاً ترک فلک—جلاد فلک—نظام شمسی کا چوتھا سیارہ جس کا مدار زمین ور مشتری کے مابین واقع ہے—

Marsic or K Herculis. مرفق (جاثی)—صورت جاثی کا ایک ستارہ جو پانچویں قدر والا ہے اور ہر قل (جاثی) کی دائیں کہنی پر واقع ہے - (انتباہ-یہ لفظ مرفق کا مخرب ہے)—

Mass کمیت- جرم- مقدار کمیت مادہ—

Mass of Sun and planets کمیت مادۂ شمس و سیارات —

Masym or Herculis (Masim) معصم (کلائی) کا مخرب— صورت جاثی کا پانچویں قدر والا ستارہ جو ہر قل کی بائیں کلائی میں واقع ہے—

Matter مادہ- مواد- هیولا—

Maxima & Minima of Variable stars (نجوم متغیرہ کا) ظہور و خفا یا کمال نقص یا معظم و مصغر —

Maximum ظہور—کمال—

Mazzaroth (see Sirius) شعری یمانی- ستارے کا قدیم نام—

Mean أوسط- معدل—

,, Density —کثافت- غلظ

,, Distance —بعد—ع- دوری—ف

,, Motion —حرکت—ع—چال—ہ—رفتار—ف

,, Obliquity —إعوجاج- میلان

,, Noon — ظہر—نیم روز—دو پہر

,, Solar day —یوم یا روز شمسی

,, Solar time — وقت شمسی

,, Siderial Revolution —دوران نجمی

,, Sun —شمس

,, Time — وقت

,, Tropical year —سال إعتدالی (یعنی سال أرضی

کہتے ہیں۔ بموجب ہرشل بڑے سحابیہ کی جسامت ۳۴ مربع درجات اور چھوتے سحابیہ کی ۱۰ درجات ہے —

Magnetic Storm مقناطیسی یا مقناطیسی طوفان۔ زمین کی حالت مقناطیسی کا اِضطراب جو غالباً سورج کے اِضطراب کے باعث ہوتا ہے۔ وہ مقناطیسی طوفان کہلاتا ہے —

Magnifying power of focus قوت مکبرہ محترق۔ فوکس کی بڑھانے والی قوت —

Magnetic Pole مقناطیسی قطب —

Magnitude of stars قدر۔ ج۔ أقدار۔ عظم۔ اِشراق۔ ستاروں کی ظاہری روشنی۔ جو ستارے بہت ہی زیادہ روشن نظر آتے ہیں۔ وہ أول قدر اور جو تارے أن سے کم روشن ہیں وہ قدر دوم اور جو أن سے بھی کم روشن ہیں وہ قدر سوم کہلاتے ہیں اِسی طرح قدر هژدهم تک صرف قدر ششم تک کے ستارے آنکھہ سے دکھائی دیتے ہیں —

First Magnitude قدر أول۔ پہلی قدر۔ قدر اول کے ستارے (۲۰) ہیں اور متقدمین کے نزدیک (۱۴) —

Second	,,	قدر ثانی۔ دوم۔ دوسری قدر
Third	,,	قدر ثالث۔ سوم۔ تیسری قدر
Fourth	,,	قدر رابع۔ چہارم۔ چوتھی قدر
Fifth	,,	قدر خامس۔ پنجم۔ پانچویں قدر
Sixth	,,	قدر سادس۔ ششم۔ چھٹی قدر

Maia (ma–ya. Gr. Maia) مے یا۔ عنقود ثریا (خوشہ پروین) میں کا بیسواں ستارہ جو قدر پنجم کا ہے —

Major Axis of Orbit محور أطول مدار —

Malus صورت سفینہ کے ایک جزء کا نام —

Marfak مرفق۔ عربی مرفق بمعنی آرنج (کہنی) سے مشتق ہے صورت ذات الکرسی کے دو ستاروں کا نام جو صورت مذکور کی دائیں کہنی کی جانب واقع اور چوتھی اور پانچویں قدر کے ہیں (مرفق ذات الکرسی) —

Marfik or Opinchi مرفق۔ یہ بھی عربی مرفق سے ماخوذ ہے راس الحوا کا گیارھواں ستارہ جو قدر چہارم کا۔ اور نجوم ثنائیہ میں سے ہے (مرفق الحوا) —

بن ہلز-ہ) کہتے ہیں ایک جدید شمالی صورت جس کو
ہیولیس فلکی نے سنہ ۱۶۹۰ع میں قائم کیا۔یہ صورت دب
اکبر اور مسک العنان کے مابین توامین کے شمال میں
واقع ہے۔اس کے دس روشن ستارے پانچویں قدر کے ہیں—

Lyra (the Lyre) شلیاق۔صنج بربط۔ع۔چنگ۔ف۔عرب
اس کو سلحفاۃ اور نسر واقع کہتے ہیں ایک قدیم شمالی
صورت جو صورت دجاجہ۔عقاب۔جاثی اور راس الثعبان کے
مابین واقع ہے—

Lyrae or Vega نسر واقع یا الف شلیاق۔صورت شلیاق کا
روشن ترین ستارہ جو قدر اول کا ہے اور روشنی کے لحاظ سے
کل کرہ فلک میں تیسرا ہے—

,, or Sheliak شلیاق یا ب شلیاق۔صورت شلیاق کا
دوسرا روشن ترین ستارہ—

,, or Sulaphat سلحفاۃ یا ۔ج۔شلیاق۔صورت شلیاق کا
تیسرا روشن ترین ستارہ—

,, or Aladfar ر ظفار یا اِ شلیاق۔صورت شلیاق کا ایک
ستارہ—

Lyrids شلیاقیہ۔شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ہر سال ۱۹
و ۳۰ اپریل کو صورت شلیاق کے نزدیک ایک نقطے سے آتی
ہوئی دکھائی دیتی ہے—

M.

Maculae داغ۔ف۔دھبا۔ہ—

Magellanic Clouds (ma-jel'lan-ik) سحاب یا ابرہائے
ماجلان۔کے بادل جنہیں بعض وقت سحاب (ابر) راس
رجاء صالح بھی کہتے ہیں۔نصف کرہ فلک میں قطب جنوبی
کے نزدیک دو سحابیات واقع ہیں جو بہت ہی اور ہلکے
ابر سے مشابہ ہیں اور اُن کے مکتشف ملاح۔ماجلان۔کی طرف
منسوب ہیں اِن میں سے بڑے کو سحابیہ عظمی (Nubecular
Major) اور چھوٹے ابر کو سحابیہ صغریٰ (Nubecular Minor)

Lunar cycle — دور قمر یا قمری —
,, distances — فواصل قمری - مسافات قمری - أبعاد قمری
,, eclipse — خسوف - چاند گہن - چاند گرهن —
,, month — شهر قمری - ماه قمری - هلالی مهینه —
,, year — سال قمری —
Lunar Ecliptic Limit — حد خسوفی —
Lunar stations or Mansions — منازل قمر ; واحد منزل قمر)
ع - نچهتر (س) منزل قمر سے وہ مسافت مراد هے جو چاند
شب و روز میں اپنی حرکت فوکزیه خاصه سے طے کرتا هے -
عربی میں آتهائیس اور هندی میں ستائیس منزلیں هیں:-
(۱) ثرطان (ثرطین) - أثراط یا نطح - ع - آسنی - ہ - (۲) بطین
ع - بهرنی - (۳) ثریا النجم - ع - کرتکا - ہ - اور فارسی پروین -
(۴) دبران یا عین الثور - ع - روهنی - ہ - (۵) هقعه - ع - مرگشر - ہ -
(۶) هنعه - ع - آدرا - ہ - (۷) ذراع - ع - پنربس - ہ - (۸) نثرہ - ع -
پکه (۹) طرف یا طرفه - ع - شلیکها (۱۰) جبهه - ع - مگها - ہ -
(۱۱) زبرة - ع - پوربا پهالگنی (۱۲) صرفه - ع - أوترا پهالگنی - ہ -
(۱۳) عوا - ع - هست - ہ - (۱۴) سماک (أعزل و رامح) - ع -
چیترا - ہ (۱۵) غفر - ع - سواتی - ہ - (۱۶) زبانے - ع - بشاکها - ہ -
(۱۷) إکلیل - ع - آنر آدها (۱۸) قلب - ع - جیشا - ہ (۱۹) شوله -
ع - مولا - ہ - (۲۰) نعائم - ع - پوربا کهاڈ - ہ - (۲۱) بلده - ع -
أوترا کهاڈ - ہ - (۲۲) سعد ذابح - ع - شرون - ہ - (۲۳) سعد
بلع - ع - دهنشٹا - ہ - (۲۴) سعد السعود - ع - شت بکها - ہ -
(۲۵) سعد الاخبیه - ع - پوربا بهادرپد (۲۶) مقدم (الفرغان)
اوترا بهادرپد - ہ - (۲۷) مؤخر (الفرغان) ریوتی - ہ -
(۲۸) رشا - ع —

Lunation — ماه قمری - تقمیر - وہ مدت جو دو اجتماع نیرین کے
مابین منقضی هو - یعنی ۲۹ دن - ۱۲ گهنٹے - ۴۴ منٹ (دقائق)
۲٫۷ سکنڈ (ثوانی) هلال سے هلال تک مدت —

Luni-solar Precession — استقبال قمرین (یهان قمرین - شمس
اور قمر کا تثنیه تغلیبی هے) استقبال نیرین - مبادرة نیرین —

Lupus (the Wolf) — سبع (عندالعرب) ذئب - گرگ (فلک)
ف - ایک قدیم جنوبی صورت —

Lynx (the Lynx) — فهدنمر - ع - پلنگ - ف - بعض (سیاه گوش - ف -

Limb of the moon — محیط القمر ـ قطعہ قمر —
The upper of the moon — محیط فوقانی —
The lower of the moon — محیط تحتانی —
Limits, Ecliptic — حدود کسوفیہ یا خسوفیہ —
Line of the Apsides — خط مار بہ اوج و حضیض —
„ nodes. — خط عقدتین —
„ Longitude. — خط طول ـ ج ـ خطوط طول ـ دائرہ
نصف النہار ـ دائرہ زوال یا دائرہ سویعیہ ـ ج ـ دوائر —
Radial lines — خطوط شعاعیہ —
Lion — اسد ـ لیث ـ ع ـ شیر ـ ف ـ سنگھہ ـ ہ ـ ایک برج اور ایک
صورت کا نام دیکھو (Leo) —
Little Bear — دب اصغر یا بنات نعش الصغریٰ ایک شمالی قدیم
Ursa Minor — صورت کا نام جس میں قطب تارہ واقع ہے دیکھو
Load star — نجم القطب ـ کوکب القطب ـ قطب تارہ ـ فقہا کے
نزدیک اس کا نام جدی ہے —
Local Time — مقامی وقت ـ وقت محلی —
Longitude — طول —
Celestial—— — فلکی ـ سماوی
Geocentric—— — آرضی ـ بہ نظر ساکن مرکز آرض
یا آرضی المرکز طول ـ
Geographical—— — جغرافی
Heliocentric—— — شمسی —
Terrestrial—— — آرضی —
Differences of Longitude — تفاضل الطول —
Differences between two Longitudes — تفاضل الطولین —
——of Perihelion — طول نقطۂ راس —
Lines of Longitude (see under line) — خطوط طول —
Loop of Retregression — حلقۂ تقہقر —
Lucida — انور ـ نیر ـ منیر ـ ستاروں کے مجامع یا عناقید میں
روشن ترین جرم مثلاً نیر الثریا وسط الثریا کو اور نیر السفینہ
سہیل کو کہتے ہیں —
Lumiere Cendree — نور آرض ـ زمینی تاب ـ کوہ آرض کی روشنی
جو حالت ہلال میں چاند پر نظر آتی ہے —

کے کتے) سے بھاگا ہوا جا رہا ہے-یہ صورت جبار (جوزا) کے
جنوب اور کلب اکبر کے مشرق میں واقع ہے-

Leporis or Arneb — آرنب-صورت آرنب کا روشن ترین ستارہ
جو آرنب کہلاتا ہے-الف آرنب—

,, or Nihal or Al-nihal — نیہال یا ب آرنب-صورت
آرنب کا دوسرا روشن ستارہ--

Libra (the balance) — میزان-ع-ترازو-ف-تلا-ہ (۱) بروج
دوازدہ میں سے ساتواں برج (۲) صورالبروج میں سے ایک
صورت کا نام جو ترازو سے مشابہ ہے-یہ صورت عقرب-سنبلہ-
قنطورس-سبع (ذئیب اور حوا سے گھری ہوئی ہے)—

First point of—— نقطۂ آول میزان-آول برج میزان-

Libræ or zuben el Genubi — زبانی جنوبی-کفہ جنوبیہ (کف
جنوبی) الف میزان—

,, or zuben el Chamali — زبانی شمالی-کفہ شمالیہ (کف
شمالی) ب میزان—

,, or zuben Hakrabi — زبانی عقربی یا زبانی العقرب
(بمعنی شاخ کژدم) صورت میزان (بقول بعض صورت عقرب)
کا تیسرا ستارہ جو قدر سوم کا ہے—

,, — زبانیان (اہل عرب کے موافق عقرب کی دو شاخوں پر
دو ستارے ہیں اور یہ منازل قمر میں سے ہے)—

Libration (a slow swinging as of a balance) — تمایل-
ارتعاش-ارتجاج-چاند کی وہ حرکت جنبش جس سے ہم
اس کے دوسرے پوشیدہ رخ کا کسی قدر حصہ دیکھ سکتے
ہیں-تمایل قمر-ارتجاج القمر-ارتعاش قمر کہلاتا ہے-اس
کی تین اقسام ہیں:—

Libration in Longitude — تمایل-ارتعاش-ارتجاج طول—

,, in Latitude — تمایل ارتعاش ارتجاج عرضی—

Diurnal — تمایل ارتعاش ارتجاج یومی—

Light — نور-ج-انور-ضیا-ع-روشنی-ف—

Light year — سنۂ نور-سال نور-روشنی کا برس-وہ مسافت جو
روشنی ایک سال میں طے کرتی ہے—

Limb — محیط-اجرام فلکی خصوصاً آفتاب و ماہتاب کے قرص
مرئی (ظاہر) کا کنارہ یا حاشیہ-قطعہ—

ایک صورت کا نام -(۲) پانچویں برج کا نام اِس میں آفتاب
۲۱ جولائی کو داخل ہوتا ھے - یہ صورت دب آکبر آسد آصغر
سرطان - شجاع - سدس - سنبلہ شعر برنیقی سے گھری ہوئی ھے

Leo Minor (The Lesser Lion) آسد آصغر - اُسید - ع - شیر بچہ
ف - ایک جدید شمالی صورت جس کو صورت آسد اور صورت
دب آکبر کے مابین ھی وی لی آس فلکی نے سنہ ۱۶۹۰ع میں
تالیف کیا —

Leonids آسدیہ - شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ۱۳ اور ۱۴
نومبر کو آلجبہہ کی جانب سے آتی ہوئی دکھائی دیتی ھے -
اِن شہابوں کی چال بہت تیز اور لہریا ہوتی ھے - یہ جھڑی
یوں تو ھر سال ہوتی ھے لیکن تینتیس سال میں ایک دفعہ
نہایت عظیم الشان واقع ہوتی ھے - آسدیہ کی آخر بڑی جھڑی
نومبر سنہ ۱۸۹۹ع واقع ہوگئی اور آئندہ نومبر سنہ ۱۹۳۲ع
کو ظہور میں آئیگی —

Leonis or regulus or Cor Leonis قلب الاسد - الف آسد -
صورت آسد کا روشن ترین ستارہ جو قدر اول کا ھے —

,, or Deneb Aleet or Denebola or Deneb صرفہ -
صورت آسد کا دوسرا روشن ستارہ جو عموماً ذنب الاسد کہلاتا ھے
بعض اس کو قلب الاسد (claw of the lion) بھی کہتے ھیں
عربی میں اس کا نام صرفہ اِس لئے رکھا گیا ھے کہ جب وہ
طلوع ہوتا ھے تو گرمی رخصت ہو جاتی ھے اور جب غروب
ہو تا ھے تو سردی —

,, or Algeiba (آلجبہہ) جبہہ - یا جبہۃ الاسد کا تیسرا
روشن ستارہ یعنی ج - آسد —

,, or Zosma (آلزبرہ) زبرہ یا زبرۃ الاسد یا زھرالاسد -
صورت آسد کا ایک ستارہ —

,, a Leonis جبہۃ الاسد یا آلجبہہ - یہ چار ستارے ھیں جو
ایک دوسرے سے ایک ایک کوڑے کے فاصلے پر حد معوج پر
واقع ھیں - اِن میں سے نہایت جنوبی ستارہ قلب الاسد الملکی
آنگریزی (The Heart of the Royal Lion) کہلاتا ھے —

Leonis ملکب الاسد - صورت آسد کا ایک ستارہ —

Lepus (the Hare) (lepus) آرنب - ع - خرگوش - ف ایک قدیم
جنوبی صورت جو خرگوش سے مشابہ ھے جو کلب الجبار (جبار

Celestial — میل-عرض سماوي
Geocentric — عرض ارضی —
Parallels of — دوائرعرض (دوائرالعرض) جب زمین پر مرتسم هوں-دوائرمتوازیه-دوائرالمیل (جب آسمان پرهوں)—
Heliocentric — عرض شمسی —
—of a star عرض کوکب-میل کوکب —
—of a planet عرض سیارہ
A degree of — درجة العرض-درجة المیل —
Terrestrial — عرض ارضي عرض بلد —
Geographical — عرض جغرافی عرض بلد —
Latus Rectum or Parameter مقیاس الخروج —
Laws قوانین-قواعد (واحد قانون-قاعدہ) —
of gravitation — جاذبیت-قوانین جاذبیت —
of motion — حرکت-نوامس حرکت —
Leap year — سنه یا سال کبیه-ع-لوند کا برس-ہ-سال عبور —
Lens عدسیه-ج-عدسیات (عدس کے اصل معنی مسور کی دال هیں چوں که محدب شیشه مسور کی دال سے مشابه هوتا هے اس لئے اس کو عدسیه کهنے لگے-اهل یورپ نے عربوں کی تقلید میں اس کا ترجمه لنز کیا جس کے معنی بهی مسور کی دال هیں —
Axis of the— سهم عدسیه —
Aperture of a— قطر عدسیه —
Concave — مقعر یا مجوف عدسیه —
Convex — محدب عدسیه —
Converging— انضمامی عدسیه —
Diverging— انفراجی عدسیه —
Double concave مقعرالطرفین-مقعرالوجهین-مقعرالسطحین —
Double convex محدب الطرفین-محدالوجهین-محدب السطحین —
Spherical— —کروی-کری —
Leo (the Lion) (le'o) الاسد-آسد-ع-شیر-ف-سنگه-ہ-(عربی میں لیث بهی کهتے هیں)-(۱) صورالبروج میں سے

Kiffa Australis or Zubenal Genubi or a Libra زبانے
جلوبی - کف جلوبی - صورت میزان میں قدر سوم کا روشن ترین ستارہ - (انتباہ - پہلا لفظ کف بمعنی پنجہ عربی ہے اور دوسرا لفظ آسٹریلس بمعنی جلوبی لاطینی ہے) —

Kiffa Borealis or Zubenal Chameli or Libra زبانےشمالی
کف شمالی - صورت میزان میں قدر سوم کا دوسرا روشن ستارہ (انتباہ - پہلا لفظ عربی دوسرا لفظ بوری اے لس بمعنی شمالی لاطینی ہے) ف - زبانے جلوبی اور زبانے شمالی کو بہ صیغہ تثلیہ زبانیان کہتے ہیں جو عرب فلکیین کے موافق عقرب (بچھو) کی دو شاخیں (ڈنک) ہیں —

Known stars کواکب متعارفہ - معلومہ یا معروفہ —

Kocab or Ursae Minoris کوکب شمالی کا مخفف کوکب -
نیرالفرقدین الصغریٰ - دب اصغر یا بنات النعش الصغریٰ کا دوسرا روشن ترین ستارہ جو تیسری قدر کا ہے - بطلیموس مصری کے زمانہ میں یہ ستارہ قطب سے نزدیک ترین تھا اس لئے اس وقت فی الاصل - یہی قطب ستارہ کہلاتا تھا لیکن اب ہمارے موجودہ قطب ستارے سے دور ہے —

Korneforos, or Herculis تمائیل - صورت جاثی کا دوسرا روشن ترین ستارہ —

L.

Lacerta (the Lizard) la–ser'ta کرفش - چلپاسہ - سام ابرص
چھپکلی - ایک شمالی جدید صورت جس کو راصد جلیل هیولیس نے سنہ ۱۶۹۰ع میں صورت ہائے دجاجہ - قیفاوس - فرس اعظم و مرأۃ مسلسلہ کے مابین تالیف کیا - اس صورت کا روشن ترین ستارہ چوتھی قدر کا ہے —

Lady's way— منطقۃ البروج کا قدیم نام - خدیجہ خاتون کی راہ —

Lane's law قاعدہ لین —

Last quarter of moon ربع آخر قمر —

Latitude عرض - ج - عروض —

تصریحی کو باہم ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے
(۱۹ × ۲۸ × ۱۵ = ۷۹۸۰)—

Julian year سال قیصری یا جولیانوسی - ۳۶۵ دن اور چھہ
گھنٹے کا سال —

June جون - حزیران - سال عیسوی کا چھٹا مہینہ —

Juno جونو - سیارات صغیرہ میں سے ایک سیارچہ کا نام جس کو
ہارڈنگ نے یکم سپتمبر سنہ ۱۸۰۴ع کو دریافت کیا اس کا
قطر (۱۱۰) میل اور قدر نجمی ۸٫۵ ہے یہ سیارچہ آفتاب کے
گرد ۴٫۳۵۸ برس میں زمین کی ۲٫۶۶۸ گنی مسافت پر
گردش کرتا ہے —

Jupiter مشتری - ع - برجیس - ہرمز - ف - برھسپت ہرسپت - ہ -
(مجازاً قاضی فلک - قاضی چرخ - سعد اکبر) —

K.

Kaffaljidhma or Ceti کف الجدما کا مخرب - صورت قیطس کا
تیسرا روشن ستارہ —

Kaitain or a Pizium مقدۃ الخیطین یا فم الحوت - صورت
حوت جنوبی کا روشن ترین ستارہ - اِنتباہ - یہ لفظ خیطین
(= دو دھاگے جس سے دو مچھلیاں بندھی ہوئی ہیں)
کا مخرب ہے —

Kaus Australis or Sagittaru قوس جنوبی - صورت رامی یا
قوس کا ایک ستارہ —

„ Borealis or „ قوس شمالی - صورت رامی یا قوس
کا ایک ستارہ —

„ Media or „ قوس الرامی - صورت رامی یا قوس
کا ایک ستارہ —

Keid or Alkaid or Eridani قائد یا القائد (الف لام تعریفی
ہے) دب اکبر میں قدر دوم کا ستارہ جو عموماً بنات النعش
کہلاتا ہے —

Kepler's Laws قوانین کپلر - قواعد کپلر —

Interior داخلی داخلیه-ع-اندرونی—
Interstellar space فلک الثوابت-وہ فضا جس میں
(کواکب الثوابت) ستارے ہیں یعنی جو نظام شمسی کے
باہر ہے—
Interior planets سیارات داخلیه یا داخلی-اندرونی سیارے
وہ سیارے جو زمین اور آفتاب کے مابین گردش کرتے ہیں
یعنی عطارد و زہرہ—
Intra-Mercurial Planets سیارات داخل مدار عطارد—
Invariable plane غیر متغیر سطح—
Iris (i ris) (see rainbow) قوس قزح-دھنک—
Io ایو-مشتری کا پہلا قمر (تابع) جس کو گالیلیو نے دریافت کیا—
Irradiation (irra'diation) إشعاع-إفادت—
Izar or Bootis (ezar) إزار کا معرب-إزار-مئزر یا مراق الدب
صورت عوا کا پانچواں تیسری قدر والا روشن ستارہ جو خوش
رنگ اور مزدوج ہے اور صورت مذکور کی کمر پر واقع ہے—

J.

Japetus (The outer satellite of saturn) جاپیٹوس
(یا بیٹوس معرب) سیارہ زحل کا نہایت بیرونی قمر (تابع)
جس کو ڈی کاسنی نے ۲۵ اکتوبر سنه ۱۹۷۱ء کو دریافت کیا
یہ قمر زحل کے گرد ۲۲۲۶۰۰۰ میل کے فاصلہ سے (۷۹) دن
۷ گھنٹے ۵۴ منٹ میں گردش کرتا ہے-پروفیسر پکرنگ کے
بموجب اس کی مقدار نجمی ۱۱۲۸ ہے—
January جنوری-کانون ثانی-سنه عیسوی کا پہلا مہینه—
Jove (see Jupiter) مشتری-ع-ھرمز-برھسپت—
Jovicentric مشتری السرکز-بہ نظر ساکن مرکز مشتری-کسی
جرم فلکی کا وہ مقام جو سیارہ مشتری کے مرکز کے لحاظ سے ہو—
Julian Calendar تقویم رومی-تقویم جولیانوسی—
Julian Period دور قیصری-دور جولیانوسی دور اعظم قیصری-
(۷۹۸۰) سال کا دور جو دور قمری-دور شمسی اور دور

منظر-میدان نظر کی افروزش —

Image — شبیه-تصویر-ع-پیکر-ف —

Immersion (a plunging in) — حیلوله —

Impulse — تحریک-تحرک یا زور ناگہانی —

Impulsive force — قوت محرکه —

Inclination — میل-اِنحراف-میلان —

Inclination of an orbit — مدار —

Inclined plane — سطح مائل —

Increase — کمال (قمر) —

Indiction — دورالتصریح-پندرہ سال کا زمانه جو رومی بادشاه قسطنطین نے مقرر کیا —

Indus (the Indian) — هندی-ایک جدید جنوبی صورت جو صورت طاؤس اور کرکی (کلنگ) کے مابین واقع هے اِس صورت کو بیر نے سنه ۱۶۰۳ع میں شائع کیا —

Inferior planets (Mercury and Venus) — سیارات سفلیه-یعنی عطارد و زهره اِن دونوں کو سفلین کهتے هیں —

Inferior Conjunction — اِقتران أسفل-مقارنه تحتانی —

Inertia — اِستمرار —

Infinity — بے پایانی —

Influences (of the star) — أحکام-تاثیرات-اِتصالات (کواکب) —

  A happy influence of the stars — سعد —

  An unhappy influence — نحس —

Ingress (a going in) — حیلوله-دخول —

Ingress and egress — دخول و خروج —

Instrument — آله-ج-آلات مثلاً آلات رصد-آلات فلکیه —

Instruments, Meridian — آلهٔ نصف النهار-وہ آلات جو ستاروں کے اِرصاد میں جب وہ نصف النهار پر سے عبور کرتے هیں-کام میں آتے هیں —

Intercalation — اِنافة-ع-أیام کبیه-لوند کے دن-شمسی و قمر سال یا ماہ کا فرق —

Intercalary or leap days — أیام کبیه-لوند کے دن —

  ,, month — شهور کبیه-کبیه مهینے —

  ,, year — سنه کبیه-سال کبیه —

چاند جو ہر سال ۲۱ اکتوبر کو بڑی چمک دمک کے ساتھ نکلتا ہے —

Hayades (hi'a-des) فردود۔صورت ثور میں ستاروں کا ایک مشہور خوشہ عنقود جس کا مشہور ستارہ الدبران(دبران) ہے —

Hydra (the sea serpent) hi'dra حیہ۔شجاع۔ع۔ماربسیار سر۔ف۔ایک قدیم جنوبی (or the water-snake.) صورت جو دریائی سانپ سے مشابہ ہے جس کی پیٹھ پر صورت باطیہ اور اس کی دم کے قریب صورت غراب واقع ہے اس کے مشہور ستارے فردالشجاع اور عنق الشجاع ہیں —

Hydrae or Alfard or Cor Hydrae فردالشجاع۔یا الفرد شجاع یا حیہ۔صورت حیہ کا روشن ترین ستارہ —

Hydrus the(water snake) حیۃالماء۔ع۔مارآبی۔ف۔اس کو مارجنوبی بھی کہتے ہیں۔ایک جنوبی صورت جس کو لکیلی نے ستارۂ اخیرالنہر اور قطب جنوبی کے مابین قائم کیا —

Hyperbola قطع زائد۔ھذلولی۔زائد ازمکافی۔زوائد۔ج۔زوائدات

Hyperbolic Comets قطع زائدی دنبالہ دار ستارے۔وہ دمدار ستارے جو قطع زائدی مدارات پر گردش کرتے ہیں —

Hyperion ہائی پی ری ان۔زحل کا ساتواں (تابع) قمر جس کو بانڈ اور لاسل نے ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۴۸ع کو دریافت کیا —

Hypothesis رائے۔ج۔آرا رائے نظری۔ج۔آرائے نظریہ —

I.

Iapetus (the outermost satellite of saturn) یاپیٹوس۔زحل کا نہایت بیرونی قمر —

Ibn Jounis ابن یونس —

Iklil or Iklil-al-jebha or Scorpu — اکلیل یا اکلیل الجبہہ صورت عقرب کا دوسرا روشن ستارہ جو تیسری قدر کا ہے —

Illumination تنویر۔انارت۔تجلی۔ع۔افروزش۔تابش۔ف —

Illumination of the Field of View تنویر مطمح نظر۔تنویر

میں ہر ایک سے ۹۰ درجے کے فاصلے پر اُفق واقع ہے —

Astronomical — اُفق ہیئتی —

Celestial— اُفق سماوی (یعنی اُفق حسی) —

Apparent— اُفق مرئی - اُفق شعاعی - اُفق رؤیت - وہ دائرہ جہاں آسمان و زمین ملتے دکھائی دیتے ہیں —

Visible — اُفق نظری - اُفق المنظور —

Artificial— اُفق مصنوعی —

Parallel — اُفق متوازی اُفق رحوی —

Physical — اُفق طبیعی —

Oblique — اُفق مائل —

Rational — / Real — / True — اُفق حقیقی —

Sensible — اُفق حسی —

Right — اُفق مستقیم - استوائی - اُفق الاستواء —

Wooden — اُفق خشبی - اُفق کرسی —

Horizontal — اُفقی —

,, line — خط اُفقی —

,, plane or plane of the horizon — سطح اُفقی یا سطح اُفق —

,, parallax — اختلاف منظر اُفقی —

Horologium (the clock) ساعت - ع - گھڑی - ہ (بعض حارس الاوقات اور حافظ الاوقات کہتے ہیں) (Hor-o-lo′gi-um) ایک جدید جنوبی صورت جو لاکےلی - فلکی نے اٹھارھویں صدی کے اواسط میں صورت نہر کے مشرق جانب قائم کی - یہ صورت گھڑی سے مشابہ ہے —

Horoscope — طالع - ج - طوالع - ع - زائچہ - ف - جنم پتر - ہ —

Horn of the Moon — قرن ہلال - قرنین ہلالی —

Hour — ساعت - ج - ساعات - ع - گھنٹہ - ہ —

,, Angle — زاویۂ سویعیہ - زاویۂ ساعتی —

Hour Circle or Horary Circle— دائرہ ساعت - ج - دوائر ساعات

,, Line — خط ساعتی —

Hunter's moon بدر صیاد - شکاری کا چاند - وہ چودھویں رات کا

Southern— —جنوبی
Visible— —مرئی - مرئیه
Invisible— —غیر مرئی - مخفی

Helium شمسیة - هیلی اَم - ایک فازیه عنصر جس کو لاکیر فلکی نے سنه ۱۸۶۸ع میں شبیه الوان مختلفه شمسی میں دیکھا—

Hercules (kneeler) her'ku-lez جاثی علی رکبتیه - جاثی - هرقل - راقص - رقاص - ایک قدیم شمالی صورت کا نام جو به شکل مربع تنین - عوا - شلیاق اور اکلیل شمالی کے درمیان واقع هے - یه ایک شخص سے مشابه هے جو اپنے دوزانووں کے بل کھڑا هوا هے - سر جانب جنوب هے - سیدھے هاتھه میں عصا (فلکیین یورپ کے موافق - درخت سیب کی شاخ) بائیں هاتھه میں سبع شمالی (سگ سه سر = تین سروں والا کتا) اور دونوں مونڈھوں پر شیر کی کھال ڈالے هے—

(1) Herculis or Ras Algethi — راس الجاثی —
(2) ,, or Korneforos — تماثیل —
(3) ,, — مرفق الجاثی الایسر —
(4) ,, or Masym — معصم —

Herschelian Telescope or Front View هرشل کی دوربین یا پیش منظر—

Hipparchus اِبرخس - هپرخوس (ق - م - سنه ۱۶۰ ولادت ق - م سنه ۱۴۰ وفات - علم هیئت کا بانی جونی سی آ میں پیدا هوا اور سکندریه اور رودزمیں زندگی بسر کی - اُس نے استقبال اعتدالین - دور قمری - دور شمسی اور مثلث کروی اور بسیط کو دریافت کیا—

Homam Pegasi هاموم (کا مخرب جس کو فارسی میں کوهان کہتے هیں) صورت فرس اعظم کا ایک ستاره—

Horary ساعتی - وه مظهر جو ساعت سے منسوب هوں —
,, Circle دائرهٔ ساعتی —

Horizon اُفق - ج - آفاق - وه دائره عظیمه هے جو کره آسمان کے دو برابر حصے کرتا هے - ایک کو جو دکھائی دیتا هے نیمهٔ مرئی شطر اعلیٰ اور دوسرے کو جو دکھائی نہیں دیتا نیمهٔ مخفی یا شطر اسفل کہتے هیں - اُفق کا قطب اعلیٰ سمت الراس اور قطب اسفل سمت القدم یا نظیرالسمت هے - جن کے بیچوں بیچ

سحابیات- لطیفہ- ج- لطیفات سحابیہ- (جدید عربی)
سدام واحد سدیم- (۱۰) مجرہ-ع-کہکشاں-ف—
Hebe هی بی-مغرب حور-ع-(یونانی أساطیر میں هی بی مشتری اور جو نو کی لڑکی کا نام جو حسن و جوانی کی دیوی خیال کی جاتی هے) ایک سیارچہ جو مریخ اور مشتری کے مابین مدار پر آفتاب کے گرد گھومتا هے-اِس کو هلکی نے سنہ ۱۸۴۷ع میں دریافت کیا—
Heliacal (relating to the sun) (۱) شمسی (۲) الکنار روزی- (نجوم) طالعہ—
,, Longitude —طول
,, Rising —طلوع
Heliacal Setting غروب شمسی—
Heliocentric place شمسی المرکزمقام یا موقع- کسی جرم فلکی کا وہ مقام جس کا سورج کے مرکز سے دیکھا جانا فرض کیا جائے—
Heliocentric — بہ نظر ساکن مرکز شمس- شمسی المرکز- شمسی—
Heliometer قائمہ- مقیاس الشمس- أجرام فلکی کا بعد و قطر دریافت کرنے کا آلہ- اِس کو فرا و نہوفر نے سنہ ۱۸۱۴ع میں ایجاد کیا- پہلے پہل اِس کا اِستعمال جیسا کہ اِس کے نام سے ظاهر هے آفتاب کی پیمائش کے واسطے تھا- سب سے بڑا قائمہ ساڑھے آٹھ اِنچ کا وائنا کی رصد گاہ میں هے—
Helioscope or solar eye-piece آفتاب بیں- ف- (قطعہ عینیہ شمسی-ع) ایک قسم کی دوربین جس سے خاص آفتاب کا مشاهدہ کرتے هیں کیوں کہ اِس میں سیاہ یا دهویں کے آئینوں کے ذریعے اِنعکاس نور بہت هی کم کر دیا جاتا هے—
Heliostat شعاع انداز شمسی- ایک آلہ جس سے سورج کی کرن اندھیری کوٹھری میں داخل کی جاتی هے- وہ آلہ جس سے شعاع شمسی کا اِنعکاس کسی خاص سمت میں قائم کیا جا سکتا هے- ستاروں کے متعلق هو تو شعاع انداز نجمی Siderostal کہتے هیں
Heliotrope آفتاب پرست- ف- سورج مکھی- ایک قدیم آلہ جس سے آفتاب کا مدارات میں داخل هونا معلوم کیا جاتا هے-
Hemisphere نصف کرہ- شطر- ع- نیمہ- ف—
Northern— —شمالی

سراچۂ آفتاب—

Hadley's Sextant سدس هیدلی-وہ سدس جو جان هیدلی نے سنہ ۱۷۳۰ ع میں اِیجاد کیا-اِسی قسم کا ایک آلہ تامس گادفرائی نے سنہ مذکورہ میں بنایا-اِن اِکتشافات کے صلے میں جمعیت ملکیہ نے هیدلی اور گادفرائی دونوں کو دو دو سو پونڈ اِنعام دیا-هیدلی صاحب نے اپنے پہلے اِکتشاف کے کچھہ عرصے بعد ایک اور بہتر سدس تیار کیا جو موجودہ سدس کے بالکل مشابہ هے—

Halley's Comet هیلی کا دنبالہ دار ستارہ یا دمدار ستارہ-ذات الذنب هیلی-ایک موقت دمدار ستارہ جو هر چهتر برس میں طلوع هوا کرتا هے-آخر دفعہ سنہ ۱۹۱۰ ع میں ظاهر هوا اور آئندہ سنہ ۱۹۸۶ ع میں طلوع هوگا—

Halley's method of determining the solar Paralax طریقۂ هیلی جس سے اِختلاف منظر شمسی دریافت کیا جاتا هے—

Hamal or a Arietis حمل-نیر الحمل-صورت حمل کا روشن ترین ستارہ—

Harvest moon بدر الحصاد-ع-ماہ درو-ف-وہ پورا چاند (ماہ کامل) جو اِعتدال خریفی کے قریب یعنی ۲۳ سپتمبر کو هر سال بڑی آب و تاب کے ساتھہ نکلتا هے—

Head of a comet لب-ع-سر-ف-(دنبادار ستارے کا)—

Head of Meduse head of the female demon راس الغول-ع-سر دیو-ف—

Heaven سما-ج-سماوات-فلک-ج-افلاک-ع-آسمان-گردون-چرخ-سپهر-ف-آکاس-س—

Heavenly bodies اَجرام فلکی (فلکیہ) سماوی (سماویہ-سمویہ) اَثیریہ-سورج-چاند-ستارے اور سیارے جو آسمان میں نظر آتے هیں وہ اَجرام سماویہ کہلاتے هیں-اِنتهاہ-اَجرام فلکی یہ هیں (۱) آفتاب-شمس-سورج (۲) قمر-ع-ماهتاب-ف-چاند-ہ-(۳) سیارات (واحد سیارہ) (۴) توابع (واحد تابع) جن کو اقمار بهی کهتے هیں (۵) ذوات الاذناب-ع-دنبالہ دار ستارے (۶) شهاب ثاقب ج-شهب ثاقبہ (۷) ثوابت (ثابتہ واحد) (۸) عنقود-ج-عناقید-ع-خوشہ-ف-گچها-ہ-(۹) سحابیہ-ج-

Gravity — قوت جاذبہ۔ قدیم نام میل مرکزی ھے۔ بعض لوگ کشش ثقل کہتے ھیں لیکن مناسب نہیں معلوم ھوتا —

Great Bear, Ursa Major | The Plough or Charles's Wain | The Waggon The Dipper — دب اکبر۔ بنات نعش الکبرٰی — ایک قدیم شمالی صورت جو ریچھہ کی شکل سے مشابہ ھے —

Great Circle — دائرۂ عظیمہ۔ دائرہ کبیرہ۔ ج۔ دوائر عظام۔ دوائر عظیمہ۔ دوائر کبیرہ یا کبار —

Gregorian Calendar — تقویم غریغور یا گرگری —

Gregorian Telescope — دوربین غریغور یا گرگری —

Group — مجمع۔ ج۔ مجامع۔ مجموعہ۔ ج۔ مجامیع —

Greek Alphabet — حروف ابجد یونانی —

Alpha	kappa	tau
Beta	lamda	upsilon
gamma	mu	phi
delta	nu	chi
epsilon	xi	psi
zeta	omikron	omega
eta	pi	
theta	ro	
iota	sigma	

Grus (the Crane) — کرکی۔ غرنیق۔ ع۔ کلنگ۔ ف۔ ایک جدید جنوبی صورت جو صورت دلو اور حوت جنوبی کے مابین واقع ھے —

Gyroscope — جیروسکوپ۔ ایک آلہ جو گردش زمین کے ثابت کرنے کے لئے سنہ ۱۸۵۲ع میں بنایا گیا —

H.

Halo — (۱) ھالہ۔ ج۔ ھالات۔ ع۔ خرمن ماہ۔ سراچۂ ماہ۔ خرگاہ (خرگہ) قمر۔ ف۔ کنڈل۔ منڈل۔ ہ۔ (۲) طفاوۃ۔ ع۔ خرمن آفتاب۔

جوسر ولیم هرسل نے دریافت کرکے شاهنشاه جارج کے اعزاز میں رکھا لیکن بوڈ راصد کے رکھے هوئے نام یورانس کے آگے یہ مشہور نہ هوا—

Giauzar or Draconis — جوزهر معرب گوزهر کا مخرب۔صورت تنین کا ایک ستاره—

Gibbosity of Mars — نیمبریئی مریخ۔انحداب مریخ—

Gibbous Moon — قمر نیمبریں۔ف۔النیمبری معرب فارسی۔ قمر کوزپشت۔چاند کا قرص جب آدھے سے زائد روشن هوتا هے تو نیم بریں کہلاتا هے۔یہ ربع اول اور بدر کے مابین واقع هوتا هے اور پھر بدر اور ربع آخر کے درمیان—

Globe — کره۔ج۔کرات۔اکر—

,, Artificial — کره مصطنعه۔مصنوعه۔صناعیه—

,, Celestial — کره سماویه۔فلکی۔کرة السما۔ع۔کره آسمانی

Artificial Celestial Globe — کره مصطنعه سماویه—

,, Terrestrial Globe — کره مصطنعه۔ارضیه۔ارضی

,, Terrestrial — کره ارضیه۔ارضی—

Globular Cluster — عنقود کروی (عناقید کرویه۔ج) بعض ستاروں کے خوشوں (گچھے) کا نام جو شکل میں کروی یا تقریباً کروی هیں—

Gnomon (nomon) (ساعت شمسیه۔دائره هندیه۔دهوپ گهڑی) کا عقرب—

Golden numbers — اعداد ذهبیه۔طلائی عدد۔زریں عدد—

Granulation, (willow leaves, or rice grains) — تحبب۔ع۔ کهیل۔ه۔دوربین کے ذریعے دیکھنے سے سورج کی سطح پر جو دانے دانے سے معلوم هوتے هیں انہیں تحبب یا کهیل کہتے هیں—

Gomeisa or Canis Minoris — غمیصا۔(شعری شامیه) فلکیین یورپ کے نزدیک صورت کلب اصغر کا دوسرا روشن ستاره۔ کیوں کہ وه اس صورت کے روشن ترین ستارے کو (Procyone) شعری شامی کہتے هیں لیکن یه ان کی شرمناک غلطی هے اس لئے کہ شعری شامی اور غمیصا کوئی علیحده ستارے نهیں هیں۔بلکه ایک مسمی کے دو نام—

Gravitation (Universal) — جاذبیت عامه—

Gravitational Astronomy — هیئت جاذبیه—

نطم - نطاق الجوزا - قتار الجوزا کہتے ھیں —

Geminids — جوزائیہ - شہاب ثاقب کی وہ جھڑی (حلقہ) جو ھر سال ۹ اور ۱۲ دسمبر کو ایک نقطے سے - جو ستارہ راس التوام المقدم سے قریب ھے - آتی ھوئی نظرآتی ھے —

Geminorum or Castor — یدالجوزا الیمنی - راس توام مقدم مقدم التومین - الف توامین یا جوزا صورت جوزا کا روشن ترین ستارہ جدید عربی میں کستور کہتے ھیں جو مسکن الترک ھے —

,, or Pollux — رجل الجوزا الیسری - راس التوام المؤخر - مؤخر التومین - ب - جوزا یا توامین صورت جوزا کا روشن ترین ستارہ - جدید عربی میں بولکس کہتے ھیں جس سے احتراز واجب ھے -

,, or Alhena — هنعه الهنعه (ال تعریفی ھے) — یدالجوزا الیسری —

,, or Wesat — المیسان - و جوزا —

,, or Mekbuda — الذراع المقبوضه —

,, or Mebsuta — الذراع المبسوط —

Gemma or a Coronae Borealis — منیرالفکه - نیرالفکه - صورت اکلیل کا روشن ترین ستارہ —

Geocentric — بہ نظر ساکن الارض - ارضی المرکز کسی سیارہ کا وہ مقام جو زمین کے مرکز سے دیکھا جائے —

,, Latitude — عرض بلد

,, Longitude — طول بلد

,, Lunar Distance — بعد قمری

,, Parallax — اختلاف منظر

,, Place or position — موقع

Geodesy — پیمائش نظری - پیمائش کی ایک قسم جس سے زمین کے بڑے بڑے حصوں کی شکل و جسامت دریافت کرتے ھیں —

Geodetic — پیمائش نظری کے متعلق —

Giedi, Prima and Secunda — زن الجدی المتقدم | صورت زن الجدی المتاخر | جدی کے دو روشن ترین ستارے جو چشم عریاں (خالی آنکھ) کو مزدوج معلوم ھوتے ھیں —

Georgium sidus — ازجی آم سائڈس - یورانس سیارے کا نام

Friday جمعہ - آدینہ - سکروار - شکروار -

Friction اِحتکاک - مصادمت - مقاومت - مزاحمت - ع - رگڑ - ہ -

Frontview پیش منظر - ایک قسم کی اِنعکاسی دوربین جس کو سر ولیم ہرشل نے بنایا تھا -

Full moon بدر - بدر تمام - ع - ماہ کامل - ماہ چہاردہم - ف - پورن -

G.

Galactic Circle دائرہ لبنیہ - دائرۂ وسط المجرہ - منطقۂ کہکشاں -

" **poles** قطبین کہکشاں -

Galaxy مجرہ - ع - کہکشاں - ف - روشنی کا وہ منطقہ جو اندھیری رات میں آسمان کو گھیرے ہوئے نظر آتا ہے - اصل میں یہ کروڑھا چھوٹے چھوٹے ستاروں کا مجموعہ ہے۔ عوام عرب درب التبانہ اور ہند کے مسلمان معراج کی راہ پل صراط اور ہندو آکاس گنگا - آکاس جنیو - اِندر کے ہاتھی کی راہ کہتے ہیں -

Ganymede گانمید - مشتری کا تیسرا چاند جس کو گلیلیو نے ۷ - جنوری سنہ ۱۶۱۰ع میں دریافت کیا -

Gas غاز - ج - غازات -

Gemini (the Twins) جوزا - توءمین (توامان) - ع - دوپیکر - ف - جڑواں - ہ - متھن س - (۱) تیسرے برج کا نام (۲) صور البروج میں سے ایک صورت کا نام جو دو جڑواں آدمیوں سے مشابہ ہے آفتاب اِس میں ۲۰ مارچ کو داخل ہوتا ہے - اہل عرب اِس صورت کے سر پر جو روشن ستارے ہیں ان کو الذراع المبسوطہ اور جو توام ثانی کی پستان پر واقع ہے الہنعہ کہتے ہیں - ان میں سے ایک المیسان اور دوسرا الزر ہے اور جو توام متقدم کے پیر پر اور پیر کے آگے واقع ہیں و نجاتی (النجاتی) کہلاتے ہیں باقی ستاروں کی کیفیت نیچے لکھی ہوئی ہے - (عرب فلکیین اس کے تین ستاروں کو

خرد میں سے ایک سیارچہ کا نام جو مریخ اور مشتری کے مدارات کے مابین گردش کرتے ہیں۔ اِس کو هلد نے ۱۸-اکتوبر سنہ ۱۸۴۷ء کو دریافت کیا-یہ سیارچہ آفتاب کے گرد ۳٫۶۹۶ برس میں زمین سے آفتاب تک کی مسافت کے ۲٫۲۰ گونے بعد پر گردش کرتا ھے اس کا قطر ۶۰ میل ھے—

Foca or a Coronæ Borealis منیر الفکہ- نیر الفکہ-صورت اکلیل کا روشن ترین ستارہ—

Foci of an ellipse — محترقین بیضی- محترقات بیضی—

Focus (a fire-place) | محترق- نقطہ احتراق- محرق-

- of a telescope | ماسکہ دوربین کا—

Fomalhaut or a Piscis (Australis) فم الحوت- صورت حوت جنوبی کا روشن ترین ستارہ—

Force قوت-ج- قوی—

Centrifugal—— قوت هاربہ- دافعہ- مُنفر المرکز- متباعد المرکز—

Centripetal—— میل مرکزی- قوت جاذبہ- جاذب المرکز- مائل المرکز—

Central قوت مرکزی—

Effective—— قوت مؤثرہ- عاملہ—

Projectile—— — قوت مرمیہ- قوت پیش آندازی —

Repulsive—— قوت دافعہ—

Perturbating | قوت مشوشہ- مغیرہ—

Disturbing |

Balance or Libra میزان۔ (برج میزان) ع۔ ترازو۔ ف۔ تلا۔ ہ۔

Atmospheric air — هوائے کروی - ہوائے محیط کرہ —
" pressure — ضغط ہوا - ہوا کا داب - دباؤ —
Attraction — التصاق —
" of gravitation — جاذبیۃ —
" of a sphere — کرہ —
Augmentation of Moon's Apparent Diameter تزاید قطر قمر مرئی - چاند کے قطر مرئی کا تزاید —
Auriga (the Waggoner or Charioteer) ممسک العنان - ممسک الاعنہ ذی العنان - ایک شمالی قدیم صورت جو صورت فرساوس اور صورت جوزا کے بائیں واقع ہے —
Auriga or Capella عیوق (رقیب ثریا) (الف) ممسک العنان -
" or Menkalinan منکب ذی العنان (منکب الایمن) (ب) ممسک العنان —
" or Sadatoni ذات العنان یا (ز) ممسک العنان —
Aurora Australis or Southern Lights انوار جنوبی - شفق جنوبی —
Aurora Boroalis ar Northern Lights انوار شمالی - انوار جنوبی —
Australis, Asad — اسد جنوبی -
Austral signs — بروج جنوبی (جنوبیہ) -
Australis vel Apis (Southern Fly) ذباب جنوبی - نحلہ جنوبی - ایک جنوبی نئی صورت کا نام -
Autumn خریف - ع - خزاں (ف) پت جھڑ - ہ - نصف کرہ شمالی میں ۲۳ سپتمبر کو جب تحویل آفتاب برج میزان میں ہوتی ہے تو اُس فصل کا آغاز اور ۲۱ دسمبر انقلاب شتوی کو اِس کا انجام ہوتا ہے کل مدت ۸۹ یوم ساڑھے اٹھارہ ساعات ہے اِس زمانہ میں نصف کرہ جنوبی میں فصل بہار ہوتی ہے -
Autumnal equinox — اعتدال خریفی -
Axis — (۱) محور - ج - محاور (۲) سہم - سہام (۳) قطر - اقطار —
Axis of the Earth — محور ارضی - محور الارض - محور زمین - ایک وہمی خط جو زمین کے مرکز پر سے گزرتا ہے اور جس پر یہ گردش کرتی ہے -

ج - جداول - ع سف -
طبیعیات فلکی - Astronomical Physics or Astro-physics
جس میں اجرام فلکی کے خصائص طبیعی اِن کی روشنی درجۂ حرارت - اِنارت - اور اُن کے سطوح و کرات ہوائیہ اور دوسرے مظاہر سے بحث کی جاتی ہے —

علم ہیئت - علم الفلک - علم الافلاک (لفظی یونانی Astronomy شرائع النجوم - قوانین النجوم وہ علم جس میں اجرام فلکی - اِن کی حقیقی و ظاہری حرکات - قوانین جن کی تابع یہ حرکات ہیں - اشکال جسامات - کمیت مادہ (جرم) طبیعت - حالت اور تکوین سے بحث کی جاتی ہے - اِس کی اقسام حسب ذیل ہے —

(1) Descriptive ۱- وصفی - جس میں واقعات و اصول فلکی کا محض حال بیان کیا جاتا ہے —

(2) Nautical ۲- بحری —

(3) Mechanical ۳- آلاتی جس میں سیارات و قمر کی حرکات کی توضیع کے لئے اصول علم آلات کا استعمال کیا جاتا ہے —

(4) Gravitational ۴- جاذبیہ - جس میں اِجرام فلکی کے تجاذب (کشش باہمی) کا ذکر کیا جاتا ہے —

(5) Physical ۵- طبیعی یا طبعی - چالیس برس سے یہ اصطلاح متروک ہوگئی ہے اب اس کی جگہ Astronomical Physics ملاحظہ ہو -

(6) Practical ۶- عملی —

(7) Theoretical ۷- نظری —

(8) Spherical ۸- کروی

Astronomer فلکی - ج - فلکیین - راصد - ج - راصدین (مہندس ج - مہندسین) ع - ہیئت داں ف —

Astronomical Instruments آلات رصد آلات رصدیہ - آلات فلکی

Atlas اطلس (۱) خوشہ ثریا میں ایک ستارہ کا نام (۲) ستاروں کے نقشوں کا مجموعہ —

Atmosphere کرۂ ہوا - کرۂ ہوائیہ - ہوائے کروی - جو طبقۂ ہوا - ہوائے محیط کرہ - (یہ یونانی دو لفظوں سے مرکب ہے جس کے معنی کرۂ بخار ہے —

جو ۸ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ ع کو ملکی نے دریافت کیا۔یہ آفتاب کے گرد مریخ اور مشتری کے بائیں ۴۱۴ء۴ برس میں اپنے مدار پر گھومتا ہے۔اِس کا قطر غالباً ساٹھہ میل سے زائد نہیں ہے —

Astral نجمی۔کوکبی۔ستارے کا۔متعلق ستارہ۔ستارے سے منسوب

Astrolabe اصطرلاب یا استرلاب۔ج۔اصطرلات۔اصطرلاب کی کئی قسمیں ہیں جن کے نام اُن کی صورتوں کے لحاظ سے رکھے گئے ہیں مثلاً ہلالی کری (کروی)۔زورقی۔صدفی۔مسرطن۔مبطح وغیرہ بقول بعض یونانی ہے۔استرون ستارہ اور لادی۔اخذ لینا۔سے مرکب اور بقول بعض فارسی استارہ یاب۔ستاروں کا حال معلوم کرنے والا۔بقول بعض اس کے معنی ہیں میزان الشمس ترازوئے آفتاب یا میزان الکوکب۔ایک پیتل کا قرص نما آلہ جس سے اجرام فلکی کا ارتفاع (بلندی) دریافت کرتے ہیں —

Flat اصطرلاب مسطح سطحی یا اصطرلاب مبطح —

Spherical اصطرلاب کروی یا کری —

Astrology علم التنجیم۔علم الاحکام۔قضایا و النجوم۔ع۔ستارہ شناسی۔اختر شناسی۔ف۔جوتش۔ہ۔قدیم علوم منقرضہ میں سے وہ علم جس سے حوادث مستقبلہ کا حال۔کواکب کی حرکات۔طلوع۔اقتران و مراکز وغیرہ کے ارصاد کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں۔
(۱) تنجیم استدلالی (۲) تنجیم حسابی —

Astrologer منجم۔نجومی۔ع۔اختر شناس۔ستارہ شناس۔ف۔جوتشی۔ہ —

Astrometer میزان الشعاع۔مقیاس النور۔ستاروں کی روشنی کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ۔ان دنوں Astrometer کی جگہ لفظ Photometer عموماً بولا جاتا ہے۔وہاں ملاحظہ ہو —

Astronomical Physics or Astro-Physics | طبعیات النجوم

Astrometry تنویر النجوم۔کمیۃ نور —

Astronomical clocks — ساعات فلکیہ (واحد) ساعت فلکیہ

„ observation ارصاد (ج ارصادات) فلکی۔ملاحظہ (ج ملاحظات) فلکی۔رصد ج ارصاد (ترصد) —

„ table زیج۔ف۔زیج۔ج۔زیجات۔ع۔جدول۔

ایک ہی نقطے پر محسوس ہوں تو مقارنہ یا قران کہتے ہیں۔نیرین (شمس و قمر) کی حالت میں اجتماع۔ اگر آفتاب اور کوئی سیارہ ہو تو اختراق کہیں گے —

2. Sextile (۲) اگر دو ستاروں میں دو برجوں یعنی ۶۰ درجوں کا بعد ہو تو تسدیس —

3. Quartile (۳) اگر ان میں تین برجوں یعنی ۹۰ درجوں کا بعد ہو تو تربیع کہتے ہیں —

4. Trine (۴) اگر چار برجوں یعنی ایک سو بیس درجے کا بعد ہو تو تثلیث کہتے ہیں — ۔

5. Opposition (۵) اگر چھہ برجوں یعنی ۱۸۰ درجے کا بعد ہو تو مقابلہ۔تقابل مگر نیرین (آفتاب و مہتاب) مقابل میں ہوں تو استقبال کہیں گے —

6. Quintile (۶) اگر بہتر (۷۲) درجوں یعنی پانچویں حصہ کا فرق ہو۔تو تخمیس کہتے ہیں —

7. Octant or octile (۷) اگر ۴۵ درجوں کا بعد ہو تو تثمین کہتے ہیں —

8. Decil or Decile (۸) اگر ۳۶ درجوں کا بعد ہو تو تعشیر کہتے ہیں —

انتباہ۔انگریزی میں خاص مقارنہ و مقابلہ قمر کو (Syzygies) اور تربیع قمر کو (Quadrature) کہتے ہیں —

Asterism صورت۔ج صور۔کوکبہ۔کوکبات کی تصغیر۔کرۂ آسمان میں ستاروں کی تعیین مواقع کے لئے ظاہر شکل۔انگریزی میں اگر بڑی ہو تو کانسٹیلشن اور اگر چھوٹی ہو تو اسٹرزم کہتے ہیں۔عرب النجم کہتے ہیں —

Asteroids or Minor planets نجیمات۔واحد نجیمہ۔جو نجم کی تصغیر ہے۔سیارچہ۔ج۔سیارچگاں۔یہ نام سر ولیم ہرسل نے سنہ ۱۸۰۲ ع میں اُن چھوٹے چھوٹے سیاروں کا رکھا جو مریخ اور مشتری کے مدارات کے بائین واقع ہیں لیکن اِن کا صحیح نام پلانٹائڈ ہے —

Asterope اسٹیروپ۔عنقود ثریا میں ایک ستارہ ہے —

Aselli (asel'li) حمارین۔صورت سرطان کے دو ستاروں کا نام جو قدر پنجم کے ہیں —

Astraea اسٹریا۔جدید سیارات خرد میں سے ایک سیارے کا نام

جو اس سے نہایت نزدیک ھے —

Aries (a-re-eez) the Ram حمل اس کو کبش بھی کہتے ھیں

ع - برہ - ف - میکھہ - ہ - بیت الحمل - بروج دوازدہ میں سے پہلا برج
جس کے ستاروں کی مجموعی ھئیت مینڈھے سے مشابہ ھے - اس کا
سرمغرب کی طرف اور یہ اپنی پیٹھہ کی طرف مڑا ھوا ھے - شرف
آفتاب جس کو نوروز بھی کہتے ھیں —

the first point of— نقطۂ اول حمل —

Arietis or Hamal حمل - ناطح - صورت حمل کا روشن ترین ستارہ -

,, or Sheratan | شرطین - اشراط - نطح - ع - اسلی -

,, or Mesartim | انگریزی لفظ سرتم لفظ شرطین کا
مخرب ھے —

Ark سفینہ - سفینۂ ارغوس - کشتی نوح کا قدیم نام جو تین صدی
پہلے مستعمل تھا —

Armillary sphere ذات الحلق - ایک قدیم آلہ —

Arnab or a Leporis ارنب —

Artificial globe کرہ مصطنعہ - کرہ مصنوعہ - کرہ صناعیہ (ج اکر)

,, Horizon افق مصنوعی —

Ascendant طالع | ج طوالع —

Ascendens طالع |

Ascending صاعدہ - صعودی —

Ascension صعود - مطلع —

,, Right صعود مستقیم - مطالع الجز - مطلع استوائی

,, Oblique صعود متواوب - مطلع مائل —

Ascensional difference تفاوت صعودی —

Ashemali or u Leonis راس الاسد - یہ الشمالی کا مخرب ھے
کیوں کہ راس الاسد ستارہ شمال میں ھونے سے عموماً الشمالی
کہلاتا ھے - دیکھو (Rasalas) —

Asell Australis Cancri حمار جنوبی - قدیم اھل روم
صورت سرطان کے ایک ستارہ کو کہتے تھے —

Aspect of the stars or planets) نظر - ج - نظرات - شواھد
(وضع - ج - اوضاع) - مواقع کے لحاظ سے ستاروں اور سیاروں
کا باھمی فرق - یہ کئی طرح ھوتا ھے —

1. Conjunction (۱) جب دو سیارے منطقۃ البروج کے

Arc Of Progression — دائرہ ماضی
,, of Retrogradation دائرہ باقی یا دائرہ مستقبل (قوس التقہقر) —

,, Nocturnal قوس اللیل - وہ قوس جس پر آفتاب مہتاب اور ستارے غروب ہونے سے لے کر طلوع ہونے تک متحرک ہوتے ہیں —

,, Sun's semi diurnal arc نصف قوس النہار شمسی - وہ قوس جس پر آفتاب آدھے دن میں حرکت کرتا ہے -

Arctic Circle دائرہ قطب شمالی —

Arctic Pole قطب شمالی —

Archer رامی - قوس - ایک صورت اور ایک برج کا نام - (۲) بارہ بروج میں سے ایک برج کا نام —

Arcturus سماک رامح - السماک الرامح - صورت عوا میں روشن ترین ستارہ جو روشنی کے لحاظ سے کل آسمان میں چھٹا ستارہ ہے - اس کی حرکت (رفتار) ۲۲۸ ثوانی فی صدی ہے - اس لحاظ سے کل روشن تاروں میں سریع الحرکت ہے - یہ زمین کی طرف فی ثانیہ (سکنڈ) ۴ میل کے حساب سے آرہا ہے لیکن اس کو زمین تک پہنچنے کے لئے عرصۂ بعید چاہئے کیوں کہ روشنی جو ۱۸۶۰۰۰ میل فی سکنڈ سفر کرتی ہے ہم تک پچیس برس میں آتی ہے - وضع کے لحاظ سے یہ ہمارے سورج سے مشابہ ہے لیکن اس سے دو ہزار گنا روشن تر ہے —

Areas of Kepler's Law مساحت قائدۂ کپلر - سطوح کپلر -

Arcosiderites an iron which falls to the earth's surface حدید سماوی - حدید نیزکی - آہن سماوی -

Argo (the ship Argo) or Argo Navis سفینہ - سفینہ ارغوس کشتی نوح - نصف کرۂ جنوبی میں بطلیموس کی ایک قدیم اور بڑی صورت (کوکبہ) کا نام - بہت ہی بڑی ہونے کی وجہ سرجان ہرسل نے اس کے چار حصے کئے - مستول اور مستول کے ایک حصے کو قطب نما کہتے ہیں - اِس صورت کا مشہور ستارہ سہیل ہے جو روشنی کے لحاظ شعرا یمانی کے بعد کل کرۂ فلک میں روشن ترین ہے -

Arided or a Sygni ذنب الدجاجہ - صورت دجاجہ کا روشن ترین ستارہ

Ariel شہر خدا - ارئیل - سیارہ یورینس کا اندرونی قمر

(2) Aquariior Sadalsund ب—دلو یا سعدالسعود۔صورت دلو کا دوسرا روشن ترین ستارہ—

(3) ,, or Skat ستارہ ﭖ—دلو یا ساعد۔صورت دلو کا ایک

(4) ,, سعد بلع (عندالعرب)—

(5) ,, سعدالسعود (عندالعرب)—

(6) ,, سعدالاخبیہ (عندالعرب)—

Aquarius (the Water Bearer) ساکب الماء۔دلو۔دالی۔ ۔(برج) آبی۔ف۔کنبھہ۔صور البروج میں سے ایک صورت کا نام۔ یارھویں برج کا نام۔اس کی شکل سقا (بہشتی) کی ہے۔ فتاب اِس صورت میں ۲۱ جلوری کو داخل ہوتا ہے جس کو صطلاح میں شرف آفتاب کہتے ہیں۔شکل کے اعتبار سے س کا نام ساکب الماء یعنی بہشتی مناسب ہے لیکن عوام میں دلو زیادہ مشہور ہے—

Aquila (the Eagle)(ak–wi–la)or Aquila et Antinous (ak-wi–la–et antin–o–us) عقاب۔نسرطائر۔(اعلوس) فارسی میں عقاب آسمان کہتے ہیں۔ایک شمالی صورت جو کہکشاں میں برج دلو اور برج جدی کے اوپر واقع ہے س کی شکل کرگس بال کشادہ (پر پھیلاے ہوے گدھہ) سے مشابہ ہے گویا اڑا چاھتا ہے—

Aquilae or Altair نسر طائر۔الف عقاب

,, or Alshain ملق العقاب۔ب عقاب—

,, or Tarazed شاہین ترازو۔ج عقاب—

Ara (the Altar) مذبح۔قربان گاہ۔ایک جلوبی جدید صورت جو صورت عقرب کے جلوب میں واقع ہے—

Arae مذبح۔ایک متغیر ستارہ جو ھر اٹھاون برس میں منخسف ہوتا ہے—

Arc قوس۔ج قسی—

,, Diurnal قوس النہار۔وہ قوس جس پر آفتاب۔مہتاب و ستارے طلوع ہونے سے لیکر غروب ہونے تک متحرک ہوتے ہیں

,, of Meridian قوس نصف النہار—

Arc—Minute of دقیقہ قوس ج دقائق قوس—

,, Second of ثانیہ قوس ج ثوانی قوس—

طور پر ترکیب دے کر انحراف لونی و کروی کی پوری پوری اصلاح کرلی جاتی ہے—

Apis or the Bee (see Musca) نحلہ-(ذباب-) ایک جدید صورت کا نام—

Apoastron or Aphastron اوج یا نقطۃ الذنب مدار ثابۃ ثلاثی

Apogean اوج یا نقطۃ الذنب مدار قمر

Apogee اوج مدار قمر-زمین سے چاند کی بعید ترین مسافت یعنی ۲۵۲۹۷۰ میل—

Apparent Ellipse بیضی مرئی (مستدیر مرئی)-

,, motion حرکت مرئیہ-ظاہری—

,, size قدر مرئی یا ظاہری یا اقدار مرئیہ یا ظاہرئیہ ظاہری جسامت—

,, sun شمس مرئیہ-شمس ظاہر—

,, time ظاہر وقت-وقت ظاہر—

,, moon قمر مرئی—

Apparition (Circle of Perpetual) ظہور (دائرہ ابدی الظہور)

Apparatus Sculptoris قلم نقاش-ایک جدید صورت—

Appulse قران-لگن—

April اپرل-نیساں-انگریزی چوتھا مہینہ—

Apse or Apsis (pl. Apsices) (۱) اوج (۲) حضیض—

Lower ,, (perihelion) (Perigee) نقطۃ الراس-حضیض

Higher ,, (Aphelion) (Aphogee) نقطۃ الذنب-اوج-

Apsides اوج و حضیض-نقاط راس و ذنب—

Line of — خط مارہ اوج و حضیض-بیضی کا محور اطول —

Apus (bird of Paradise) طائر فردوس-ایک جلوبی جدید صورت جو مثلث جلوبی اور جلوبی قطب سماوی کے مابین واقع ہے—

Aquarids دلویہ-شہاب ثاقب (ٹوٹتے تاروں) کی وہ جھڑیاں جو یکم مئی اور ۲۷ جولائی کو ہرسال برج دلو کی جانب سے آتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں-پہلی کو دلویہ اولی یا دلویۂ اول اور دوسری جھڑی کو دلویۂ اخری یا دلویۂ ثانی کہتے ہیں—

(1) Aquarii or Sadalmelik الف دلو یا سعدالملک-صورت دلو کا روشن ترین ستارہ—

Anomaly — خروج مرکز —

Eccentric — حصہ مرکز خارج - حصہ مرکز مثلی —

Mean — حصہ مرکز وسطی - حصہ مرکز اوسط —

True — حصہ مرکز حقیقی —

Anomalistic month – see under month — ماہ شمسی اوجی

,, year ,, year — سال شمسی اوجی

Ansae (Handles) — دستہ ہائے (حلقات زحل) —

Ant apex — نقطہ شرقیہ - کرۂ فلک میں وہ نقطہ جہاں سے آفتاب فضا میں حرکت کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے —

Antarctic Circle — دائرۂ قطب جنوبی —

Antarctic Pole — قطب جنوبی —

Antares or a scorpionis or Scorpion's Heart — قلب العقرب
برج عقرب کا پہلی قدر والا روشن ترین سرخ ستارہ —

Antinous — انطیلوس - صورت عقاب کے ایک حصے کا نام —

Antecedentia — (حرکت) شرقیہ - رجعیہ ادباریہ - علی الرجعۃ
جب کوئی ستارہ علی خلاف توالی (بہ ترتیب عکس) بروج حرکت کرتا ہے - مثلاً جوزا سے ثور اور ثور سے حمل تو کہتے ہیں کہ وہ علی توالی بروج حرکت کرتا ہے یا اس کی حرکت شرقیہ ادباریہ رجعیہ یا علی الرجعۃ ہے —

Antipodes — (۱) بلاد سمت القدم - بلاد تحت الارض | (۲) سکان سمت القدم - بلاد تحت الارض | نظیر القدم

Antlia (the Air-pump) — مفراغ الہوا - ع - بادکش - ف -
ایک جنوبی جدید صورت —

Aperture of a lens — (ثقبہ) فرجہ عدسیات - قطر عدسیات -
دو پہلوؤں کے آئینے کا قطر —

Apex — (۱) راس مدار ارض (۲) نقطہ غربیہ - آسمان میں
وہ نقطہ جدھر آفتاب حرکت کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے —

Aphelion — اوج شمسی - فوکزی (متحترقی) یا خاص -
نقطۃ الذنب - زمین یا دمدار ستارہ کے مدار میں وہ مقام جہاں سے زمین یا دمدار ستارہ آفتاب سے دور ترین ہوتا ہے -
ضد حضیض —

Aplanatic — عدیم الانحراف - غیر منحرف - اُس دوربین
یا آلۂ بصری کو کہتے ہیں جس میں عدسیات کو مناسب

Andromedas — مسلسلیہ یا المسلسلیہ۔ شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ہر سال ۲۷ (۲۸) نومبر کو عناق الارض یا رجل المسلسلہ کی جانب سے شروع ہوتی ہے۔اس جھڑی کے شہاب بطئی اور منتظم ہوتے ہیں۔فلکیین کا خیال ہے کہ یہ شہب ثاقبہ اس قلیل المدت شکستہ دمدار ستارے کے ٹکڑے ہیں جو " بیلا کا ستارۂ دنبالہ دار " کے نام سے مشہور ہے —

Angle — زاویہ ج زوایا —

Contangent of an angle — تماس زاویہ — •

Angle of Eccentricity — زاویۂ خروج المرکز۔ زاویۂ مباینۃ —

Angle of Position — زاویہ وضع (حال Position)

„ „ situation — زاویۂ اختلاف (اختلافیہ)

Acute — حادہ

Adjacent — متصلہ

Alternate — متبادلہ

Angle at the circumference — محیطی

Angle of incidence — اتصال (انطباق)

Angle of reflection — انعکاس

Curvilinear Angle — منحنی

Exterior — خارجہ

Interior — داخلہ

Oblique — مائلہ

Obtuse — منفرجہ

Solid — مجسمہ

Spherical — کرویہ

Verticle — راس

Visual — نظری

Plane — مسطحہ

Right — قائمہ

Angular Distance — تباین۔ بعد۔

Annual equation — تعدیل سالانہ۔ معادلت السلویہ —

Annular eclipse (see Eclipse) — کسوف حلقی۔ ذوالحلقہ۔ ذات الحلقہ۔ ع۔ انگشتری۔ ف۔ چھلے کا گہن —

Amplitude سعت یا سعۃ (جرم) اجرام فلکی کا وہ بعد جو اُن کے طلوع و غروب کے وقت افق کے نقطۂ مغرب و مشرق سے ظاہر ہوتا ہے - سعۃ مشرق یا مغرب —

Amphora or aquarius دلو - ساکب الماء - ع - آبی - ف - کلبھہ - ایک برج اور ایک صورت کا نام —

Andromeda (the chained lady) مراۃ مسلسلہ - المراۃ المسلسلہ - ایک قدیم شمالی صورت (کوکبہ) جو صورت ذات الکرسی کے نیچے واقع ہے - اِس کی شکل ایک عورت کی ہے جو اپنے دونوں ہاتھہ پھیلائے ہوئے ہے اور ایک ہاتھہ زنجیر سے بندھا ہوا ہے —

,, or Alpheratz الف مراۃ المسلسلہ یا راس المسلسلہ (راس المراۃ المسلسلہ) - رجل المسلسلہ دیکھو Alpheratz

,, or Mirach or Mizar ب مراۃ المسلسلہ یا جنب المسلسلہ - رشا - عرب قلب الحوت یا بطن الحوت کہتے ہیں دیکھو Mirach or Mizar

,, or Almach ھا ما مراۃ المسلسلہ رجل المسلسلہ یا عناق الارض دیکھو Almach

Andromeda Nebula سحابیہ مسلسلیہ - صورت مراۃ مسلسلہ کا وہ مشہور سحابیہ جو ہیئت دانوں کے نزدیک اکتیس اصحاب (31 Messier) کے نام سے مشہور ہے - اندھیری رات میں جب ابر نہ ہو تو یہ چشم عریاں سے دکھائی دیتا ہے اور دوربین سے تو اس کا منظر نہایت نمایاں معلوم ہوتا ہے - پہلے پہل سنہ ۹۰۰ء میں عبدالرحمن صوفی عرب کے راصد شہیر نے دریافت کرکے اپنی کتاب صور سماوی میں اس کا ذکر کیا ہے - بعد ازاں سمن میریس نے ۱۵ دسمبر سنہ ۱۶۱۲ء کو دوربین سے ملاحظہ کیا - اس کی مسافت دریافت کرنے کے لئے بہت ہی کوشش کی گئی جو محض بے سود ثابت ہوئی کیونکہ یہ سحابیہ اس قدر دور واقع ہے کہ اگر ہم اس کے نقشے کے پیمانہ پر سارے نظام شمسی (جس کا قطر ۵ ارب میل ہے) کھینچیں تو یہ اس کے مقابلے میں فقط ایک نقطہ معلوم ہوگا - شمار کیا گیا ہے کہ روشنی کو جو ایک ثانیہ میں ایک لاکھہ نوے ہزار میل مسافت طے کرتی ہے اس کے اس طرف سے اس طرف گزرنے کے لئے تیس ہزار برس درکار ہوں گے —

کا معرب ہے) ایک آلہ جو نصف دائرہ کا حلقہ ہوتا ہے - جس کا قطر ایک متوازیۃ السطوح أسطوانہ کی ایک سطح پر ہوتا ہے - اس آلہ سے اجرام فلکی کی سمت اور سمت کا ارتفاع معلوم کیا جاتا ہے - موجودہ ذات السمت والارتفاع میں محور أفقی پر ایک دوربین لگی ہوتی ہے اور ایک دائرہ پر درجے بنے ہوتے ہیں جس سے ارتفاع معلوم ہوتا ہے - سنہ ۱۶۹۰ ع میں الوس رومر فلکی ملک ڈنمارک نے ایک جدید ——— تیار کیا جس سے تمام فلک کی مساحت ہو سکتی تھی - تمام مراصد میں یہ آلات موجود ہیں ۱۲ —

Altair or a Aquilae نسر طائر (أنگریزی لفظ النسر الطائر کے دوسرے لفظ الطائر کا معرب ہے) - صورت عقاب کا روشن ترین ستارہ جو قدر اول (صحیح ۰.۹ قدر) کا ہے - اس کی شکل کرگس بال کشادہ The flying vulture پر پھیلائے ہوے اوپر کی طرف اڑنے والے گدھہ سے مشابہ ہے - اس کا نور (روشنی) آفتاب کے نور سے چھہ گنا زیادہ ہے اور روشنی کے لحاظ سے کل کرۂ فلک میں بلند رهواں ہے - اس کی حرکت خاصہ فی صدی ۶۵ ثوانی ہے —

Altitude – true ارتفاع حقیقی —

,, apparent ارتفاع مرئی -

,, observed ارتفاع نظری - مرصود (مشہودی)

Altitude and Azimuth Instrument | آلۃ السمت والارتفاع
Altitude and Zenith ,, | (see Altazimuth)
ذات السمت والارتفاع —

Parallels of altitude or Almucantars (which see) | دوائر متوازی الافق یا المقنطرات —

Aludra or Conis Majoris عذرہ کا معرب - صورت کلب اکبر کا ساتواں روشن ستارہ —

Alwaid or Draconis عوائذ - العوائذ کا معرب - صورت تنین کا دوسرا روشن ستارہ — عرب فلکیین کی مراد اس سے صورت تنین کے چار ستارے جو اژدہے کے سر پر واقع ہیں اور جو صورت جاثی کے ایک ستارہ سے مل کر صلیب کی شکل معلوم ہوتے ہیں -

A. M. بعد نہم شب - آدھی رات گئے —

Almucantars or parallels of altitude — المقنطرات (مقنطرات میں ال تعریفی ہے - جمع ہے مقنطر کی)
یا دوائر متوازی الافق (۱) وہ فرضی دوائر صغیرہ ہیں جو افق
کے متوازی ہیں - ان سے سورج - چاند - تاروں کا ارتفاع معلوم
ہوتا ہے مگر یہ کرہ پر مرتسم نہیں ہوتے بلکہ ربع مقسم کے عرض سے
ان کا کام لیا جاتا ہے (۲) ایک آلہ جس میں ایک دوربین
ہوتی ہے اور ستارں کا صعود و میل معلوم کیا جاتا ہے —

Alnilam or Orionis — النظام کا مخرب - نظام صورت جبار (جوزا)
کا پانچواں روشن ستارہ - عموماً نظم کہلاتا ہے —

Alnitak — نطاق الجوزا - منطقة الجوزا کا مخفف النطاق
کا مخرب - صورت جبار کا ایک ستارہ —

Alpha Centauri — نیرقنطوروس - الف قنطوروس - صورت قنطوروس
میں روشن ترین قدر اول کا ستارہ جو کل آسمان میں روشنی
کے لحاظ سے تیسرا ہے - فلکیین عرب رجل القنطورس کہتے ہیں -

Alphard or a Hydrae — فرد الشجاع - الفرد کا مخرب -
صورت شجاع (حیہ) کا نہایت روشن ستارہ (انتباہ) یہ ستارہ فرد
اس لئے کہلاتا ہے کہ اس کے نزدیک کوئی اور روشن ستارہ
موجود نہیں ہے یہی ایک اکیلا (فرد) ہے —

Alpheoca or Coronae Borealis — المنیر الفکہ یا نیر الفکہ -
صورت اکلیل شمالی کا روشن ترین ستارہ —

Alpherat or, Alpheratz, or Sirrah — a Andromeda (al-fe-rats) — راس المسلسلہ سرۃ الفرس -
صورت مراۃ المسلسلہ میں قدر دوم کا ستارہ - بعض اس کو
فرس اعظم سے متعلق سمجھتے ہیں - انگریزی الفراتس
سرۃ الفرس کا مخرب ہے اور سرہ تو بالکل سرہ ہے —

Alphirk (alferk) or Cephei — کوکب الفرق کا مختصر - ب
قیفاوس - صورت قیفاوس کا دوسرا روشن ستارہ —

Alshain or Aquilae — علق العقاب - شاہین - (انگریزی
لفظ الشاہین کا مخرب ہے اور شاہین دخیل ہے فارسی شاہین کا)
صورت عقاب کا دوسرا روشن ترین ستارہ —

Altazimuth (contraction of altitude and azimuth)
ذات السمت والارتفاع (انگریزی لفظ دو لفظوں سے مرکب ہے
ایک الٹی جو ارتفاع کا ترجمہ ہے اور دوسرا لفظ عربی سمت

Alhena الہنعہ کا معرب ہے (الف لام تعریفی ہے)—صورت
جوزا (توامین) میں ایک ستارہ ہنعہ کہلاتا ہے—

Alhaiot or Capella العیوق کامعرب (ال تعریفی ہے)— عیوق
روشنی کے لحاظ سے یہ ستارہ کل کرۂ فلک میں چھٹا ہے—

Alidade العضادہ کا معرب- اصطرلاب کے ایک جز کا نام—

Aliore (see Alcor) سہا- مجسطی کے لاطینی ترجمے میں یہ لفظ
ستارۂ سہا کے لئے اختیار کیا گیا ہے—

Alioth جون- اول بنات کبری- صورت دب اکبر کا (أ) ستارہ—

Alkaid or Ursae Majoris (alkad) قائد- القائد کامعرب ہے-
بعض مستشرقین کہتے ہیں کہ القاضی نبات النعش سے
بگڑ کر بنا ہے لیکن یہ صحیح نہیں اس لئے کہ عربی میں
مضاف پر ال نہیں آتا- دب اکبرمیں دوسری قدر کا ستارہ
جو عموماً بنات النعش کہلاتا ہے—

Alkalurops (alka–lu–rops) Bootis صورت عوا کا ایک ستارہ

Alkes (alkes) or a Crateres الکاس کا معرب- کاس- صورت
باطیہ کا روشن ترین ستارہ—

Almanac (۱) تقویم ج تقاویم- روزنامہ (۲) زیج- ف- زیج
ج زیجات- ع- منہاج السنوی—

Almack or Almaac or Andarameda عناق الارض (کامعرب)
جس کو رجل المسلسلہ بھی کہتے ہیں- بزغالہ مادہ ۱۲- صورت
مراۃ مسلسلہ کا تیسرا روشن ستارہ- مگر اہل عرب کے نزدیک
صورت بنات النعش کا ایک ستارہ- ہرشل نے دوربین کے ذریعے
اس ستارے کو ثلاثی مضعف پایا- ایک ستارے کا رنگ ہرا
اور دوسرے کا نیلا ہے—

Almacaulars' staff عصائے مقنطرات- ایک قدیم آلہ کا نام
جس میں پندرہ درجے کی قوس ہوتی ہے- پہلے آفتاب کے ارصادات
اسی سے کئے جاتے تھے ۱۲—

Almanac, nautical تقویم بحری—

Almagest المجسطی- مجسطی میں ال تعریفی ہے- علم ہئیت
وہندسہ میں ایک مشہور ومعروف کتاب جس کو بطلیموس
مصری نے سنہ ۱۴۰ ع و سنہ ۱۵۰ ع کے درمیان تصنیف کیا-
عربی میں کئی ترجمے ہوئے- منجملہ اول مجسطی نصیرالدین
طوسی کا ترجمہ ہے-

Aldhibain Draconis — الذیبین کا معرب - ال تعریفی ہے اور ذیبین تثنیہ ہے ذیب بمعنی گرگ (بھیڑیا) کا۔ صورت تنین کے دو ستاروں کا نام—

Alfeta or a Coronae Borealis — نیرالفکہ - النیرالفکہ کا معرب ہے - مجسطی کے لاطینی ترجمے میں صورت اکلیل شمالی کے روشن ترین ستارے کے لئے یہ لفظ لکھا گیا ہے—

Algebar (Al-je-bar) — الجبار (۱) صورت جبار کا دوسرا روشن ستارہ (۲) انگریزی نظم میں صورت جبار کے لئے یہ لفظ بہت مروج ہے—

Algeiba or Algieba — الجبہہ - جبہہ - صورت اسد کا (ج) ستارہ - یہ ستارہ دوسری قدر کا اور مضاعف ہے - مسلمان راصدین کے نزدیک الجبہہ سے مراد صورت اسد کے تین (اور بقول بعض ۴) ستارے ہیں جو حیوان مذکور کی پیشانی پر واقع ہیں اور یہ منازل قمر میں سے دسویں منزل ہیں - انگریزی میں Leonis سے تعبیر کرتے ہیں—

Algenib or Pegasi — (۱) جناح الفرس کا معرب ہے - صورت فرس اعظم کا تیسرا روشن ستارہ—
(۲) جنب فرساوس - صورت فرساوس کا روشن ستارہ—

Algol or Perseus — راس الغول کا معرب - صورت حامل راس الغول کا مشہور و معروف متغیر ستارہ جو قدر دوم کا ہے اس کا ظہور و خفا ۶۸ گھنٹے اور ۴۹ منٹ میں ۳ء۲ سے لیکر ۵ء۳ قدر تک ہے - دسویں صدی میں عبدالرحمن صوفی نے اس کو سرخ ستارہ لکھا ہے لیکن آج کل یہ نہایت براق سفید ستارہ ہے - ووگل نے اس کو آفتاب کے ۲ء۱ گنے بتایا ہے—

Algorab & Algores (algo-res) or a Corvi — الغراب کا معرب - صورت غراب میں قدر سوم کا ستارہ ہے - غراب - کوا اور ال تعریفی ہے ۱۲—

Algores or Corvi — جناح الغراب - صورت غراب کا ایک ستارہ—

Algomaiza — غمیصا کا معرب - جس کو شعری شامی - الشعری الغمیصا - شعری غمیصا اور شعری غموص بھی کہتے ہیں - اور انگریزی میں Sirius Syriacus بھی کہتے ہیں—

Alhabor — عبور - شعری عبور - شعری یمانیہ (یمانی) کو کہتے ہیں - انگریزی لفظ عربی العبور کا معرب ہے—

Alankabuth العنکبوت کا معرب (ال تعریفی ہے)

Albedo (Reflecting power) قوت منعکسہ - درجۃ البیاض کا
معضف و معرب - اجرام فلکی کی سطح پر سے جو درجہ نور
منعکس ہوتا ہے وہ درجہ البیاض (یعنی درجۃ النور) یا
قوت منعکسہ کہلاتا ہے مثلاً چاند کا درجۃ البیاض سورج
کی روشنی کا وہ حصہ ہے جو وہ منعکس کرتا ہے —

Albireo (Al-bir-e-o) Cygni منقار الدجاجہ - صورت
دجاجہ کا دوسرا روشن ستارہ جو زرد رنگ اور قدر سوم
کا ہے —

Alchemb (Alkemb) مرفق - صورت فرساوس کا روشن ترین
ستارہ جو قدر دوم کا ہے —

Alchiba or Alkhiba (Al-ke-ba) Corvi الخبا (ال تعریفی ہے)
جناح الغراب یا جناح الغراب الایمن - صورت غراب کا روشن
ترین ستارہ جو چہارم قدر کا ہے - یہ عربی خبا مترادف
خیمہ (ڈیرا) کا معرب ہے - اہل عرب کے نزدیک یہ خود
صورت غراب کا نام ہے —

Alcor (alkor) or 80 Ursae Major or Aliore سہا - دب اکبر کا
پانچویں قدر والا ستارہ - یہ عربی بمعنی سوار کا معرب ہے -
اہل عرب نور چشم کا امتحان اسی ستارے سے کرتے ہیں —

Alcyone (Al-si-o-ne) وسط الثریا (الثیونی جو فی زماننا
معرب کرلیا گیا اور مستحسن الترک ہے) علقود ثریا میں
روشن ترین ستارہ جو سبزی مایل اور تیسری قدر کا ہے -
بعض اسی کو دوران نظام شمسی کا مرکز خیال کرتے ہیں اور
بعض صورت جاثی علی رکبتیہ کو —

Aldeb-aran or Bull's eye (Al-de-ba'ran) الدبران
بعض اوقات عین الثور بھی کہلاتا ہے - صورت ثور کا روشن
ترین ستارہ جو ۱۰۱ قدر کا ہے اس کا رنگ چمکیلا سرخ ہے -
اہل روم اس کو (Polilicum) کہتے تھے - افرنجی زبانوں
میں عربی نام (بمعنی رقیب) مستعمل ہے —

Alderamin a Cephei | الذراع الیمین کا معرب - مگر عربی میں اسے
منکب القیقاوس الایمن کہتے ہیں - صورت
قیقاوس (ملتہب) کا روشن ترین ستارہ —

Acronical طالعه (کواکب)طالع- } وہ ستارے جو غروب آفتاب
نجوم طالعه } کے وقت طلوع اور طلوع آفتاب کے
وقت غروب ہوتے ہیں-الکنار روزي—

Acubene نیرالسرطان-صورت سرطان کا روشن ستارہ

Adara or Canis Majoris عذاری جمع عذرا (کنواری) کا
معرب ہے جو کلب اکبر کا مشہور ستارہ ہے لیکن فلکیین
عرب کی مراد اس سے Canis Majoris ثوابت
ہیں-یہ گور صاحب کا بیان ہے لیکن مولف کے خیال میں
یہ عذر کا معرب ہے جو کہکشاں میں چھوٹے ستاروں
کا نام ہے—

Adjustment اِصلاح-تطبیق (مونث)

Aerolites (see Meteorites,) حجارۂجویہ-حجارۂہوائیہ
واحد حجرجوی-حجرہوائی-سنگ ہا شہابی سنگ ہاے
آسمانی یا سماوی-حجرعلوي ج حجارۂعلوی-رجم واحد
رجم وغیرہ دیکھو شہاب ثاقب—

Aerosiderolite (see Meteorites) آہن آمیز سنگ آسمانی-مذکر
نیزک حدیدی ج نیازک حدیدي—

Aether, or Ether اثیر-اثیر ملیر (مذکر) اثیرالعالمی ملاۓ
اثیری-بعد مفطور-خلاۓ بحت-ع اکاس-ہ—

Air ہوا-ہواے کروی-ہواے محیط-کرۂہوائیہ یا ہوا-کرۂباد
طبقۂہوا-ہوا قدما کے نزدیک عنصر بسیط خیال کی جاتی
تھی لیکن اٹھارویں صدی کے وسط میں ثابت ہوا ہے کہ یہ
دو عنصر نیٹروجن (۴ حصص) اور آکسیجن (ایک حصہ)
سے مولف ہے جن کے ساتھہ قلیل مقدار میں بخارات آبی-
کاربان ڈائی اوکسائڈ (حامض کربونیک)-ارگن-گرد-
گندک کا تیزاب اور نوشادر بھي شریک ہیں—

Aladfar (al-ad-far) or Lyree الاظفار کا معرب-صورت
سلحفات یا شلیاق کا ساتواں روشن (اتہا) ستارہ—

Air-currents مجاری (واحد مجری) ہوائی-ہوائي رویں

Air-pump (see Antlia) مخراج الہوا-ایک جنوبی جدید
صورت (کوکبہ) کا نام—

Aish see Ursa Major (the Great Bear) دب اکبر یا بنات
نعش الکبریٰ کا قدیم نام—

ASTRONOMY.

A.

Aberration of light. انصراف نور- مغالطة الضو- ضلال الشعاع اختلاف الافادت (مذکر)—

Chromatic—— انصراف لونی

Diurnal—— " یومی

Spherical—— " کروی

Absorption of Light or Extinction of Light } امتصاص نور- انجذاب نور یا (انتفاے نور) مذکر

" Bands خطوط امتصاص- بندهائے امتصاص

Acceleration of the moon's mean motion تسرع حرکت قمر وسطی- سرعة حرکت قمریه- اسراع حرکت قمر مذکر و مونث—

Achernar or Acarnar } آخیرالنهر- بعض اِس کو السفی من النهر کهتے هیں- صورت (کوکبه) نهر کا ایک ستاره (انتباه- انگریزی لفظ عربی اخیرالنهر کا مخرب هے)

Achromatic (ak-ro-matic) مکسر- عدیم اللون (مونث) دوربین انعطافی کی ایک قسم جس میں عدسیات کو اِس طرح ترکیب دیتے هیں که جب کسی شے کی شبیه بنتی هے تو رنگ سے مجرد هوتی هے —

Actinometer (مذکر) میزان الشعاع (مونث) مقیاس الشعاع ایک آله جس سے آفتاب کی شعاعوں کی شدت و خفت حرارت کسی مفروض سطح پر کسی معین وقت میں معلوم کی جاتی هے- اس آله کو سرجان هرشل نے سنه ۱۸۲۵ ع میں ایجاد کیا—

Acolyte تابع- ج- توابع- ے- پیرو- ف- وه ضعیف النور ستاره جو کسی نهایت روشن ستارے کے ساته اسی سطح نظر میں دکهائی دے—

پروفیسر کریم احمد صاحب بی۔ اے ایم ٹی اور پروفیسر عزیز الرحمن صاحب ایم۔ ایس سی۔ نیز سید غلام ربانی صاحب کا بہت خلوص سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان صاحبوں نے وقت بے وقت دلی شوق سے ان اصطلاحات کی ترتیب وتصحیح اور پروفوں کے درست کرنے میں بہت بڑی مدد دی —

اورنگ آباد دکن — عبدالحق

۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ ع — سکریٹری انجمن ترقی اردو

پہلے میں بہت زحمت ہوتی تھی - فن علم نقادوں سے توقع ہے کہ اسے غور سے ملاحظہ فرمائیں اور جہاں کوئی سقم نظر آئے یا کوئی بہتر لفظ ملے تو اس سے اطلاع فرما دیں تا کہ طبع ثانی کے وقت اس کی اصلاح ہو سکے —

ہمیں اس کا بہت افسوس ہے کہ باوجود کوشش کے چھاپے میں بہت سی غلطیاں رہ گئیں اور آخر میں ایک غلط نامہ لگانا پڑا - ایک تو الفاظ اجنبی تھے دوسرے ان کی صحت بہت مشکل تھی اور بعض اوقات اصل میں غلطیاں تھیں جن کی تحقیق کے بعد اصلاح کی گئی

ہیئت اور نباتیات کی تمام اصطلاحیں انجمن نے بطور خود مرتب کرائی تھیں - نباتیات کی اصطلاحیں ہمارے مکرم دوست حاجی عبدالرحمن خاں صاحب فسٹ اسسٹنٹ امپیریل ایکونامک بوٹی نسٹ، پوسا نے میری درخواست پر اپنی خاص عنایت سے بڑی محنت کے ساتھ مرتب کیں - خاں صاحب موصوف ماہر فن بھی ہیں اور ادیب بھی - اور اس لئے جو اصطلاحیں انہوں نے وضع کی ہیں وہ زبان اور فن دونوں لحاظ سے موزوں ہیں - میں خاں صاحب کا اس موقع پر تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں - بعد میں دارالترجمہ نے بھی اس فن میں نیز ہیئت میں کچھ اصطلاحیں وضع کیں جن میں کچھ اختلاف تھا وہ ہم نے ضمیمہ میں درج کر دی ہیں تاکہ ناظرین ضرورت کے وقت دونوں کو نظر میں رکھیں —

میں مولوی عنایت اللہ صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کہ جب کبھی میں نے ان سے درخواست کی انہوں نے دارالترجمہ سے بہت مستعدی اور خوشی کے ساتھ اصطلاحات روانہ فرمائیں - لیکن وہ اس قدر بے ترتیب ہوتی تھیں کہ ان کی ترتیب اور تصحیح میں بڑی دقت ہوتی تھی - میں اپنے کالج کے پروفیسر محمد ابراہیم صاحب ایم-اے-پروفیسر وہاج الدین صاحب بی-اے بی ٹی-

رکھتے ہیں اور علم کو عام کرنا چاہتے ہیں اور حکیم سقراط کی طرح معاوضہ لیکر نہیں بلکہ کچھ دیکر بھی عامی سے عامی کو بھی سب کچھ جو ہمیں آتا ہے بتادینا چاہتے ہیں۔ ایک جرمن صرف نحو کے مؤلف نے اپنی کتاب میں اہل جرمنی کے متعلق اس قسم کا خیال ظاہر کیا ہے جو کم و بیش ہم پر صادق آتا ہے ——

"آج کل (سنہ ۱۹۰۸ کا ذکر ہے) یہ عام خواہش ہے اور کسی قدر نا معقول حدتک پہنچ گئی ہے کہ کوئی ایسا لفظ نہ استعمال کیا جائے جسے کوئی جرمن جو غیر زبانیں نہیں جانتا، نہ سمجھ سکے۔ نتیجہ یہ ہے کہ غیر زبانوں کے الفاظ کے بجائے جو لفظ استعمال کئے جاتے ہیں وہ اکثر ناگوار یا ثقیل ہوتے ہیں اور بعض اوقات ان کا کوئی جز غیر زبان کا ہوتا ہے۔ ایک بیرونی شخص کو یہ تحریک مصنوعی معلوم ہوتی ہے، اگرچہ اس کی محرک خالص حب وطن اور مادری زبان کا فخر ہے جو دوسری قوموں کے لوگوں میں نہیں پایا جاتا"——

اس کتاب کے پڑھنے والے کو کہیں کہیں یہ بھی نظر آئیگا کہ جو اصول ہم نے قائم کئے ہیں، اُن پرہم بعض اوقات عمل نہیں کر سکے۔ ہمیں اسکا اعتراف ہے۔ یہ پہلا مرحلہ اور ابتدائی کوشش ہے لیکن ہمیں قوی امید ہے کہ جو داغ بیل ہم نے ڈالی ہے آئندہ اسپر چلنے والے اُسے زیادہ ہموار اور صاف بنا لیں گے ——

یہ کتاب کی پہلی جلد ہے۔ باقی علوم کی اصطلاحات بھی تیار ہو رہی ہیں وہ بعد ازاں شایع ہو نگی۔ اس جلد میں بھی بعض علوم کی اصطلاحات مکمل نہیں ہیں۔ اس کی تکمیل پھر کسی وقت جب کتاب دوسری بار طبع ہوگی تو کر دی جائے گی جو کچھہ ہو چکا تھا اُس کا طبع کر دینا بہت ضروری تھا۔ کیو نکہ اکثر صاحبوں کا تقاضا تھا اور ضرورت کے وقت مولفین و مترجمین الفاظ لکھہ لکھہ کر پوچھتے رہتے ہیں اور ہمیں نقل کر کر کے

انگریزی	جاپانی
	ji - and اور jo - above بالا gaku - study مطالعہ یعنے مادی اشیا سے بالا علم
Taleology	Kobutsugaku ko - old قدیم butsu - thing شے gaku - study مطالعہ یعنے قدیم اشیا کا علم
Fossil	Kwaseki kwa - transformed منقلب seki - stone پتھر پتھر میں بدلا ہوا

گیس کو ہم نے بھی گیس ہی رکھا ہے - اُن کے ہاں بھی یہی ہے' ذرا تلفظ بدلا ہوا ہے - وہ گیسو کہتے ہیں —

یہی اہل روس کر رہے ہیں اور یہی اہل بوہیمیا کو کرنا پڑا کہ انہوں نے غیر ضروری جرمن الفاظ کو نکال باہر کیا - یونانیوں نے ترکی لفظ خارج کر دئے - ایرانی بھی کچھہ عرصے سے اپنی زبان کو پاک صاف کرنے کی طرف متوجہ ہیں اور اب ترکوں نے بھی اس طرف توجہ کی ہے - ورنہ سب یہی قومیں تھیں جو ہماری طرح غیر زبانوں کو بولنا اور غیر زبانوں کے الفاظ استعمال کرنا فخر سمجھتی تھیں —

بہت ممکن ہے کہ ہماری بعض ترکیبیں کانوں کو نامانوس اور اجنبی اور ذوق سلیم کو ناگوار گزریں گی اور بعض الفاظ اور اصطلاحیں اوپری اور مصنوعی نظر آئینگی - لیکن ہماری نہت نیک ہمارا اصول مستحکم ہے - ہم اپنے ملک سے محبت

(Stick Stuff) Stickstoff	جرمن	Nitrogen	انگریزی
(White of an egg) Eiweiss	"	Albumen	"

اسی طرح اهل جاپان نے بھی علمی اصطلاحات بہت عام فہم بنائی ہیں - نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات ریاست حیدرآباد دکن دو سال ہوئے جب جاپان کے تعلیمی نظام کے معائنہ کے لئے اُس ملک میں گئے تو انہوں نے وہاں علمی اصطلاحات کے متعلق تحقیق کی اور وہ بہت سی جدید اصطلاحات جو جاپانیوں نے وضع کی ہیں لکھہ کر لے آئے تھے - اُن کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے خاص طور پر اِن اصطلاحات کو بہت سہل بنایا ہے - مثال کے طور پر چند اصطلاحات یہاں درج کی جاتی ہیں —

انگریزی	جاپانی	
Hydrogen	Sui so	sui - واٹر پانی so - element عنصر
Carbon	Tanso	tan - Charcoal کوئلہ so - element عنصر
Carbohydrate	Tansuikwabutsu	tan - charcoal (carbon) sui - water (hydrogen) kwa - combination butsu - thing
Hydrodynamics	Suiryokogaka	sui - water پانی ryoko - power قوت gaku - study مطالعہ یعنے پانی کی قوت کا مطالعہ یا علم
Metaphysic	Keijijo - gaku	kei - shape شکل

میں ہم اس قدر آسانی پیدا نہیں کر سکے، اس لئے کہ اُن کی بہت سی اصطلاحات پہلے سے مروج ہیں اور ان کا بدلنا ممکن نہیں - مثلاً علم ہیئت کی کثرت سے ایسی اصطلاحیں ہیں جو عربی ہیں اور وہ بجنسہ (کسی قدر تلفظ کے فرق سے) یورپ کی تمام زبانوں میں رائج ہیں، اس لئے ہمیں ان کے مقابل وہی اصلی عربی لفظ لکھنے پڑے ہیں اور یہی ہونا بھی چاہئے تھا - تاہم ہماری کوشش یہ رہی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اس مشکل کو آسان کر دیں - اس زمانے میں جبکہ الٰہی حکومتیں تک عوام کی ہوگئی ہیں، تو کیوں علوم و فنون خاص فرقوں کے ہاتھ میں رہیں اور عام نہ ہو جائیں—

غیر زبانوں سے بعض الفاظ کا مستعار لینا ناگزیر ہے لیکن بلا وجہ اور خواہ مخواہ الفاظ مستعار لیتے چلے جانا تخئیل کی کمی اور قوت نطق کا ضعف ہے - بعض لوگ محض فیشن کے خیال سے، بعض سستی کی وجہ سے اور بعض علمی شان دکھانے کو غیر زبان کے الفاظ استعمال کرتے ہیں اور یہ سب اخلاقی اور دماغی ضعف کی دلیل ہیں - اپنے الفاظ استعمال کرنے میں (خواہ مرکب ہوں یا مفرد) ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ ایک غیر تعلیم یافتہ بھی آسانی سے انہیں سمجھ سکتا ہے - جن جن ممالک میں لوگ بیدار ہوتے جاتے ہیں یہ خیال عام ہوتا جا رہا ہے—

اہل جرمنی میں یہ تحریک سترھویں صدی سے شروع ہوئی اور اُس وقت سے انہوں نے اپنی زبان کو ناگوار غیر الفاظ سے پاک کرنا شروع کیا - اس کے لئے کئی انجمنیں قائم ہوئیں جن کا یہی کام تھا کہ وہ اس مسئلہ پر غور کریں اور اپنی اصل زبان کو ترقی دیں - قومی اتحاد کے ساتھ ساتھ اس تحریک کو بھی قوت ہوتی گئی - اس زمانہ کے جرمنوں کو اپنی زبان کی صفائی پر بڑا فخر ہے - اسی طرح انہوں نے علمی اصطلاحات بھی بہت سادہ بنا لی ہیں جیسے اُن کے ملک کا ہر شخص سمجھ سکتا ہے - مثلاً

اگرچہ پادریوں یا پروہتوں کا کوئی فرقہ نہیں ہے تاہم اُن پر بھی
اس کا اثر پڑا - جن لوگوں نے شروع شروع قرآن کا ترجمہ کیا وہ کچھہ کم
مردود ملعون نہیں سمجھے گئے تھے اور اگرچہ ان میں علم کے سکھانے
کے معاملے میں بہت روا داری تھی لیکن علوم کی تدوین کا جو
ڈھنگ پڑگیا تھا وہ ویسا ہی رہا خصوصاً جب علم غیر زبانوں
اور غیر قوموں سے حاصل کیا جاتا ہے تو اُس قسم کی دقتیں
اور بڑہ جاتی ہیں اور ان زنجیروں کا توڑنا آسان کام نہیں ہوتا —
حالانکہ علم ہی ایک ایسی چیز ہے جو نہ کسی کی وراثت
ہو سکتی ہے اور نہ کسی خاص فرقے کا حق ہوسکتا ہے اور افسوس
یہی بعض خاص فرقوں کے قبضے میں آکر روحانی اور دماغی
حکومت کا موجب ہوگی - اب ظاہر ہے کہ وہ زمانہ نہیں رہا تو
پھر کوئی وجہ نہیں کہ اس قدیم روایت کو جو دنیا میں
دوسرے بہت سے طلسم و ستم کے آلات کی طرح دماغی اور اخلاقی
ظلم کا ہتھیار تھی، قائم رکھا جاے - اس لئے ہم نے حتی الامکان
اس بات کی کوشش کی ہے کہ اصطلاحیں آسان اور عام فہم
بنائی جائیں اور ایسے مادوں سے وضع کی جائیں جو زبان میں
عام طور سے رائج ہیں - جگہ جگہ ہم نے ہندی ترکیبوں کو استعمال
کیا ہے تا کہ پڑھنے والے آسانی سے سمجھہ جائیں اور اشتقاق و
ترکیب میں کہیں اپنی زبان کے قواعد کو ترک نہیں کیا خواہ
لفظ عربی ہو یا فارسی یا کسی اور زبان کا - اُن اصول پر بحث
کرنے کا یہ موقع نہیں ہے البتہ چند لفظ بطور مثال کے لکھے
دیتے ہیں – مثلاً Ostracism (دیس نکالا) Autonomy (سوراج)
Anarchy (نراج)، Chemical combination (کیمیائی ملاپ)
Triquetrous (تدھارا) Tabescent (جھری دار)، Stuposeus
(تتلیہ) Uni Costate [اکرکا (اک + رکا)] Larva (پہلروپ)
Pupa } ملجھہ روپ)، Asexual (اجاتی) Gamosepalous
(مل پتیا) لیکن باوجود اس کے بعض علوم ہیں کہ ان

علمی شان قائم رہے۔ علمی شان اکثر دقیق ، ثقیل اور مرعوب کن
الفاظ میں سمجھی جاتی ہے اور اکثر اوقات صرف مشکل اصطلاحات
کا جان لینا ہی علم و فضل کا قائم مقام خیال کر لیا جاتا ہے۔
ہمیں اکثر ایسے لوگ ملیں گے جو محض اصطلاحات کی بدولت
عالم و فاضل اور صوفی سمجھے جاتے ہیں۔ یہ خیال اُس وقت کی
یادگار ہے جبکہ مذہبی پیشوا علوم کے بھی حامل تھے قدیم
ہندوستان میں ویدوں کے پڑھنے اور پڑھانے والے برہمن تھے۔ چند
اونچی ذاتوں کے سوا عام لوگ جو نیچ ذات کے سمجھے جاتے
ہیں ، وید پڑھنے کا حق نہیں رکھتے تھے۔ تمام عبادت اور رسوم
ویدھی کے الفاظ میں ادا ہوتی تھیں اور اب تک ایسا ہوتا ہے۔
یہی حال زمانہ وسطیٰ میں یورپ میں پادریوں کا تھا۔ انجیل
غیر زبان میں تھی ، عبادت غیر زبان میں ہوتی تھی۔ انجیل
زنجیر میں بندھی ہوئی میز پر رکھی رہتی تھی اور لوگ بطور
تبرک کے زیارت کر لیتے تھے۔ اپنی زبان میں ترجمہ کرنا حرام
تھا۔ شروع شروع میں ترجمے کرنے والوں پر بڑی بڑی سختیاں کی
گئیں اور انہیں مردود و مرتد سمجھا گیا۔ علم فضل بھی انہیں کے
ہاتھ میں تھا۔ گویا مذہبی پیشوا ہی علم کے بھی پیشوا تھے اور
وہ عام لوگوں کو اس قابل نہیں خیال کرتے تھے کہ مقدس کتاب
کی تعلیم حاصل کریں یا علم و فضل سیکھیں۔ وہ عام لوگوں کو
علم پڑھانا گویا انجیل کی اس آیت کی عدول حکمی سمجھتے
تھے کہ "اپنے موتیوں کو سوروں کے سامنے نہ ڈالو" عوام کالانعام
میں نہ اس کی صلاحیت تھی اور نہ اس کا حق رکھتے تھے۔
ایسی حالت میں علوم کو اور بھی مشکل بنایا جاتا تھا تا کہ
عام لوگ کچھ سمجھ ہی نہ سکیں۔ گویا یہ خاص اسرار تھے جو
سینہ بہ سینہ انہیں کو پہنچتے تھے جو اس کے اہل تھے۔ اُس
زمانے میں یہ دقیق اور ثقیل اصطلاحات ہی اُن کی شان علم
اور رعب فضل و کمال کو قائم رکھنے والی تھیں۔ مسلمانوں میں

وضع ہو سکتے ہیں - اسمیں بڑی بات یہ ہے کہ مصادر بنانے سے الفاظ مختصر بن جاتے ہیں اور اشتقاق میں آسانی ہوتی ہے —

۵ - اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ جو اصطلاحات قدیم سے ہمارے ہاں رائج ہیں اور اب بھی اسی طرح کارآمد ہیں، انہیں ہم نے برقرار رکھا ہے، اور ان میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی ہے —

۶ - ایسے انگریزی اصطلاحی الفاظ جو عام طور پر رائج ہو گئے ہیں یا ایسے لفظ جن کے اشتقاق مشکوک ہے یا ایسی اصطلاحیں جو موجدوں یا تحقیق کرنے والوں کے نام پر رکھی گئی ہیں، انہیں بدستور رہنے دیا ہے - کیونکہ نہ ان کا ترجمہ ہو سکتا ہے اور نہ ترجمہ کی ضرورت ہے - لیکن اس کے ساتھہ یہ بھی جتا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ بعض اصطلاحیں جو صحیح نہیں تھیں اور رائج ہو گئی تھیں یا جن سے اشتقاق و ترکیب کے رو سے آگے لفظ نہیں بن سکتے تھے، انہیں ترک کردیا ہے اور ان کی بجائے دوسرے الفاظ وضع کر لئے گئے ہیں - -

۷ - کہیں کہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ بعض انگریزی اصطلاحات اس قسم کی آگئی ہیں جو حال کی تحقیق سے صحیح نہیں رہیں - وہ الفاظ اُس وقت کی معلومات کے لحاظ سے تجویز کئے گئے تھے - چونکہ زبان میں ایک زمانۂ دراز سے رائج ہیں، اب ان کا بدلنا ناممکن ہے - لیکن ہم نے اپنی اصطلاحات میں انگریزی کی تقلید نہیں کی ہے اور ایسے الفاظ تجویز کئے ہیں جو جدید تحقیقات کے رو سے صحیح مفہوم ادا کرتے ہیں - گویا ایک طرح ہماری اصطلاحات زیادہ ترقی یافتہ ہیں —

اصطلاحات کے متعلق قدیم سے یہ ایک خیال چلا آرہا ہے کہ وہ مشکل اور خاص وضع کی ہونی چاہئیں اور جہاں تک عام بول چال سے بعید ہوں اُسی قدر زیادہ مناسب اور موزوں ہوں گی تاکہ عام الفاظ میں اور اُن میں امتیاز رہے اور التباس نہ ہونے پائے اور

نا موزوں نہ ہو دارالترجمہ جامعۂ عثمانیہ کے قیام سے یہ بڑی مشکل خود بخود رفع ہوگئی اور اس دشوار کام کی تکمیل کا بہت اچھا موقع مل گیا۔ اس کے بعد ہم نے یہ اصول قرار دئے —

۱ چونکہ اردو زبان کئی زبانوں سے مرکب ہے اس لئے اصطلاحات علمیہ کے لئے اِن سب زبانوں سے الفاظ وضع کرسکتے ہیں جن سے اردو زبان مرکب ہے۔ یعنی عربی، فارسی، ہندی، ترکی سے بلا تکلیف مدد لی جاسکتی ہے —

۲ الفاظ کے اشتقاق و ترکیب میں کسی خاص زبان کے قاعدے کی پابندی نہ کی جائے اور جو الفاظ مستعمل ہیں، اُن کی مثال کالعدم رکھا جائے اورجولفظ زیادہ موزوں معلوم ہواُسےاختیارکیاجائے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس غرض کے لئے ان میں سے کسی زبان کا بھی کوئی مادہ یا لفظ جو سہل اورموزوں ہو لے سکتے ہیں، لیکن اِن الفاظ سے اشتقاق یا ترکیب کے ذریعہ سے جو دوسرے الفاظ بنائے جائیں گے وہ اردو نحو کے قاعدے کے بموجب ہونگے۔ یعنی لفظ دوسری زبان سے لے سکتے ہیں لیکن اسکے نحوی قاعدے نہیں لے سکتے۔ کوئی زبان ایسی نہیں جسمیں دوسری‌زبانوں‌سےالفاظ مستعار نہ لئے گئے ہوں مگر جب اُن‌سے افعال‌یا صفات یا مرکب الفاظ بنائے جاتے ہیں تو عموماً اپنے ہی نحوی قاعدے استعمال کرتے ہیں —

۳ – حتی‌الامکان مختصر الفاظ وضع کئے جائیں جو اصل مفہوم یا اس کے قریبی معنوں کو ادا کرسکیں —

۴ – اسی ضمن میں یہ امر بھی عملی طور پر طے‌ہو گیا کہ جس طرح اگلے زمانے میں اپنی زبان یا غیر زبانوں کے اسماسے مصادربنالئے جاتے تھے (مثلاً، بدلنا، تھولنا، بخشنا وغیرہ) اسی طرح اب بھی ضرورت کے وقت اسما سے افعال بنالینا جائز ہے۔ چنانچہ اسی اصول پر برق سے برقانا اور دوسرے مصادر بنا لئے گئے —

یہ بہت بڑی اصلاح ہے اور اس سے آیندہ نہایت کار آمد الفاظ

جمعی سے اس کام کو انجام دے۔ اس لئے اس کام میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوی اور جو کچھہ تھوڑا بہت کام ہوا بھی تو وہ بہت ناقص اور نا مکمل۔ آخر انجمن ترقی اردو نے اس کے بعض بعض تجویز کی، پہلے مختلف علوم پر کتابیں لکھوائی جائیں اور ساتھہ ھی ساتھہ اصطلاحات مدون کی جائیں۔ یہ طریقہ بہت معقول تھا مگر کافی سامان نہ ہونے کی وجہ سے کام کی رفتار بہت سست رھی۔ خوش نصیبی سے اسی زمانے میں حیدرآباد دکن میں یونیورسٹی قائم کرنے کا خیال پیدا ہوا اور دکن کے بیدار مغز فرمانروا نے تمام یونیورسٹی کی منظوری عطا فرمای۔ چونکہ اس یونیورسٹی میں ذریعۂ تعلیم اردو زبان قرار پایا تھا، لہذا یونیورسٹی سے پہلے ایک دارالترجمہ قائم کیا گیا تاکہ وہ نصاب تعلیم کے لئے مختلف علوم و فنون کی کتابوں کا ترجمہ شروع کردے۔ حسن اتفاق سے دارالترجمہ کی نظامت بھی انجمن ترقی اردو کے سکرٹری کے تفویض کی گئی۔ اور اس دیرینہ تمنا کے پورے ہونے کا سامان غیب سے ہو گیا۔ چنانچہ اصطلاحات کا یہ مجموعہ جو اس وقت پیش کیا جارھا ھے انجمن ترقی اردو اور سررشتۂ تالیف و ترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی کی متفقہ کوشش کا نتیجہ ھے —

یہاں اس امر کا بیان کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ھے کہ اصطلاحات کے وضع کرتے وقت کون سے اصول ھمارے پیش نظر تھے —

سب سے پہلا خیال یہ تھا کہ اصطلاحات کے وضع کرنے کے لئے ماھران زبان اور ماھران فن دونوں کا یکجا ہونا ضرور ھے۔ کیونکہ ایسے اصحاب کا ملنا جو ماھر فن بھی ہوں اور ماھر زبان بھی، نہایت مشکل ھے۔ اصطلاحات کے بنانے میں دونوں پہلوؤں کا خیال رکھنا لازم ھے، تا کہ جو اصطلاح بنائی جائے وہ زبان کے سانچے میں بھی ڈھلی ہو اور فن کے اعتبار سے بھی

دیباچہ

جو ملک ترقی یافتہ ہیں یا جہاں علم کا شوق ہے، لوگ اپنے پیشوں اور فنوں میں نئی نئی باتیں پیدا کرتے ہیں، علمی تحقیقاتیں کرتے ہیں، اپنے شوق اور محنت سے یا ضرورت سے ایسی ایسی جدتیں کرتے ہیں جن سے ایک دنیا میں انقلاب پیدا ہو جاتا ہے۔ انہیں علمی تحقیقاتوں کے ضمن میں خود بخود نئے نئے لفظ اور اصطلاحیں بنتی اور رواج پاتی ہیں اور کتابوں سے زبانوں پر جاری ہو جاتی ہیں۔ ہمیں جب ہوش آیا تو بعض پر جوش اور ہمدرد اہل علم نے اپنے ملک میں اشاعت علم اور اپنی زبان کو ترقی دینے کا بیڑا اٹھایا اور ترجمانی یا تالیف کے ذریعہ سے اس خدمت کو انجام دینا شروع کیا۔ لیکن قدم قدم پر مشکلات کا سامنا تھا۔ ہر فن اور ہر علم میں اس کثرت سے نئے لفظ اور نئی اصطلاحیں نظر آئیں کہ ہماری بے بضاعت زبان ان کی متحمل نہ ہو سکی اور نتیجہ یہ ہوا کہ اکثر باہمت اصحاب کا، جنہوں نے بڑے شوق سے کام شروع کیا تھا، جی چھوٹ گیا۔ عام قاعدہ یہ ہے کہ پہلے زبان ہوتی ہے اور اس کے بعد لغت، اول علوم کی تدوین ہوتی ہے اور اس کے بعد اصطلاحات کی ترتیب۔ لیکن ہمیں اپنی بد نصیبی سے اس کا برعکس اور غیر فطری طریقہ اختیار کرنا پڑا۔ یعنی پہلے اصطلاحات کی لغت ترتیب دینی پڑی تا کہ مترجمین اور مولفین کو سہولت ہو اور ان کے کام میں یکسانی پائی جائے۔ لیکن اس کے لئے وافر سرمایہ اور ایک مستعد اور ذی علم جماعت کی ضرورت تھی جو خاطر

LIST OF CONTENTS

فرہنگ

اصطلاحات علمیہ

مرتبۂ

انجمن ترقی اردو اورنگ آباد - دکن

سنہ ۱۹۲۵ع میں

باہتمام

محمد صدیق حسـ منـ

ن اُردو پریس ۱۲

میں چھپ